وہ کسی فیصلے پر پہنچ کر سیدھی کھڑی ہوگئی۔ اور چند قدم بے
آواز چل کر سُہا کے قریب جا کر کھڑی ہوئی، اور پھر اسے چھیڑ چھیڑ
کے مجبور کردیا کہ وہ بالکونی کی منڈیر پر کود جائے۔ سُہا جیسے
نوشین کے فیصلہ سے باخبر ہوگئی تھی، اس نے بہتر جانا کہ اپنی
چھوٹی سی کوٹھری میں جاکر پناہ لے، لیکن اس کا دروازہ نوشین
پہلے ہی مقفل کرچکی تھی۔ بے چاری بلی پست ہوکر دروازے کے
آگے بیٹھ گئی۔ ایک سکنڈ بھی نہ گزرا تھا کہ اسے یہ جگہ چھوڑنے پر
بھی مجبور ہونا پڑا۔ کیونکہ مالکہ اس تنگ سی جگہ میں نہایت
تیزی سے چہل قدمی فرما رہی تھیں جو بلی کی کوٹھری، اور
ڈیوڑھی کے درمیان واقع تھی۔ سُہا پھر اُلٹے قدموں چل کر
بالکونی میں آگئی اور وہاں سے جست لگا کر بالکونی کی منڈیر پر
چڑھ گئی۔

نوشین کو جیسے اب بھی صبر نہ آیا ہو ـــــ اس نے سنگترہ
کھاتے کھاتے دیوار کی طرف اس طرح اُچھال دیا کہ اگر بلی کود
کر نیچے نہ آجائے تو کھڑکی سے باہر تھی ـــــ سُہا پھر اسی طرح
دروازے کے پاس آکر بیٹھ گئی۔

نوشین بے حس و حرکت کھڑی آسمان کی لامحدود وسعتوں
کو تک رہی تھی، اس کی پُشت بلی کی طرف تھی۔ سُہا بھی
ہوئی اسے تک رہی تھی۔ فرطِ خوف سے اس کا سانس تیز تیز
اور ناہموار چل رہا تھا۔ وہ اُٹھی، دو تین بار اس نے
اسی تنگ جگہ کے چکر لگائے۔ بند دروازے سے سر ٹکرا کر
اسے کھولنا چاہا۔ زمین کریدتی رہی۔ لیکن نوشین پر ان تمام
حرکات کا جیسے کوئی اثر ہی نہ تھا ـــــ معصوم جانور اب کاملاً
مقید تھا۔

تھکان اور خوف و ہراس اس کے چہرے سے ظاہر تھا۔ تین چار
بار نہایت خفیف آواز میں میاؤں، میاؤں کی صدا بمشکل
اس کے حلق سے نکلی ـــــ لیکن وہ بھی صدا بصحرا ثابت ہوئی۔
رہائی کی مزید کوشش کے خیال سے سُہا وہاں سے پھر بالکونی
میں آگئی۔ لیکن اس کے عقب میں ہی نوشین بھی جلدی سے آگئی
اس کا رنگ فق تھا۔ لیکن ظاہر یوں کر رہی تھی گویا اس تمام
ناٹک سے اسے کوئی دلچسپی یا تعلق نہیں ہے اور اسی انداز کو
برقرار رکھنے کے لیے اس نے لاپرواہی سے زیرِ لب گنگنانا
شروع کردیا اور پھر جلد ہی اسی لے کے ساتھ تیز تیز قدم اٹھانے
لگی ـــــ نزدیک تھا کہ بلی اس کے قدموں تلے کچلی جاتی
سُہا اُٹھی اور کافی جدوجہد کے بعد ایرج کے دفتر کے بند
دروازے تک پہنچنے میں کامیاب ہوگئی۔

معصوم بلی اس تمام تگ و دو کے بعد اس قدر لاچار
اور عاجز ہوچکی تھی کہ اس نے ارادہ کرلیا اب چاہے مر جائے
لیکن آواز نہ نکالے گی۔ نوشین یہاں بھی اسی لاپرواہی اور تیزی
سے کاریڈار میں آ جا رہی تھی۔

دفعتاً سُہا نے دیوار پر جست لگائی کیونکہ قریب تھا کہ نوشین
کے پاؤں اس کے سر کو کچل ڈالتے اور اس سے پیشتر کہ نوشین کے

ہاتھ سہا کو بالکونی سے نیچے گہرائیوں میں پھینکتے سُہا کود کر بالکونی کے فرش پر آ گئی اور راہ فرار حاصل کرنے کے لئے بار بار برآمدے میں سُہا اِدھر سے اُدھر اور اُدھر سے اِدھر دوڑنے لگی۔
غریب بلی، اس کی آنکھیں متواتر حریف پر لگی تھیں۔ لیکن ان میں نہ غصہ تھا نہ شکایت، بس خوف جان اور شدید اضطراب۔ یہی خیالات اس ننھی سی جان کو ہلاک کئے دیتے تھے۔ اس کے پنجے خوف و دہشت کے باعث پسینے میں غرق تھے اور ان کے نشان گل بوٹوں کی شکل میں فرش پر بنتے جا رہے تھے
اور پھر ایسا ہوا کہ نوشین تھک کر ایک جگہ کھڑی ہو گئی اس کا استقلال اور ظاہری اطمینان سب رخصت ہو چکا تھا ــــ بے خیالی میں اس کی نظریں غروب ہوتے ہوئے آفتاب کی طرف اٹھ گئیں۔ اس نے کلائی پر بندھی گھڑی دیکھی۔ اور باورچی خانے سے آتی ہوئی برتنوں کی پُرشور آواز کو غور سے سُننے لگی۔ اس کی حالت ایسی تھی جیسے کسی طویل مہیب خواب سے بیدار ہوئی ہو۔ نہایت خستہ، بے حال، اور پژمردہ۔
سُہا نے محسوس کیا کہ حریف نے میدان چھوڑ دیا۔ اس نے اطمینان کا سانس لے کر اپنے جسم کو ڈھیلا چھوڑ دیا۔ اور آنکھیں بند کر لیں۔ راحت کا یہ احساس چند سکنڈ ہی قائم رہا ہو گا کہ نوشین کے بے رحم ہاتھوں نے بلی کو زمین سے اٹھا کر یک لخت فضائے بے کراں میں چھوڑ دیا۔ ایک دلخراش چیخ بلی کے منہ سے نکل کر فضائی وسعتوں میں گم ہو گئی۔ نوشین نے بالا خانے سے نیچے جھانک کر دیکھا۔ گھاس اور پھولوں کے تختے کے درمیان بدنصیب بلی پڑی ایڑیاں رگڑ رہی تھی۔ نوشین پیچھے ہٹ آئی اور برآمدہ کی جانب پشت کر کے کھڑی ہو گئی۔
لیکن اس طرح بلیاں مرا نہیں کرتیں ــــ ایرج نے سُہا کو زخمی اور نالاں عمارت کے عقب میں پا لیا۔ اسے خیال ہوا کہ شاید غلطی سے چھلانگ لگاتے ہوئے نیچے گر گئی ہے۔
وہ اُسے اُٹھا کر اپنے سونے کے کمرہ میں لے آیا اور میز پر لٹا دیا۔
اسی رات بلی ایرج کے سامنے میز پر لیٹی اس سے کھیل رہی تھی۔ نوشین نے چند مرتبہ کوشش کی کہ اسے منائے۔ اور راضی کر لے، نہایت ..... نرمی سے اس کے سر پر ہاتھ پھیرنا چاہا ــ لیکن جوں ہی اس کا ہاتھ بلی کے نزدیک پہنچا، سُہا نہایت غضبناک آواز میں چیخی اور اپنے پنجے اس کے ہاتھ پر مار دئے۔ نوشین "تکلیف کی شدت سے چیخی۔ جیسے کسی کا ہاتھ راکھ میں چھپی چنگاری پر پڑ جائے ــــ وہ ڈر کے پیچھے ہٹ گئی۔ کیونکہ بلی اپنی پچھلی ٹانگوں سے میز پر کھڑی ہو چکی تھی، اس کے جسم کے بال لوہے کے تار کی مانند سخت اور کھڑے ہو چکے تھے۔ دانت نکالے وہ رقیب سے اپنا انتقام لینے کے لئے تیار تھی
" ایرج کھڑا ہو گیا اور سُہا اور نوشین دونوں کو بچانے کے لئے تیار ہو گیا۔ نوشین ہوشیار، بلی شاید پاگل ہو گئی ہے "
اور پھر سُہا کو نہایت پیار سے پکارا "سُہا، سُہا رانی!
نوشین نے تند نگاہوں سے اپنے شوہر کی نظروں سے نظریں ملائیں۔ ان نگاہوں میں اصل حقیقت جھانک رہی تھی
ـــ "رقابت" ـــ
ایرج جیسے ان نگاہوں کو سمجھ گیا۔ اس نے پوچھا :-
"کیا بات تھی نوشین، تم نے اس کے ساتھ کیا کیا ہے آخر جس کی وجہ سے یہ تم سے ناراض ہے؟"
"میں نے کچھ نہیں کیا" جواب تھا
ایرج نے کہا "ناممکن ہے، میں یقین نہیں کرتا۔ اچھا ذرا پھر تو اپنا ہاتھ اس کے پاس لاؤ" نوشین نے انکار کیا۔
"نہیں، میں نہیں لگاتی ہاتھ اسے شاید پاگل ہو گئی ہے"
ایرج ہمت سے اپنے ہاتھ سے سُہا کی پُشت اور سر سہلانے لگا۔ بلی کی درشتی اور خفگی کم ہو گئی۔ بال جو سیدھے کھڑے تھے، اپنی اصلی حالت پر آ گئے۔ وہ اس مانوس ہاتھ کی گرمی محبت

اور لمس کو خوب پہچانتی تھی - لیکن اس کی نگاہیں بدستور نوشین
کی جانب آتش بار تھیں -

ایرج نے پھر آہستہ سے کہا " ناممکن ہے " اور ایک
دم وہ چونک پڑا :-

" اوہ ، سر کی جلد پر خراشیں بھی ہیں ، میں نے
دیکھا ہی نہیں ، یہاں تو خون بھی جما ہوا ہے - "

اور پھر جب اس نے بلی کی زرد آنکھوں میں غصے کا طوفان بکھا
تو ساری حقیقت مجسم ہو کر سامنے آگئی ، اس نے چمکارا -
صبر کر سہا صبر — بس اب آرام کرو غصہ تھوک دو - !
پھر ایک دم اس کی نگاہیں فرش زمین کے اس ٹکڑے پر جم
گئیں ، جہاں ایک تنگ سی جگہ میں غیر منظم طریقے سے ایک دائرے
کی شکل میں کچھ نشان تشکیل پا گئے تھے اور جو ابھی تک نمناک
تھے — وہ چونک کر بولا — یہ کیا ہے —؟ ہائیں
اس کے پنجے بھی تر ہیں — ! نوشین نے بلی کی تیز نگاہوں میں
پھر اپنے لئے غصے اور نفرت کی چنگاریاں سلگتی دیکھیں - بولی -

" کہاں — ہاں یقیناً یہ نامراد پانی میں سے ہو کر
آئی ہے - "

ایرج نے تردید کیلئے سر ہلایا — نوشین نے
پھر کہا :-

تو مجھے کیا معلوم ، تمہارا اس سب سے مطلب
کیا ہے آخر ؟ کیا ان واہیات باتوں پر مجھ سے
جھگڑا کرنا چاہتے ہو ؟ -

ایرج نے اپنا سر اوپر اٹھایا - اور سوچتے ہوئے بولا - " پانی
میں — کون سے پانی میں — کہاں ہے پانی — اس کے
بعد بیوی کی طرف نگاہ کی — غم و غصہ سے اس کا چہرہ تمتما
اٹھا تھا - درشتی سے بولا :-

تمہیں نہیں معلوم یہ نشان کیسے ہیں ؟ نہیں تم بھلا
کیا جانو — یہ خوف و ہراس کے نشان ہیں سمجھیں ، خوف کے -
یہ پسینہ کے نشان ہیں - بلی کے پسینہ کے ، اور یہ پسینہ تب آتا ہے
جب بلی بے حد خوفزدہ اور سہمی ہوئی ہو - بس معلوم ہو گیا کہ بلی
تم سے ڈری ہوئی ہے - "

اس کے بعد آہستہ سے سہا کے پنجے اپنے ہاتھ میں لیکر
دیکھنے لگا - اس کے ناخن دیکھے جو تمام ٹوٹے ہوئے تھے اور پھر
گویا اپنے آپ سے بولا :-

" تمام ناخن ٹوٹ گئے ہیں ، اس نے ناخن
دیوار کے پتھروں میں گاڑ کے توڑے ہیں "

بات ادھوری ہی چھوڑ کر اس نے بلی کو گود میں اٹھا لیا اور
غسل خانہ میں چلا گیا - اسے صاف کیا کھانا کھلایا اور اس کے
بعد اسے سلا کر نوشین کے پاس سونے کے کمرہ میں واپس آگیا اور بولا

" نوشین ، میری جان ، بتاؤ - اگر سہا کے
علاوہ کوئی دوسری بلی میرے پاس ہوتی تو تم
اس سے بہتر سلوک کرتیں نا ؟ "

" یقیناً ، کیونکہ تم بھی اسے سہا کی مانند عزیز نہ رکھتے -
ایرج نے اقرار کیا کہ " یہ سچ ہے "

نوشین کا غصہ ایک دم آسمان پر جا پہنچا ، پہلے سے
زیادہ ترشی سے بولی :

یہاں تک کہ کسی عورت تک کو — کسی عورت تک کو -
— تم اتنا نہیں چاہتے — "

ایرج نے کہا " ہاں یہ بھی ٹھیک ہے "

نوشین بولی " تم ان مردوں میں سے نہیں ہو جو جانور
کو محض جانور سمجھ کر پالتے اور محبت کرتے ہیں — تم تو سہا
کے عاشق ہو عاشق - "

ایرج نے جواب دیا " میں نے کبھی تم سے یہ بات پوشیدہ
نہیں رکھی - لیکن اس کے ساتھ ہی جب میں نے یہ کہا تھا کہ سہا

تمہاری رقیب ہرگز نہیں ہے، تو یہ بھی غلط نہ کہا تھا۔ اور یہ
یہ کہہ کر نوشین کی آنکھوں میں جھانکا۔ گویا اس طرح اپنی پاکیزگی
اور طہارت کا یقین دلانا چاہتا ہو ــــ لیکن نوشین کو جیسے
یقین نہ آیا۔ اسی زہرآلود لہجہ میں بولی :۔

"وہ میری رقیب ہے، یہ میں خوب جانتی ہوں"

اس کا چہرہ سُرخ ہوگیا۔ دل کی آگ الفاظ بن کر زبان پر
آگئی۔ تیزی سے ایرج کی طرف مڑی اور چیخ کر کہا :۔

"آج ہی صبح میں نے تمھیں دیکھا ــ سورج نکلنے
سے پہلے میں نے تم دونوں کو دیکھا"

لرزتے ہوئے ہاتھ سے ڈرائنگ روم کی طرف اشارہ کرتے
ہوئے بولی :۔

"وہاں، تم دونو باہم بیٹھے تھے ــ اس قدر
محو کہ میری آمد بھی تمھیں ہوشیار نہ کرسکی۔ صوفے پر
اس طرح تم دونو لیٹے تھے جیسے ایک دوسری میں
مدغم ہو جاؤ گے ــــ اور پھر تم کہتے ہو کہ وہ میری
رقیب نہیں ہے ــــ ہونہہ"!

اس کے بعد اپنے تئیں تازہ دم کرنے کی خاطر دریچے میں گئی۔ اور
طویل ٹھنڈی سانس لے کر ایرج سے کہا :۔

"اب بتاؤ، کیا میں حق بجانب نہیں ہوں کہ اس بلی سے نفرت
کروں! کیا مجھے حق نہیں کہ تمہاری ان حرکتوں پر اپنا دل خون
کروں! کیا مجھے اس آگ میں جلنے کی بھی اجازت نہیں، جو تم دونوں
نے میرے لئے مہیا کی ہے ــــ"

ایرج اس پورے عرصہ میں اس قدر خاموش اور ساکت بیٹھا رہا
کہ ایک لفظ بھی اس کی زبان سے نہ نکلا۔ نوشین دوبارہ
چراغ پا ہوگئی۔

"اب تم منہ سے کچھ کہو گے بھی یا یونہی بت کی طرح بیٹھے رہو گے
اب چپ کیوں ہو ہوتے کیوں نہیں؟"
اب تب سارے حجاب اٹھ گئے تو آخر کس چیز کے منتظر ہو؟

ایرج بولا "اس کہانی کے باقی حصہ کا منتظر ہوں ــــ اس
کے بعد کیا ہوا ــــ" اس کے بعد آہستہ سے اُٹھا اور بیوی کے
پاس جاکر کھڑا ہوگیا۔ اور انگلی سے کھُلی کھڑکی کی طرف اشارہ
کرکے بولا "تو یہ تم تھیں۔ تم نے اس کو کھڑکی سے نیچے پھینکا۔ اس
کا میں تصور بھی نہیں کرسکتا تھا کہ اتنی ذلیل حرکت بھی تم سے
سرزد ہوسکتی ہے ــــ"

نوشین مسہری کے دوسری طرف ہوگئی لیکن انکار جرم کی جرأت اسے
نہ ہوسکی۔ ایرج نیم تبسم کے ساتھ اس کے بچاؤ کی تدبیر دیکھتا رہا "تم نے
اسے نیچے پھینکا ــ اس معصوم بے زبان بے گناہ جانور سے تم
نے انتقام لیا ــ اب میں اچھی طرح جان چکا ہوں کہ تم ہم دونوں کی
پُرسکون زندگی میں طوفان بن کر آگئی ہو ــ تم نے میرا سکون
غارت کردیا ہے ــ ننھی سی جان کے ناخون دیوار سے رگڑ رگڑ کر
ٹوٹے ہیں۔ آہ اس نے اپنے بچاؤ کے لئے کس قدر کوشش کی ہوگی

اس کے بعد گردن نیچے کرکے گویا اس منظر کو مجسم کرنے کی کوشش
کرتے ہوئے بولا "لیکن تم نے اسے کس طرح نیچے پھینکا۔ کیا گردن
سے پکڑ کر پھینکا تھا ــ جب وہ بالکنی کی دیوار پر لیٹی ہوئی تھی تم نے
غافل جان کر اسے پکڑ لیا ــ یا پہلے سے کوئی نقشہ تمہارے ذہن میں
تھا ــ اس سے پہلے تو تم دونوں میں لڑائی نہیں ہوئی تھی۔

اس نے سر اُوپر اُٹھایا اور نوشین کے ہاتھ اور بازو پر بلی کے پنجوں
کے نشان تلاش کرنے لگا "نہیں تمہارے بدن پر کوئی خراش تک نہیں ہے
واقعی بلی کی عالی ظرفی میں کوئی شک نہیں، وہ چاہتی تو تمہارا حلیہ بگاڑ
سکتی تھی، اور یہ حقیقت تمھیں اسوقت خوب روشن ہوگئی ہوگی جب تم نے اس
کے سر پر ہاتھ پھیرنا چاہا تھا۔

ایک اندیشہ ناک نگاہ اس نے نوشین پر ڈالی اور پھر لامتناہی آسمان پر
بکھرے ہوئے ننھے ننھے ستاروں کو دیکھتے ہوئے کامل سکون و استقلال کے
لہجے میں بولا "اب میرے لئے اس گھر میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ میں اور تنہا
یہاں سے ہمیشہ کیلئے رخصت ہوتے ہیں۔ خدا حافظ!!

(فارسی)

حافظ شیرازی

لسان الغیب خواجہ حافظ شیرازی رح سے ہند و ایران کا کون متنفس نا آشنا ہے اور کس صاحبِ ذوق کی زبان پر آپ کے اشعار رواں نہیں۔ آپ کی غزلیں مایوسوں کو ہمت بندھانے اور دنیا میں خوش و خرّم زندہ رہنے کی تلقین کرتی ہیں حسن و رنگینی ظرافت و لطافت کے ساتھ استعارات کی خوبی تشبیہات کی رنگینی۔ مضامین کی ندرت و روانی قابلِ استفادہ ہے حسن کی نقشہ کشی۔ محبت کی دلآویزی۔ نفسی کیفیات۔ شریعت و طریقت کے رمز، جس خوبی سے آپ نے بیان فرمائے ہیں، اس کے لئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ آپ مشرق کے قادر الکلام زمزمہ نگار ہی نہ تھے، بلکہ فطری جذبات کے مصور بھی تھے۔ آپ حسن، عشق اور شراب ناب کے متوالے ہی نہیں، بلکہ وحدت و حقیقت کے بڑے مبصر بھی تھے آپ کی شہرۂ آفاق فارسی غزلوں کا اُسی بحر و قافیہ میں اُردو منظوم ترجمہ حضرت مولوی احتشام الدین صاحب حقی ایم، اے علیگ نے بڑی خوبی سے کیا ہے۔ اگر آپ کی پسند خاطر ہوا تو آئندہ بھی پیش کیا جائے گا۔

"صلاح کار کجا و من خراب کجا"

صلاحِ کار کجا و من خراب کجا
ببین تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا

چہ نسبت ست برندی صلاح و تقوی را
سماع وعظ کجا، نغمۂ رباب کجا

بشد زیاد خوشش یاد روزگار وصال
خود آن کرشمہ کجا رفت و آن عتاب کجا

دلم ز صومعہ بگرفت و خرقۂ سالوس
کجاست دیر مغان و شراب ناب کجا

ز روی دوست دلِ دشمنان چہ دریابد
چراغ مردہ کجا شمعِ آفتاب کجا

بہ بین بہ سیب زنخدان کہ چاہ در راہست
کجا ہمی روی ای دل بدین شتاب کجا

چو کحلِ دیدۂ ما خاک آستانِ شماست
کجا رویم بفرما ازین جناب کجا

قرار و خواب ز حافظ طمع مدار ای دوست
قرار چیست! صبوری کدام و خواب کجا

"صلاح کار کہاں یہ دلِ خراب کہاں"

صلاحِ کار کہاں، یہ دلِ خراب کہاں
ہے فرق دو فاصلوں میں کہاں سے تابہ کہاں

صلاح و تقویٰ کو رندی سے کیا بھلا نسبت
خراشِ وعظ کہاں نغمۂ رباب کہاں

تصورِ شبِ وصلت میں دن کو بھول گئے
کہ وہ کرشمہ کہاں اور وہ اب عتاب کہاں

پناہِ خانقہ اور خرقۂ ریائی سے
کدھر ہے دیر مغاں اور شراب ناب کہاں

جمالِ یار سے روشن ہو کیا ضمیر عدو
چراغ مردہ کہاں شمعِ آفتاب کہاں

نہ ڈر سیب زنخداں یہ چاہ بیچ میں ہے
ذرا تو ٹھہر! چلا دل بایں شتاب کہاں

مجھے تو سرمہ ہے مٹی تمھاری چوکھٹ کی
میں جاؤں چھوڑ کے اس در کو لے جناب کہاں

قرار و خواب کا حافظ یہ کچھ گماں نہ ہو
قرار کیسا، کسے چین، اور خواب کہاں

از سید عظمت علی رضوی

ہندوستانی سنگیت

ہمارا ہندوستان کبھی سارے ایشیا میں اپنی منفرد حیثیت کا مالک تھا۔ جس کا پرچم رعنائی بیرونی ممالک کو اپنی خصوصیاتِ گوناگوں کے باعث دعوتِ نظر دیتا تھا جس کے ادبی دھارے بحیرۂ عرب۔ خلیج فارس اور بحیرہ اسود سے آگے بڑھ کر دریائے ٹمیس میں گرتے تھے۔ سنہ ۶۲۳ء اور اس سے قبل کا زمانہ ہمارے ادبی اور فنی تحقیقات کے عروج کا زمانہ تھا۔ غیر ممالک ہمارے آرٹ کو سیکھنے کے شوق میں ہم سے تجارتی اور فرہنگی تعلقات قایم کرنے کے لئے مضطرب اور ہمارے علماء اور عقلاء کو اپنے یہاں بلانے کیلئے بے چین تھے۔ بقول موسیو شیفر ہماری تجارت کا یہ عالم تھا کہ ایک شیر ببر کے بدلے تین ہزار تھان کپڑے کے بہت خوشی سے ملتے تھے خطائی نامہ میں جس کا ترجمہ موسیو شیفر نے کیا ہے۔ لکھتا ہے کہ سنہ ۸۵۰ء میں ہندوستان کی تجارت بہت بڑے پیمانہ پر کشمیر، ختن اور منگولیا کے راستہ سے ہوتی تھی اور خلیج فارس سے چین اور ہندوستان کی پیداوار براہِ راست سمرقند آتیں۔ پھر وہاں سے حلب اور دمشق وغیرہ بھیجی جاتیں۔ عمان اور بحرین کے راستہ سے بھی قیمتی اشیاء مثلاً جواہرات وغیرہ بیرونی ممالک کو جاتے۔ اس صورت میں ہمارا ہندوستان انبساط و خوشحالی کا سرچشمہ تھا۔ ہر فرد غمِ فردا سے آزاد تھا۔ محبت اور خلوص کا ایک دریائے ناپیدا کنار تھا جس میں صحرا بازانِ محبت کی کشتیاں۔ حسینانِ شوخ و شنگ کے پہلو بہ پہلو تیرتی تھیں۔ مجسمہ سازی۔ سنگیت۔ نقاشی علم نجوم۔ ہندسہ۔ طب اور محبت کے فلسفہ کا گہوارہ تھا، یہی وجہ تھی کہ ایران کے نوشیروانِ عادل جیسے بادشاہ نے جنکے دربار میں بڑے بڑے فلسفی موجود ہوں اور بزرگمہر جیسا وزیر اعظم رکھتا ہو، وہ بھی ہندوستان سے ثقافتی تعلقات رکھنے پر مجبور تھا اور ہندوستانی ادب کا وہ شاہکار جس کا نام پنج تنتر تھا حاصل کر کے اپنی حکومت کے افراد کے دماغوں کو ایک خاص تربیت کا عادی بنا دیا۔ دوسرے علوم و فنون سے قطع نظر کر کے میں اس وقت تھوڑی روشنی ہندوستانی موسیقی (سنگیت) پر ڈالنا چاہتا ہوں۔

ہندوستان کو جہاں دیگر علوم و فنون میں دوسری ملکوں کا اُستاد ہونے کا فخر ہے، وہاں سنگیت میں سو فیصدی دُنیا کا اُستاد مان لیا گیا ہے۔ یہ تعلّی نہیں بلکہ ایک زندہ حقیقت ہے جس کے چند وجوہات ہیں۔

ہندوستان کی قدیم تاریخوں اور مذہبی کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں ایشور بھگتی یعنی عرفان حاصل کرنے کا ذریعہ موسیقی پر قایم ہے، اس لئے ظاہر ہے کہ ایک مذہبی ملک میں جس کا طریقۂ عبادت موسیقی ہو، کیوں نہ درجۂ کمال کو پہنچے۔ کہا جاتا ہے کہ یہاں سب سے پہلے استوتی (پرارتھنا) مہا دیو جی نے کی، جواب بگڑ کر بھجن کہلاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج تک جتنے بھی مصلح ہوئے ہیں، انھوں نے ایشور کی محبت سے متاثر ہو کر اپنی استعداد کے مطابق سنگیت میں جدت پیدا کی جس کے سبب سے آج وہ ایک ناقابل تردید آرٹ کی صورت میں

موجود ہے اور یہی نہیں کہ اس سے صرف اہلِ ہنود ہی نے فائدہ اُٹھایا بلکہ مسلمانوں کے بڑے بڑے علماء اور صوفیائے عظام نے بھی اس سے استفادہ کیا مثلاً بانسری کی دھیمی، رسیلی اور سُریلی آواز سے متاثر ہوکر ... مولانا رومؔ جیسے صاحبِ شریعت نے فرمایا :۔

بشنو از نی چون حکایت میکند — وز جدائی ہا شکایت میکند

چنانچہ بانسری کی اسی آواز سے حضرت نے عرفان کے دریا بہادیئے ہیں جو پڑھنے والوں سے پوشیدہ نہیں۔ اسی طرز فکر میں دوسرے صوفیائے کرام کے اشعار بھی ملاحظہ فرمایئے :۔

شب از مطرب کہ دل خوش باد وی را
شنیدم نالۂ دل سوز نی را — حافظ شیرازی

بیا مطرب با پردہ ساز کُن
طرب میرود اینک آواز کُن — ظہوری

ز انگشتِ مغنی تارِ طنبور
انا الحق خیزد شد چون دارِ منصور — امیر خسرو

بدستی تیغ و در دست دگر پیمانہ می رقصد
تماشا کُن کہ آن کافر چہ خوش ترکانہ می رقصد — قتیل

ز ناخن بازی مطرب چہا در ساز می آید
کہ مشتِ ناخنش بر دل ز ہر آواز می آید — ہمدانی

پھر ہمارا یہ سنگیت ہندوستان تک ہی محدود نہیں رہا، بلکہ افغانستان کے راستہ دربارِ ایران تک پہنچا، جس کو حکمائے ایران نے اپنی آغوشِ شوق میں لے کر .... فنونِ حکمت کا ایک حصہ قرار دیدیا۔

ہندوستان کے اس بیش بہا فن کو شیخ الرئیس بوعلی سینا نے سیکھنے کے بعد قرنا اور شہنائی ایجاد کی۔ پھر جس شاہراہ آشوب سے سکندرِ اعظم آیا تھا، اسی راستہ سے دارا کے ملک نے یہ رنگین تحفہ یونان اور یورپ تک پہنچایا۔

ہمارے ترنم کا ایک جزو ناچ بھی تھا جس کو کم و بیش سب ہے تمام دنیا نے اپنایا۔

لاس اور تانڈو ناچ کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ دونوں ناچ ہنومان جی کی پیدائش کے وقت مہادیو جی نے ایجاد کرکے ناچے تھے۔ بہرحال کچھ بھی ہو، چونکہ ناچ اور گانا ہندوستان کی ایک مذہبی چیز اور ایشور کو خوش کرنے کا ایک ذریعہ تھی، اسی لئے اس پر بڑے بڑے ہندوستانی فلسفیوں نے پورا پورا دھیان دیکر اس کو ایک شاہکار آرٹ بنادیا۔ محبت اور اخلاق کے پیکرِ اعظم سری کرشن مہاراج نے نرتی اور سنگیت سے گوپی لیلا، اور رادھیکا جی لیلا رچائی جس کو برن کہا جاتا ہے، اُس وقت تال و نرتیا بھی پوجا میں شامل تھی۔

ہندوستان کی پُرانی تہذیب و تمدن سے دنیا کے تمام ملکوں نے فائدہ اٹھایا جس میں بڑا حصہ عربوں اور ایرانیوں کا ہے۔ اگرچہ عربوں اور ایرانیوں سے خود ہندوستان نے بھی بہت کچھ سیکھا اور پایا، مگر سنگیت میں یہ انفرادیت کا مالک رہا۔

بلاشبہ ہندوستان اس باب میں دنیا کے تمام ممالک کیلئے باعثِ رشک بنا رہا اور اسنے اپنے دلکش نغمات کی مدھر تانوں سے جو امرت رس برسایا اس سے شعر و شباب کے جسم میں جان پڑگئی۔ حضرت امیر خسرو اور تان سین جیسے فنکاروں نے اپنے غیر فانی شاہکار سے حسن و عشق کی دنیا کو ایسی رعنائیاں عطا کیں جن کا سرور و کیف رہتی دنیا تک قایم رہے گا۔

ہندوستان کے مسلم بادشاہوں نے اپنے دورِ حکومت میں اس فن کو جو عزت بخشی اور اس کو جس طرح سینے سے لگایا، وہ بھی کسی سے پوشیدہ نہیں۔

مغلیہ سلطنت کے زوال اور برطانوی سلطنت کے عروج

کے زمانہ میں جب انگریزوں نے ہمارے اس آرٹ کو اپنی متعصبانہ نظر کا شکار بنایا، اس وقت ہندوستانی والیان ریاست نے اس کی دستگیری کی اور اپنے سایۂ عاطفت میں اس کو پھلنے، پھولنے کا موقع دیا خصوصاً روہیلکھنڈ کی رام پور نامی ریاست کے نوابوں نے ۱۸۵۷ء کے پرآشوب زمانہ میں جہاں دولت مغلیہ کے بڑے بڑے فنکاروں کی عزت افزائی کی وہاں ہمارے اس ہندی سنگیت پر خاص توجہ کی اور اس فن کے مشہور عالموں کو اپنے دربار میں جگہ دے کر اس کو فنا ہونے سے بچا لیا۔ جس کے لئے ہماری قوم تمام والیان رام پور خصوصاً اعلیٰحضرت نواب ڈاکٹر سید محمد رضا علی خاں بہادر والی رام پور کی ممنون احسان ہے، جن کو ہندی سنگیت سے شوق ہی نہیں بلکہ عشق ہے۔ آپ نے کروڑوں روپیہ خرچ کرکے رام پور میں ارباب نشاط کے نام سے ایک ایسا اسکول قائم کیا جس کی مثال ہندوستان میں نہیں ملتی۔

اس اسکول نے ایسے ایسے استاد پیدا کئے جو آج بھارت ماتا کی پیشانی کا جھومر ہیں۔ مثلاً اعلیٰحضرت نے سدارنگ صاحب کے پوتے استاد وزیر خاں اور تان سینی خاندان کے استاد وحید خاں ستار نواز۔ آفتاب موسیقی استاد مشتاق حسین خاں (گولڈ میڈلسٹ از صدر جمہوریہ) علاء الدین خاں سرود نواز (تمغہ یافتہ از صدر جمہوریہ) حافظ علی خاں سرود نواز (تمغہ یافتہ از صدر جمہوریہ) دنیا کا بہترین طبلہ نواز استاد احمد جان خاں تھرکوا اور صادق علی خاں جیسے بین کار اسی اسکول کے سند یافتہ اور اسی دربار کے پرورش یافتہ ہیں۔

ان کے علاوہ روشن خاں ڈاگر۔ پیار خاں۔ باسط خاں ربابیے۔ جعفر خاں۔ صادق علی خاں گویے۔ بہادر حسین خاں عنایت حسین خاں۔ محمد حسین خاں بین کار۔ میاں حمید شاہ الغوزہ نواز۔ نبی بخش خاں بینکار۔ فدا حسین خاں سرودیے بندہ خاں سارنگی نواز۔ حفیظ خاں وکریم خاں، تان سینیے ستار نواز۔ بندہ دین لکھنوی۔ بھوانی پرشاد کتھک۔ اچھن کتھک۔ لچھو کتھک جیسے ماہرین جمع کئے۔ بھیاگنپت راؤ۔ پنڈت بھارت کھنڈے اور ٹھاکر نواب علی خاں کو خود نواب رضا علی خاں بہادر نے اپنا شاگرد بنایا۔ غرضیکہ رام پور کے سنگیت اسکول کو جو شرف حاصل ہے وہ دور مغلیہ میں بھی مفقود نظر آتا ہے اور جو کتابیں علم موسیقی پر کتب خانہ سرکاری میں موجود ہیں، وہ ہندوستان کی کسی بھی لائبریری میں نہیں پائی جاتیں۔

اعلیٰ حضرت نے اہل یورپ کے اس اعتراض کو کہ

"انڈین موزک میں ہارمنی نہیں اور اس کا نوٹیشن نہیں ہو سکتا"

زبردست شکست دی ہے۔ چنانچہ آپ نے اپنے "سنگیت ساگر" کے ہر چہار حصے میں ہر گانے کو معہ نوٹیشن کے پیش فرما کر سنگیت کے طالب علموں کے لئے ایسا آسان قاعدہ ایجاد فرما دیا، جس کے لئے سنگیت کے عشاق اعلیٰحضرت کے ہمیشہ ممنون رہیں گے۔

اسی طرح ہندوستانی ادب میں آپ کی شاعری قابل داد ہے۔ آپ نے مذہبی اور سماجی مشکل محاوروں کو اس خوبی سے ہندی میں ادا کیا جو ہمارے نزدیک معجزہ معلوم ہوتا ہے۔

آپ کی شاعری میں تین خصوصیات پائی جاتی ہیں پہلی یہ کہ ردیف قافیہ اور بحر میں کسی جگہ سقم نہیں۔ حالانکہ ہم نے اکثر دیکھا ہے کہ ہندی کے گانے اکثر تختی سے گر جاتے ہیں، دوسرے کسی گانے میں فارسی۔ عربی یا کسی غیر زبان کا لفظ داخل نہیں کیا گیا۔ بلکہ خالص ہندوستانی زبان میں کہا گیا ہے۔

تیسرے راگ اور سُر سے کوئی لفظ علیحدہ نہیں ہوا ہے بلکہ اس کا نوٹیشن کرکے راگ ۔ تال اور طبلہ کے بول اور اسکی ادائیگی کے الفاظ کا استخراج اس خوبی سے کیا گیا ہے جس کو کم جاننے والے بھی بخوبی سمجھ سکتے ہیں ۔ مثلاً آپ نے حمد میں لکھا ہے،

حمد

راگ مانڈ — **تال دادرا**

از اعلیحضرت ڈاکٹر سید محمد رضا علیخاں بہادر دام اقبالہم نواب رامپور

وحدہٗ لاشریک — راز
اے نرنکار ترا بھید کسی پر نہ کھلا — تجھے سمجھے کوئی کیا

بیتہ — زبان — عارف
یوں تو ہر بات کی کُسنا یہ کہانی ہے تری — جیسے گیانی ہو تری

بیشک — قدرت
ہے اکوتم تری لیلا یہ سبھی جانتے ہیں — ہم بھی پہچانتے ہیں

ظاہر — نور — زمین — آسمان
پہلے سنچار کیا اپنی جو کا پرکاش — پھر بنے بھوم آکاش

مصنوعات — شہنشاہ
جس گھڑی میت کو رچنا میں کہیگا مہراج — کہو کس کا ہے یہ راج!

پانی — برسات — ہوا — مینہ
جل کو برکھا میں پون سنگ لیجاتا ہو کون؟ — اُسے برساتا ہے کون؟

ہوا — عنایت — جلدباز — خاک — جسم
اُڑتے پھرتے ہیں پون میں تری کرپا کے اچھیر — یہی ماٹی کے شریر

مجبور — فراق — دل — یقین
ہوں بروگی تیرے برہا میں بہلتا نہیں جی — اب تو نشچے ہے یہی

مذہبی عبادتخانہ
میں بھی ہر دھرم تو الے میں تجھے ڈھونڈ پھرا — نہ چلا تیرا پتہ

دنیا — باغ — کہانی
جو بھی سنسار کی بگیا میں نیا پھول کھلا — کہہ گیا تیری کتھا

حکم — دنیا — فنا — طے شدہ
آگیا سے تری پل بھر میں یہ سنسار بنا — نشٹ ہے جس کا بڑا

خاک — سردار — علم
تو نے پھر ماٹی کے پتلے کو بنا کر مکھیا — سب کا گن گیان دیا

دقت — شاہد
اُس سمے تیرا جو ساکھی ہے پکار اُٹھیگا — کون ہے تیرے سوا

زمین — رحمت
کر دیا جسکی اُلٹ پھیر نے دھرتی کو ہرا — ہے یہ سب تیری دیا

قدرت — راز — صنعت
پا گئے ہیں جو تنک بھید تری مایا کا — اُن کا ڈنکا ہے بجا

دنیا — دروازہ — دل
جگ سے کھو جاؤں جو ملجائے مجھے دوارا — من میں بس ٹھان لیا

غنایت — قربان — حجاب — ہمیشہ
تیری کرپا یہ ہوں بلہار مٹا دے سنکوچ — بنت رچا کو یہ سوچ

بندۂ مجبور — معبود مختار — رشتے — تدبیر
ہو ادھین اور ادھیکاری میں کیسے ناتا — کوئی سادھن تو بتا

نوٹیشن پشت پر ملاحظہ ہو

اخبار

اترپردیش، پنجاب، بہار اور دہلی کے اردو بولنے والے عوام خصوصاً مسلمانوں کو نہایت خوشی ہوئی کہ آل انڈیا کانگرس کمیٹی کی مجلس عاملہ نے اپنے دو روزہ اجلاس میں طے کر کے مذکورہ صوبوں کو ہدایت کی ہے کہ جن علاقوں میں اردو بولی جاتی ہے ان میں علاقائی زبان کی حیثیت سے اردو کو مناسب سہولتیں دیجائیں اور یہ کہ اردو بھی ملک کی چودہ۱۴ قومی زبانوں میں ایک ہے۔ کانگرس کی مجلس عاملہ نے مرکزی حکومت کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ اس بات کا جائزہ لے کہ صوبائی حکومتیں کس طرح اور کس حد تک اس پر عمل کرتی ہیں

مجلس عاملہ کے اس فیصلہ سے عوام میں مسرت اور خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ وہ کانگرس کے اس اقدام کو ادبی اور ذہنی تعلقات کا پیش خیمہ تصور کرتے ہیں۔ امید ہے کہ اردو بولنے والے صوبوں کے عوام اب حکومت کے زیادہ قریب آجائیں گے۔

ہندوستان میں وسیع تعلیمی پروگرام کے تحت حال ہی ہند کے مزید نو۹ صوبوں کے لئے امریکی امداد کا ایک نیا معاہدہ ہوا ہے جس کی رو سے امریکہ ۱۹۵۵ء کے مالی سال میں ۴۳ لاکھ ڈالر کی رقم دے گا۔ جو ہندوستان کی زراعت، صنعت، صحت عامہ، تعلیم اور زرعی سائنسی تحقیق کے سلسلہ میں خرچ کی جائے گی

صرف زراعت، تعلیم اور ریسرچ کیلئے ۲ لاکھ ۵۸ ہزار ڈالر کی رقم مخصوص کی گئی ہے۔ دہلی میں مرکزی تعلیمی ادارے کی توسیع کے لئے دو لاکھ دس ہزار ڈالر رکھے گئے ہیں۔ جہاں معلموں اور ماہرین تعلیم کو تربیت دیجائے گی۔ اس کے علاوہ امریکہ سے بھی تعلیمی ماہرین دہلی آئیں گے اور ہندوستان کے ستّرہ ماہرین کو تعلیمی نظامت کی تربیت کے لئے امریکہ بھیجا جائے گا۔ ہندوستان کے اس وسیع تعلیمی پروگرام سے عوام بہت پرامید نظر آتے ہیں

وزیر اعظم ہند پنڈت جواہر لال نہرو نے آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے اجلاس میں "اقلیتیں اور فرقہ پرستی" کے عنوان پر تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستان میں فرقہ پرستی پھر اپنا سر اٹھا رہی ہے جس کو اکھاڑ پھینکنے کی ضرورت ہے۔ آپنے فرمایا کہ مہاتما گاندھی کے اسلحہ خانے میں دو ہتھیار تھے۔ ایک تھا مختلف مذاہب میں باہمی اتحاد اور دوسرا تمام لوگوں کو ترقی کرنے کے مساوی مواقع، ان دو بنیادی اصولوں کا لب لباب سماجی یکجہتی ہے۔ جو ملک کی تعمیر و ترقی کی بنیاد ہے۔ فرقہ پرستی کا طریقہ خطرناک ہے۔ آج کل نام نہاد فرقہ پرستی کے دھارے میں بعض بہترین لوگ بھی بہہ گئے ہیں۔ اگر اس کو نہ روکا گیا تو ممکن ہے ہم اور آپ بھی بہہ جائیں۔

مسٹر نہرو نے کہا اقلیتی فرقہ کا دل جیتنا اکثریتی فرقہ کا فرض ہے۔ یہ صحیح ہے کہ ان کے ناجائز مطالبات منظور نہ ہونے چاہئیں۔

مسٹر نہرو نے کہا کہ جمہوریت میں اگر مذہبی اقلیتیں یہ محسوس کریں کہ ان کے ساتھ ناانصافی ہو رہی ہے۔ تو یہ خطرناک بات ہے۔ اقلیتوں کی اس وقت خاصی شکایات ملازمت اور زبان کے بارے میں ہیں تحقیق پر معلوم ہوا کہ اقلیتی فرقہ کی تعداد ملازمتوں میں گھٹتی جا رہی ہے۔ اس کا ایک بڑا سبب امیدوار کو ہندی پر مجبور کرنا ہے میرے خیال میں اگر کسی امیدوار کو ہندی نہیں آتی تو وہ ملازمت میں لئے جانے کے بعد سیکھ سکتا ہے۔

عیسائی فرقہ کے متعلق آپ نے فرمایا کہ آزادی کے بعد عیسائیوں اور مشن والوں کے خلاف جذبات بھڑکائے گئے۔ کہیں کہیں مشن والوں کیخلاف شکایتیں حق بجانب تھیں لیکن سب نہیں۔ آپ نے کہا کہ عیسائیوں کے ساتھ جو زیادتیاں ہوئیں ان کی وجہ سے ہندوستان غیر ملک میں بدنام ہوا۔ اکثر کہا جاتا ہے کہ عیسائی اور مسلمان اس ملک کے نہیں ہیں۔ یہ ایک حیرتناک خیال ہے۔ کبھی مٹھی بھر مسلمان اور عیسائی یہاں آکر پھیل گئے تھے اب وہ قوم کا ایک معتدبہ حصہ ہیں ان کو باقی قوم سے جدا نہیں کیا سکتا۔ یہ ہماری ذہنی پستی کی علامت ہے۔ نسل اور قومیت کا تعین کرنا خطرناک بات ہے مجھے امید ہے کہ ان تعصبات کے خلاف زبردست جد و جہد کی جائے گی

بھارت سرکار نے یہ اعلان کیا ہے کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے مشورے پر بنگلور کے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس کو یونیورسٹی گرانٹس کمیشن ایکٹ کی منشا کے مطابق یونیورسٹی تصور کیا جائے گا۔ یہ انسٹی ٹیوٹ ایک اعلیٰ تعلیمی ادارہ ہے۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی دفعہ ۳ کی رو سے اور کمیشن کے مشورہ پر مرکزی حکومت کو گورنمنٹ آف انڈیا میں ایک اعلان کے ذریعہ اعلیٰ تعلیم کے کسی ادارے کو اس ایکٹ کی منشا کے مطابق یونیورسٹی قرار دینے کا اختیار حاصل ہے بشرطیکہ وہ ادارہ خود یونیورسٹی نہ ہو۔ مرکزی حکومت کے اس فیصلے کی رو سے اب بنگلور کا انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس یونیورسٹی گرانٹس کمیشن سے زر امداد وغیرہ حاصل کرنے کا مستحق ہو جائے گا۔

ٹوکیو ۹ مئی۔ شہنشاہ ایران محمد رضا شاہ پہلوی دو ہفتہ کے سرکاری دورہ پر آج یہاں وارد ہوئے۔ شہنشاہ ہیرو ہیٹو نے ہوائی اڈہ پر ان کا استقبال کیا۔ وزیر اعظم نوبوسکے کشی اور دوسرے سرکردہ جاپانی بھی ہوائی اڈہ پر موجود تھے۔ ہوائی اڈہ پر استقبال کے بعد وہ شہنشاہ جاپان کے ہمراہ ۳۵ ویں نمبر کی ایک جرمن کار میں بیٹھ کر ٹوکیو کے سرکاری مہمان خانے کو چلے گئے۔ وہ اپنے ٹوکیو کے دورہ میں وہ اسی مہمان خانے میں قیام کریں گے

آہنگ فارسی اور اردو ادب کا شاہکار ہے

استصواب

ماہنامۂ آہنگ کا پہلا شمارہ حاضر خدمت ہے

اس رسالہ کے اجراء کا مقصد یہ ہے کہ ہندوستان میں فارسی اور اردو کے علمی و ادبی ذوق کو ترقی دی جائے۔ بالخصوص ان دونوں زبانوں کے طلبہ کے لئے ایسے مفید مضامین اور معلومات فراہم کئے جائیں جو ان کی علمی اور ادبی ضرورتوں کو پورا کرسکیں۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے ہم اپنے قارئین سے مفید مشوروں اور قلمی امداد کے طالب ہیں

اہل الرائے کے مشوروں پر عمل کر کے ہم اس مجلّہ کو زیادہ سے زیادہ مفید اور کارآمد بنانا چاہتے ہیں۔ یقین ہے آپ ہمیں اپنی قابل قدر رائے سے مطلع فرمائیں گے۔

(ادارہ)

غزل

راہی معصوم رضا

اس اندھیرے کے سنسان جنگل میں ہم، ڈگمگاتے رہے مسکراتے رہے
لو کی مانند ہم لڑکھڑاتے رہے، پر قدم اپنے آگے بڑھاتے رہے

پیار جن کو ہے تجھ سے انھیں فکر کیا، وہ تو بس موت پر مسکراتے رہے
زندگی تیرے دیوانوں کی بات کیا، سر اٹھاتے رہے سر کٹاتے رہے

اجنبی شہر میں، اجنبی راستے، میری تنہائی پر مسکراتے رہے
میں بہت دیر تک یوں ہی چلتا رہا، تم بہت دیر تک یاد آتے رہے

کل کچھ ایسا ہوا میں بہت تھک گیا، اس نے سن کے بھی ان سنی کر گیا
کتنی یادوں کے بھٹکے ہوئے کارواں، دل کے زخموں کے در کھٹکھٹاتے رہے

زخم جب بھی کوئی ذہن و دل پر لگا، زندگی کی طرف اک دریچہ کھلا
ہم بھی گویا کسی ساز کے تار ہیں، چوٹ کھاتے رہے گنگناتے رہے

ایک بے چارہ میں اور ہر سمت ہے، اس جہاں کا جنون فسانہ گری
اتنے الزام مجھ پر لگائے گئے، بے گناہی کے انداز جاتے رہے

اپنے دل کے بیاباں میں جاتے ہوئے، پیر یوں کانپتے ہیں کہ اٹھتے نہیں
اپنے فن کی نسیم سحر خیز سے، ہم دلوں کے گلستاں کھلاتے رہے

سخت حالات کے تیز طوفان میں، گھر گیا تھا ہمارا جنون وفا
وہ چراغ تمنا بجھاتا رہا، ہم چراغ تمنا جلاتے رہے

زہر ملتا رہا، زہر پیتے رہے، روز مرتے رہے روز جیتے رہے
زندگی بھی ہمیں آزماتی رہی، اور ہم بھی اسے آزماتے رہے

ہم تو وہ گیت ہیں، جب مغنی ملا، زندگی گم ہوئی نغمگی گم ہوئی
ہم مغنی بھی ہیں، ہم ہی نغمہ بھی ہیں، ہم ہی گائے گئے، ہم ہی گاتے رہے

گھر سے ہم تو چلے تھے یہی سوچ کر، منزل آرزو کی طرف جائیں گے
راہی ہم کیا کریں راستے میں اگر ہمسفر داستانیں سناتے رہے

سید عظمت اللہ پرنٹر پبلشر نے الہ آباد پریس نمبر ۳۱ کوچہ میر عاشق میں طبع کرا کے دفتر انگلستان ادبی سے شائع کیا۔

شعر فارسی در عصر معاصر

هر کلام موزون که دارای معنای لطیف باشد شعر نامیده می شود و چنین سخن محدود به یک عصر و زمان و یا یک جا و مکان نیست زیرا تا وقتی که دماغ بشر دارای احساسات و عواطف رقیق باشد و مادام که چشم او مظاهر جمال را بپسندد و گوش او نغمات و ترانه های روح پرور را طلب کند، زبان او نیز به سخن نغز و کلام زیبا مترنم است. هنرمندی و ظرافت بشر در فن سخنوری و شاعری بر دیگر اقسام فنون ظریفه برتری دارد و برای آنکه سخن از دل تراوش می کند و دل منبع الهام الهی است از این رو حکما سخن را بار درخت آفرینش گفته اند و شاعر را با عالم نهانی و جهان غیب رابطه ایست برقرار و پایدار است که از آن دریا سیراب می شود. دل شاعر راهنمای افکار ازلی و قلم او نماینده جهان بی پایانی است که از پیشگاه عز الهی در این جهان بهترین ترجمان می باشد. و از اینجاست که گفته اند: "ان لله کنوز تحت العرش مفاتیحها السنة الشعراء".

ناطقه منتهای حکمت انسانی و شعر خلاصه فکر و نقاوهٔ ذوق بشری است و در آن قوت و نیروی غیبی نهفته است که از آن با اعجاز کلام تعبیر می گردد و انسان از زوایای صحراها و بیابانها گرفته تا قصور عالی در شهرهای بزرگ و در هر حال بیاری آن قوت نهانی آثاری بعرض ظهور آورده که ادبیات عظیم جهان را تشکیل می دهد.

در اساطیر قدیم یونانیان آمده است که آمفیون AMPHION پسر ژوپیتر JUPITER قدیم ترین گوینده و شاعر و نوازنده میتولوژیک هنگامی که دیوارهای شهر تب THEBE را بنا می نهاد همه روزه از فنون خود مدد می گرفت و ترانه های سحر انگیزی می سرود، نیروی شعر او جمادات را بجنبش می آورد و پاره های سنگ از معدن خود جدا شده و غلطان در اطراف او گرد می آمدند و او آنها را هر جا که میخواست جابجا می نهاد و نیز دختران نه گانه ژوپیتر از عالم علوی فنون مختلف علم و ادب را در کنف حمایت می گرفتند که یکی از آنها (موس) یا الهه شعر است که این فن جمیل را در این جهان سفلی همواره رهبری می نماید. این تمثیلات که در افسانه ها و اساطیر آمده برای اثبات این معنی است که شعراء خاکدان با اوج آسمان مرتبط است و شاعر انسانی از جهان بالا است از جنس این جهان پست نمی باشد.

شعراء بزرگ در سراسر اقوام و ملل از هومر و هوراس و ویرجیل گرفته تا پوشکین و فردوسی همه رسول و پیک آن جهانند که برای ابنای زمین سخن می گویند. اگر در صحف کبریا انبیا را مقدم بر شعرا دانسته اند تعبیری دیگر از مزیت سخن است، زیرا انبیا و پیغمبران خود نیز رسالت خویش را برای سعادت و خوشبختی ابناء آدم در قالب کلماتی که غالباً موزون و مسجع است بیان کرده و کتب آسمانی از مزامیر ایوب و داود تا سور قرآن مجید همه کلماتی معجز آیات اند که بزیور فصاحت و بلاغت آراسته و برای رهبری جهانیان به فصیح ترین صورتی ادا شده اند، این نامه های الهی بنیروی کلام غرا از خشن و ناموزون بشری را لطیف و تصفیه نموده و دلهای سخت و ارواح تیره را صفا و جلا بخشوده اند.

اگر دست این پیکهای آسمانی در عالم ماده از آنچه که دیگران تعبیر از آن بمال می کنند تهی است عجب نیست زیرا سرمایهٔ شاعر عالم معنی است و از آنجاست که همه شعراء و نویسندگان در هر عصر و زمان از صورت گذشته و بمعنی قناعت جسته اند. و سرمایه ایشان جز روح حساس و دل پر عاطفه و زبان گویا ندارند.

شیلر گوینده آلمانی در این باب قطعه ای لطیف دارد که عظمت مقام وجلالت قدر شاعر را وصفی بسزا کرده است. میگوید روزی خدا بندگان خود را در روی زمین مخاطب قرار داده گفت شما وارث این کره خاکی هستید، برخیزید و از مال موروث سهم خود برگیرید. فرزندان آدم خطاب الهی را پذیرفته هرکس نصیبی از میراث جهان برای خود بکف آورد، برزگر کشت زاری و هر ملک داری جنگلی را تصاحب کرد، بازرگانان گنجینه های خود را از زر و سیم انباشتند و کشیش کلیسا را برای زائرین زینت نمود و آب مقدس را در آن ذخیره کرد، پادشاه نیز طرق و شوارع را گرفته و گفت خلائق باید هرچه دارند ده یک آن را بمن بدهند.

باری ثروت زمین قسمت شد و چیزی بجای نماند. در آن هنگام نوبت بشاعر رسید. وی دامن کشان بیامد و چون دید که دیگر برای او سهمی نیست دست شکایت بدرگاه الهی بلند کرد و گفت "خداوندا! من که راستگوترین بندگان توام تهی دست و بینوا ماندم، مرا یاری کن ......". خطاب آمد "وقتی که برادران تو جهان را بین خود قسمت می کردند درکجا بودی؟ گویا در عالم وجود نبودی!"

شاعر گفت: "بارالها، من در آن وقت در ساحت عرش تو سیر می نمودم! چشم من بروی تو و گوش من بسخنان تو بود. من سرمست باده های آسمانی بودم! از اینرو به نعمتهای زمین نظر نکردم ....." خداوند فرمود: "اکنون کار از کار گذشته و زمین از دست رفته و دیگر برای تو نصیبی در آنجا نمانده است، من خودم را بتو می بخشم، بیا و با من زندگانی کن ـــ همیشه درهای بارگاه من بروی تو باز است."

این ذخیرهٔ الهی و نعمت آسمانی که از آن بزبان بشری به "شعر و شاعری" تعبیر می کنند منتسب بهیچ قوم و ملت خاص نیست و این بارقهٔ فیضی تمام اولاد آدم را یکسان مستغرق نور درخشانی خود ساخته است.

وحدت معانی و یگانگی افکار که در اشعار اقوام و ملل با وجود اختلافات نژادی و جنسی و مذهبی و انسانی موجود است دلیل بر وحدت منبع این مائدهٔ الهی است که جمعی از افراد بشر را در شرق و یا در غرب بآن نعمت متنعم ساخته است. و از آنمیان قوم و نژاد ما نیز از این خوان روحانی بهره ای فراوان برده و نصیبی وافر گرفته و در قالب زبان فارسی آثاری جاوید و مخلد بجای گذاشته اند که تا جهان باقی است عظمت قدر و جلالت مقام آن گویندگان بلند مرتبت برقرار خواهد ماند. و آنچه ذخیره ادبی کشور ایران می باشد مجموعه ای از لطیف ترین و زیباترین آثار شعری است که در طی سالها و قرنها فرزندان صاحب ذوق این سرزمین از عالم غیب بصحیفه شهود آورده اند.

گلی از باغ وفا ریخته اند ۔۔۔ وز نسیم نفس آویخته اند
گوش را آمده بویش بمشام ۔۔۔ سخنش کرده لب ناطقه نام
طبع ما خرم از اندیشهٔ اوست ۔۔۔ خرم آنکس که سخن پیشهٔ اوست

در عصر و زمانی که ما اینک در آن زندگانی میکنیم همان غریزه دیرین شعر و شاعری در مردم این مرز و بوم همچنان بمنتهای کمال و قوت خود نمایان و چون موجبات تکمیل و تکثیر سخن و کلام نسبت باعصار قدیم آماده تر گردیده دایره انتشار آثار شعری نیز وسیع تر گشت. بطوری که میتوان گفت پنجاه سال اخیر یعنی نیمه اول از قرن بیستم میلادی که در تاریخ هجری اسلامی از دهه دوم قرن چهاردهم شروع می شود و بزمان حاضر ختم می گردد طلیعهٔ صبح درخشانی است که در افق آن دمبدم آفتاب دانش و ادب اوج میگیرد و هر لحظه با عظمت و جلال خود نمایان تر میگردد.

این دوره پنجاه ساله که یک قسمت از آنرا با پدران خود بسر آورده و قسمتی دیگر را با فرزندان خویش بسر میبریم بخصائص و صفات چند موصوف است که از آنرو این نیم قرن از قرون و اعصار ماضی امتیازی روشن و با ادوار مختلفه تاریخ گذشته ادب اختلافی واضح دارد. اگر شعر فارسی از آنهنگام که رودکی در هرات رود خود را مینواخت و فردوسی در کنار کشت زارهای

طوس رزم نامہ باستانی خود را انشاد می نمود تا آخر قرن سیزدہم ہجری تحولی سریع نداشتہ و انواع شعر فارسی از قصیدہ و غزل و مثنوی و رباعی بیش و کم بیک نہج و بیک منوال سرودہ شدہ است از آنروست کہ اوضاع و احوال اجتماعی و مدنی کشور ایران در طول مدت دہ قرن بیک روش و بیک نسق جریان مییافت، و ہرگاہ حوادثی چند در تاریخ سیاسی ایران روی داد بدانسان مؤثر نبود کہ دستگاہ اجتماع و مدنیت ایران را بکلی منقلب سازد۔ ازاین سبب در تاریخ ادبی این مملکت نیز در پیروی وقایع سیاسی انقلاب اساسی روی ننمود و نظم و نثر فارسی بیک صورت نسبتاً ثابت و مستقر ماند۔

لیکن در قرن نوزدہم میلادی حوادث عظیمی در جہان روی داد کہ حیات سیاسی جہانیان را دگرگون ساخت و از این انقلاب بالطبع تمدن ایرانی نیز مصون نماند۔ حوادث بسیار ہم در زندگانی سیاسی ایرانیان بوقوع پیوست کہ قرن بیستم را عصر جدیدی معرفی نمود و بہیچ وجہ با قرنہای گزشتہ شباہت نداشت، ادبیات در این عصر نیز بحکم قانون طبیعت اجتماع تحولی بزرگ حاصل نمود و اگر آثار کلاسیک (قدیم و متقدمین) رفتہ رفتہ منسوخ گردید و انحطاطی از یک طرف در سبک نثر و نظم معاصر بظہور پیوست از سوی دیگر مکتب جدیدی ایجاد شد کہ ہنوز ہم در مراحل نخستین حیات خویش می باشد و شاید این جرثومہ ادب بروزگاران درختی باردار گردد۔

صفات و خصایص نمایان این عصر در نظر ناقد بصیر بسیار و متعدد است نخستین آنہا ہمانا انتشار وسیع سواد و خواندن و نوشتن میباشد .... زیرا در این عصر بود کہ "فن چاپ" در ایران رواج یافت و آثار بسیار از قدیم و جدید از نظم و نثر بہ نسخ فراوان منتشر گشت، ہمچنین روزنامہ ہای روزانہ و ہفتگی کہ ان نیز از اختراعات عصر حاضر است در ایران پیوستہ وسعت یافت و مطالعہ مقالات و منظومات کہ سابقاً منحصر بیک طبقہ از خواص قوم بود۔ در صفحات جراید برائی ہر خوانندہ میسر گشت۔ کلمات ادبا و نویسندگان دیگر ملل از فرانسوی و انگلیسی و روسی و آلمانی و عرب و ترک کہ از برکت فن طباعت در اطراف جہان منتشر شدہ بود بایران آمد و ترجمہا از آن بزبان فارسی در آمد و بچاپ رسید و محل مطالعہ و استفادہ اصحاب قریحہ و ارباب ذوق قرار گرفت۔

نتایج قوی و عظیم این امر و تأثیر آن در ادبیات پوشیدہ نیست و ہمچنین در این عصر بود کہ مدارس جدید مطابق قواعد فن تعلیم و تربیت دائر و رائج شد و مکتب ہای طرز قدیم بمدارس ابتدائی و دبستانہای اسلوب نوین مبدل گردید۔ و از سال ۱۳۱۵ھ ق۔ اینگونہ دبستانہا در پایتخت و سپس در دیگر بلاد ایران دائر شد و این دستگاہ بزرگ در توسعہ سواد خواندن و نوشتن کمک بسیار نمود۔ خلاصہ آنکہ این دو عامل یعنی "مطبعہ و مدرسہ" عدد کسانی را کہ توانائی قرائت کتاب و یا روزنامہ را داشتند پیوستہ زیاد میکرد۔

جوان نوآموز در مدارس جدید قسمتی از منتخب آثار منظوم یا منثور اساتید قدیم را میخواند و ملکہ شعری او تقویت می شد و در روزنامہ آثار نویسندگان معاصر را مطالعہ می کرد و قریحۂ ادبی وی بجنبش می آمد۔ و این ہر دو برای تحریک قرائح و تہییج طبائع و تشویق ذوقہا بزرگترین عاملی بود کہ فوائد و نتائج آن از حد حساب بیرون است۔

صفت دیگر از مشخصات این عصر ارتباط روزافزون مردم ایران با مردم دیگر ممالک است۔ در طول قرون وسطی و بالاخص در قرنہای دہم و یازدہم و دوازدہم تا نیمۂ قرن سیزدہم تعصبہای مذہبی و کشمکشہای سیاسی جامعہ ایران را از ہمسایگان خود منقطع نمود و آمد و شد از ایران با سایر ممالک جز در دائرہ بسیار محدودی غیر ممکن گشت۔ در قرن سیزدہم کہ از حرارت و اشتعال تعصبہای دینی کاستہ شد و اصول روابط ملل بر پایہ حقوق و قوانین بین الملل نہادہ شد، سفرہای مکرر و پیاپی سلاطین قاجار بارو پا سر مشق دیگران گردید، ہمہ سالہ کاروانہا از پیر و برنا بدیار فرنگستان رہسپار می گشتند و از آن سرزمین نیز ہزارہا تاجر و جہانگرد و عالم و

سفیر و ایلچی بایران می آمدند. تماس یک قوم با قوم دیگر مانند تماس دو فلز که تولید حرارت و برق می کند در قرائح و ذوق مردم ایران نیز برقی برانگیخت و در ادب فارسی شعلۀ تابید که پرتو آن در آثار نویسندگان این عصر بخوبی نمایان است.

از صفات بارزۀ دیگر این زمان همانا تبدیل رژیم حکومت و دولت و دستگاه فرمانروائی و سلطنت است و این را میتوان بزرگترین مظهر تمدن جدید اروپا دانست. پس از انقلاب کبیر فرانسه در پایان قرن هیجدهم اسلوب حکومتهای ملی که پایه و اساس آن بر روی (حقوق انسانی) وضع شده و با مبادی "آزادی و برابری و برادری" نشوونما می نمود در مغرب زمین بسط و انتشار یافته و مانند موجی که از مرکز حرکت کرده بسوی محیط میرود در اواخر قرن نوزدهم به دائره خاک ایران رسید. افکار آزادی خواهی و اندیشۀ تأسیس حکومت جمهوری و مشروطه که ملل غرب اروپا را یکایک فراگرفته بود در ابتدای قرن بیستم رژیم حکومت ایران را هم دگرگون ساخت و سلطنت مستبده در سال ۱۳۲۴ ه.ق. مبدل بسلطنت مشروطه گردید. مسلم است که تغییر اسلوب مملکت داری بقدری مؤثر بود که در جامعۀ ایران تمام دستگاه های رائج قرون وسطی بحکم طبع میبایستی از میان برود و اسلوبهای جدید جانشین آن شود. ادبیات کلاسیک ایران نیز یکی از آن جمله بود، و از این جهت است که ما تاریخ این مقال را از سال ۱۳۱۳ قمری مطابق با سال ۱۸۹۵ قرار دادیم و آن سالی است که ناصر الدین شاه کشته شد و تاریخ سیاسی ایران برای نخستین بار قتل پادشاهی را براثر گلولۀ یک نفر "انقلابی" ثبت نمود. و همان وقت بحکم ناموس طبیعی اجتماع در کتاب تاریخ ادبی در ایران نیز صفحۀ جدیدی باز شد. و از آن تاریخ عقائد و افکار تازه که پایۀ آن بر روی نهضت ملی و وطن پرستی و افتخارات تاریخی قرار دارد بظهور رسید و همچنین مبادی آزادیخواهی و قوانین مدنی و جزائی و تأسیس دستگاه ها و چرخ های منظم با اسلوب نو که تعبیر از آن "بادارات جدید" میکردند در حکومت و برای انتظام امور هیئت جامعه بوجود آمد، این افکار و عقاید و این تأسیسات نوین عالم شعر فارسی را نیز منقلب ساخت و روزی که حکومت فردی مبدل بحکومت ملی شد بالطبع فکر "ملیت" در شعر فارسی جانشین فکر "فردی" گردید.

این فکر (ملیت) بعد از وفات مظفر الدین شاه که بهار مشروطیت و ابتدای شباب آزادی ایران است روز بروز رشد نموده و ادباء و شعرا از سیاسیون و راهبران اجتماعی تقلید کردند و بجای آنکه با اسلوب قرون وسطی پادشاه را هدف و منظور خود قرار دهند هیئت جامعه را نصب العین خویش ساختند. یکی از مستشرقین ایران شناس در مقدمه کتاب خود که در سال ۱۹۱۴ء یعنی نه سال بعد از مشروطیت ایران در باب شعر جدید نوشته است چنین گفت.

"طبقۀ عامه ملت بیشتر از طبقات دیگر باید منظور نظر ارباب سخن و مخصوصاً شعرا و ادبا باشد. و من چنین تصور میکنم که در عالم ملتی نیست که بقدر ملت ایران مجذوب شعر باشد و شعر در طبیعت ایرانی جاذبۀ مخصوصی دارد که کمتر نظیر آن در سایر اقوام دیده شده است.

"از این نظر شعرائی که اصلاح حال طبقۀ عامه ملت را در نظر دارند مرجح بر دیگران می باشند ... و ما می بینیم که ادبا و شعرای عصر حاضر پی بدین نکته برده اند، یعنی ابکار معانی را از آن دائرۀ محدود بیرون آورده و خوان الوان نظم را پیش خاص و عام گسترده و طبقۀ عامه را از آن برخوردار کرده اند."

پس از آنکه وجهۀ نظر شاعر هیئت جامعه شد شعرا هم باید در پیرامون مسائلی باشد و از مطالبی گفتگو کند که مفید بروزگار هیئت جامعه بوده و باب سعادت را بروی قوم باز کند و آنچه که در سیاست و اقتصاد و اصلاح دستگاه حکومت و سایر امور اجتماعی دیگر محل ابتلای خاص و عام است بحث نماید. این نتیجۀ طبیعی و قهری انقلاب سیاسی بود که

در این عصر به ظهور رسید.

دیگر از خصائص بارزهٔ این عصر پیدایش هنر و صنعت جدید است که آن خود نیز مولود انقلاب علمی و صنعتی عظیمی بود که در قرن ۱۸ و ۱۹ در اروپا حادث گردید — اختراعات تازه و اکتشافات جدید که ناشی از تسلط بشر بر قوهٔ بخار و برق و بدست گرفتن قوای مکانیکی بود در زندگانی نوع بشر را یکباره منقلب نمود. و کارخانجات جدید جانشین دکان های صنعتگران قرون وسطی شد، بهترین اختراعات در امر وسائل ارتباط بشر بظهور پیوست. تلگراف و تلفون و راه آهن و اتومبیل و هواپیما نوع انسان را بیکدیگر نزدیک نمود، دامنه علم وسعت گرفت ولی عرصه خاک تنگ شد، زندگانی اقتصادی و صنعتی ایران که از زمان پیدایش تاریخ تا قرن دوازدهم هجری بیش کم بیک حرکت بطیئی و یک نواخت پیش میرفت یکباره واژگون گردید، بجای کاروانهای شتر موتورهای "مارک دوج و فرد" عرصه فلات ایران را قطع نمودند، و بجای شمع کا نور چراغهای الکتریکی نوربخشی گرفتند.

اقتصاد جدید اوضاع جدیدی روی کار آورد، رسوم و آداب تازه مستلزم قوانین و نظامات نوین بود. تشکیلات حکومت بناچار جامهٔ عصری پوشید و قوانین جدید برای انتظام امور زندگی مدنی و تجارتی و زراعتی و خانوادگی وضع گردید، همه چیز حتی طعام و لباس و مسکن تازه شد. شعر که تار و پود آن از محسوسات شاعر بافته می شود بالطبع در اثر تغییر محسوسات تغییر مضامین داد. این حرکت سریع سیاسی و اقتصادی و صنعتی مانند موجی که از مرکز خود بطور دائره بسوی محیط وسعت یابد پیوسته بر سرعت حرکت و وسعت دامنه خود میفزاید. این سیل عظیم روز افزون بستر خود را پهن تر نمود و در برابر هیچ مانعی متوقف نشد. از این رو در طول مدت پنجاه سال اخیر در جهان سیاست و اقتصاد افکار جدیدی بوجود آمد و آن افکار در همه جا حتی در دورترین نقاط ایران در سواحل خلیج فارس و در مراکز کویر لوت و رنگ انتشار یافت. و اختراعات تازه پیوسته بسرعت انتشار آن یاری می نمود، تحول شعری نیز بهمان قاعده تغییر و تبدیل و بسط و نشر حاصل کرد. این است که در ابتدای مشروطیت شعرای ایران غالباً در حول محور رژیم حکومت مشروطه و وضع قوانین اساسی و حقوق سخن گفته، ایجاد و تأسیس مؤسسات مانند بانک ملی و کارخانجات و کشیدن راه آهن را جزو آمال و امانی خود میدانستند. اینک که بوسط آن قرن رسیده ایم شاعر معاصر اینگونه افکار را تقریباً کهنه و قدیمی دانسته و در تبدیل رژیم و حکومت بسوسیالیزم و در منافع ملی شدن منابع ثروت و کارخانجات بحث می کند.

حرکت تکاملی در تمام شئون و نوامیس حیات تابع قانون محکم و استوار شتاب است که بنسبت مربع بعد از مرکز بسرعت خود میافزاید. برای مثل آنچه که در مدت چهل سال اخیر در تمدن بشری پیشرفت حاصل شده بیش از آن است که در مدت چهارصد سال یا چهار هزار سال اخیر روی داده. این قاعده طبیعی در معانی و افکار ادبی که خود موجودی حی و زنده و تابع قوانین حیات است نیز حکمفرماست. آن مقدار اندیشه و معانی که در طول مدت پنجاه سال آخیر در فکر گویندگان ایران تکامل یافته بیش از آن است که در مدت پانصد سال یا پانچ هزار سال زمان ماضی سیر کرده است. بنابراین واجب بود که شعر فارسی، که موضوع سخن است، در این مدت کم راهی بسیار طولانی پیموده باشد و نیز آنچه که در نیمه دوم این قرن نصیب او خواهد شد هزار مرتبه بیش از آن است که در نیمه اول حاصل کرده. نهایت آن است که افتخار قرن معاصر را بر سایر قرون از آن جهت است که خود مبدء تاریخ حرکت جدید و نقطه اولیه این جنبش عظیم است. بعبارت دیگر عمر ما مصادف با عصری است که حیات سیاسی و اقتصادی و زندگانی ادبی و شعری ما شروع بجنبش تازه نموده است و حرکتی را آغاز کرده است که پایان آن جز بخدای غیب دان بر احدی معلوم نیست.

این همه دولت ز یک تأثیر صبح بخت تست
باش تا خورشید اقبالت برآید آشکار

در این مدت پنجاه سال شعر فارسی به سه سبک که هر سبک مولود زمانی و زائیده زمانی دیگر است و ناشی از زمان ماضی و مقدم بر سبک زمان مستقبل است تقسیم می شود۔

نخست اشعار بسبک قدیم :- و آن منظوماتی است که گویندگان آن منحصراً اسلوب پیشینیان را تقلید کرده اند. مکتب شعر که در زمان غزنویان و سلجوقیان بکمال فر و شکوه رسید و در دوره قاجار یعنی در قرن سیزدهم تجدید حیات نمود استادی در هر عصر و زمان بظهور آورد که مدت هزار سال معمار کاخ کلام منظوم فارسی بوده اند. عنصری و فرخی و انوری و معزی در نوع قصیده، فردوسی و جلال الدین رومی و نظامی و جامی در مثنوی، سعدی و حافظ در نوع غزل، و خیام و ابوسعید در نوع رباعی با هزاران استادان همکاران ایشان این بنای عظیم را پی افکندند و از سبک کلام ایشان تعبیر بسبک "کلاسیک" یا اسلوب متقدمین می شود. از اول قرن بیستم تا زمان حاضر گویندگانی بوده و هستند که یا خود در مکتب کلاسیک استاد اند و یا در نزد اساتید آن مکتب تربیت یافته اند و از این رو سخنان ایشان از دائره سبک متقدمین بیرون نیست۔

دوم سبک مرکب از قدیم و جدید :- و آن اشعار تازه ئی است که در اثر عوامل جدید سیاسی و اقتصادی بظهور پیوست و مخصوصاً نفوذ شعرا اروپائی در آن نمایان است۔ این سبک و اسلوب مخصوص گویندگانیست که معانی جدید را در قالب الفاظ و تعبیرات قدیم ایراد نموده اند، پیروان این مکتب خود اساتیدی هستند که با اینکه قواعد و نظامات عروض و قافیه و صرف و نحو و معانی و بیان و حتی کلمه بندی (وکبولر) متقدمین را محترم شمرده اند، افکار جدید و اندیشه های نوین خود را در قالب قدیم فارسی بیان کرده اند و از آنها آثار بسیار لطیف که غالباً در سر حد اعلای ظرافت و لطافت بمنتهای کمال زیبائی و نغزی است بظهور رسیده هم در این اشعار طرز جدید در قافیه و وزن و یا نوع شعر و تعبیر مضامین تدریجاً مشاهده میشود۔

سوم اشعار سبک جدید :- و آن منظوماتی است که محصول فکرهای نوین است. در این اشعار بطور واضح و نمایان زنجیر قواعد لفظی و معنوی و نظامات عروض و قافیه و بیان کلاسیک بکلی گسسته و اختلاف آنها با روش قدیم بسیار محسوس است۔ اشعار مکتب جدید از آنجا که هدف آن هیئت اجتماعیه است و برای درج در جرائد و یا قرائت در محافل و مجامع ساخته می شد و خوانندگان کثیر داشت طبیعة میبایستی بزبانی ساخته شود که هیئت جامعه آنرا بفهمد و مقبول طبائع عام واقع شود۔

از اینرو گویندگان این مکتب از بحرهای ثقیل و یا صعب معمول کلاسیک عدول کرده اوزان و بحور فرح انگیزی که طبیعت عامه آنرا بپسندد انتخاب و اختراع کرده اند. تکرار قوافی و تعدد آن به پیروی اشعار اروپائی بیشتر مطلوب ایشان بود. در ترکیب جمل و عبارات و اختیار الفاظ و لغات، از عبارات معقد و صنعتی و کلمات ثقیل و مزین که تنها خواص دانشمندان و ادبا مخصوصاً آشنایان به ادب عربی آن را فهم می کردند اجتناب نموده و در ترکیب جمل و اختیار الفاظ سهولت و روانی و عام پسندی را برگزیدند۔

زبان فارسی که آمیخته به عربی و تحت الشعاع آن لسان بود در این عصر استقلال خاصی حاصل نمود. و از این رو تمایل به تصفیه زبان از لغات بیگانه و خصوصاً لغت عربی در نتیجه احساسات مبالغه آمیز ملیت و "شوونیزم" در این عصر بحد کمال رسید. از این رو شعر خوب بسبک جدید آن شعری بود که کمتر لغات متعلق عربی داشته، بسهولت و روانی و عوام فهمی ممتاز باشد و هم چنین سرودن چامه های پارسی سره به پیروی از نویسندگان پارسی نویس بسیار شد. تشکیل فرهنگستان به نیت تصفیه زبان بر این معنی یاری نمود. و چون طبائع عامه به فکاهیات راغب تر است شعرای انتقادی در انتقاد از

اوضاع سیاسی و منظومات هزلی (ساتیریک) متداول السنهٔ شعرا شد و منظومات و ترکیبات بزبان شوخی و فکاهت ساخته شد. و هم چنین در انواع شعر که محدود به قصیده و مثنوی و قطعه و رباعی بود ترکیب بندها و مسمطهای جدید که در هر مصراع آن قافیه‌ها بطرز نوین ابداع شده بود و در سر هر بند چند مصراع و یا نیم مصراع بطور برگردان با همان قافیه تکرار میشد و ترانه‌های گوناگون از اینگونه بظهور پیوست که در کتب قدیم "بدیع" از آن نوع اسمی و عنوانی ذکر نشده است.

و چون انطباق اشعار با موسیقی که در این عصر رواج بسیار گرفته بود مطلوب عامه بود اشعار جدیدی برای همساز کردن با ادوات موسیقی ساخته شده و در نتیجه انواع تصنیفها و سرودها و غزلهای طربناک و فرح انگیز در این عصر بظهور پیوست.

این سه سبک سه مرحله است از تکامل شعر فارسی که بحکم قانون طبیعی "تکامل تدریجی" در عصر معاصر بظهور رسیده است. زیرا زمان سلسلهٔ ممتدی است که یک سوی آن بگذشته و دیگر سو به آینده اتصال دارد و از این رو زمان ماضی در حال، و زمان حال در مستقبل، دائما مؤثر می باشد. هر دقیقه مولود دقیقهٔ قبل و مولد دقیقهٔ بعد است. و از خصائص طبیعی هر موجود حی و زنده که اسیر سلسلهٔ زمان است آن است که دائما و بدون لحظه درنگ آثار گذشته را محو و آثار جدید را اثبات می نماید تا ام الکتاب وجود از این محو و اثبات پیوسته زنده و پایدار بماند. شعر فارسی نیز موجودی حی و زنده است که پای بند دست زمان می باشد و ناگزیر از همین قاعدهٔ کلیه پیروی می کند. روش متقدمین که از آن بسبک های "ترکستانی و عراقی و فارسی و هندی وغیره" تعبیر کرده اند هم از حیث صورت و هم از حیث ماده، هم لفظاً هم معناً، هم از حیث قواعد عروض و قافیه و هم از حیث قواعد معانی و بیان در ترکیب جمل و کلمات و خلق تشبیهات و استعارات و ایجاد مجازات و کنایات و خلاصه در تمام جزئیات وجود در روش متاخرین مؤثر است که بتدریج اصول و قواعد قدیم جای خود را باسلوبها و آئین های جدید می دهد و هر چه بر طول سلسلهٔ زمان می گذرد از قوت قدیم کاسته شده موجود جدید بطباع مانوس تر می گردد تا آنکه عاقبت کهن مرده و نو وارث او می شود. و این کارخانهٔ ابدی در همه جا و همه چیز و بهمین سنت دائماً در حرکت است.

(دنباله دارد)

راز

غزلی سر زند دست بدست — شاعری کرده باز غوغائی
انجمن هاست بر سر غزلی — بر سر قطره ای ز دریائی
کیست این نغمه ساز باغ بهشت؟ — که در این خاکدان گرفته مقام؟
کیست آن دلربای شهرآشوب؟ — که باین روح میدهد الهام؟
گوش جان بهر بانگ دل ننهد — سوز دل، بازبان جان گوید
سخن عشق و آرزو و امید — ز زبان فرشتگان گوید
هر چه غم بر دلش زند آتش — هر چه ناکامیش ز جان کاهد
باز این راه را بسر برید — باز معشوق را بجان خواهد!
همه دانند کاین سخن پرداز — جان دهد عاقبت بخاطر دوست
خلق گویند "وخوش بحال کسی — کاین غزلها برای خاطر اوست"!
آخر ای دلربای شهرآشوب، — بر منت ظلم و جور تا چند است؟
کس نداند که نغمه ساز بهشت — به نگاه تو نیز خورسند است!

(فریدون مشیری)

از دکتر سید امیر حسن عابدی

بابا وَلی رام

بنوالی داس (یا بنواری داس) متخلص به ولی و مشهور به بابا ولی رام از نژاد کایستان و از مردم شهر مقدس بنارس است - در انشاء فارسی به اندازه ای باذوق و صاحب استعداد بود که در سلک منشیان شاهزاده دارا شکوه (بسال ۱۰۶۹ هجری = ۹-۱۶۵۸ میلادی درگذشته است) پسر شاهجهان پادشاه (۱۰۳۷-۱۰۶۹ هجری ۱۶۲۸-۱۶۵۸ میلادی) در آمد ، و در تصوف و عرفان بجائے رسیده بود که آن شاهزاده او را جزو همنشینان و دانشمندان خود در آورد و در گفتگوها و مذاکرات علمی و فلسفی دربار خود وی را شرکت داد -

رفته رفته زنگ علایق دنیوی از قلب بابا زدوده شد . روزی میخواست که چیزی از نوشته های او را شاهزاده ببیند اما چون شاهزاده به کار دیگری اشتغال داشت در دیدن آن نوشته اهمال ورزید - بابا ولی رام چندی منتظر شده و چون انتظارش بدرازا کشید قلم از دستار خود برآورد و دوات و قلم هر دو را بزمین انداخت و دربار شاهزاده را به یکبارگی ترک کرد و به سوی بیابان رهسپار گردید و دیگر برنگشت از آن پس در جنگل زندگی خویش را در پای درخت در مراقبه می گذرانید . شاهزاده بزرگان دربار را نزد او فرستاد و درخواست که بازگردد ، و چون بابا خواهش او را نپذیرفت و وی از بازگشت بابا ناامید شد خود آنجا رفت چون نزدیک رسید از اسب فرود آمد و بسیار کوشش کرد که بابا را همراه خود بازگرداند ، اما بابا به درخواست و اصرار او توجهی نکرد - شاهزاده گفت که : " دست در کار و دل با یار باید داشت " بابا پاسخ داد که : " در آغاز این سلوک شاهزاده ای چون شما پیش من ایستاده است - پس انجام آن چه خواهد بود " سر انجام شاهزاده ناامید شد و تنها برگشت - بابا ولی رام رباعی ذیل را بعنوان عذرخواهی بشاهزاده مزبور فرستاده است -

بشنو ز ولی وفای دنیا ای شاه
مغرور مشو بدولت و حشمت و جاه
هر چند چو در چشم نماید لیکن
چون قطرهٔ شبنم است بر نوک گیاه

پس از آن بابا ولی رام بخدمت صوفی و عارف عصر ملا شاه بدخشی (بسال ۱۰۷۲ هجری = ۲-۱۶۶۱ میلادی در گذشته است) رسید و از فیض صحبتش بهره مند گردید - و سپس بابا در کوهکی که در میان رود مقدس گنگا در " هردوار " بود جای گزید و از آنجا هیچگاه فرود نمی آمد - مریدش بنا هورام همواره در خدمت وی بود و هر یک ماه یا دو ماه یکبار بشهر می آمد و لوازم زندگی را فراهم می کرد و بآن کوهک برمیگشت بابا بکشف و کرامات ظاهری و چیزهای غیر عادی علاقه ای نداشت و می خواست که مانند مردمان عادی زندگی کند - در زمان اقامت بابا بر آن کوهک دو تن از صاحبان

کشف و کرامت نزد وی آمدند و خواهش کردند که بابا بخانهٔ ایشان برود. چون اصرار بسیار کردند بابا راضی شد. چون فرود آمدند بابا کشتی خواست تا از دریا بگذرد. ایشان چون صاحبان کرامات بودند گفتند: "چرا شما بدون کشتی و ملاح نمی روید". بابا جواب داد: "من چنانکه عادت است باکشتی می آیم". چون بخانه رسید نزدیکی از آن دو تن توسط ضبط نفس همه جنگل را معطر کرد و سپس دیگری بحبس دم در سراسر جنگل بوی بد پراگنده کرد. اما از این تصرفات بابا هیچ متاثر نشد و با ایشان هیچ اهمیتی نداد. آن مرتاضان قدم بابا را بوسیدند و اقرار کردند که: "اصل فقر نزد شما است. ما این چیزها را برای استفاده دنیوی می کنیم". باز اصرار کردند که فرمایشی کند. بابا گفت: "چون شما صاحب کشف هستید باید بدانید که حاجت ما چیست". چون ایشان بطریق اشراق نظر کردند دیدند که بابا از همه احتیاجات بری است. باز اصرار کردند و گفتند که: چون ما را هیچو کیمیا میدانند رسم است که هر کسی که به ما بر می خورد چیزی می طلبد". بابا گفت: "چون لازم شد که از شما چیزی بطلبم خواهش می کنم که دیگر پیش ما نیایید". جوگیان متحیر شدند و بسیار آفرین کردند.

سرانجام در سال ۱۰۷۸ هجری (۱۶۶۷ - ۸ میلادی) بابا ولی رام از این جهان رخت بر بست. پس از مرگ او بنا هو رام نمی توانست تنها مراسم تجهیز و تکفین و سوختن را انجام دهد. ناگهان آب گنگا در طغیان آمد و بلند شد تا سر کوهک رسید و لاشه بابا را در آغوش خود گرفت. "خاک ولی را آب برد" تاریخ وفات اوست.

بابا ولی رام در سلوک و تصوف تصنیفات عالی به زبان فارسی دارد نام یکی از آن تصانیف "تفسیر وحدت" است. ولی "راجا ولی" را از هندی بفارسی ترجمه کرد. دیگر از آثار وی "گلزار خیال" ترجمه نمایشنامه پربودھ چندر[1] می باشد.

شاعری پیشه او نبود اما مانند شعرای صوفی احوال خویش را در شعر گنجانیده است. مؤلف ید بیضا می نویسد "اگرچه شاعریت او مرتبه ندارد اما بعضی سخنانش خالی از خیال نیست" ورق ۲۰۲. در پیروی مثنوی مولانا روم ولی هم مثنوی در تفسیر و توضیح حدیث "من عرف نفسه فقد عرف ربه" سروده است. مثنوی ولی رام در مطبع مترلاس لاهور باهتمام پنڈت کمندرام کشمیری بچاپ رسیده و دارای ۲۴۴۴ بیت است. مثنوی مزبور شامل شش جلد است و با اشعار ذیل شروع می شود.

جلد اول	ما زکفر و دین همه بگذشته ایم محو اصل این دو بیخود گشته ایم
جلد دوم	بیا من هم سخن گویم ز هیچیت مرا ورا نیست ......
جلد سوم	ما نه آن کسیم و آن دئیسیم بی نشان مانده از نشان وئیسیم
جلد چهارم	عقل با عشق چه سازد آخر روباه باشیر چه نازد آخر
جلد پنجم	انسان چه بود یکی ظهوری از سر تا پای غرق نوری
جلد ششم	حمد بذاتی که نمودش جهانست وز بس پیدا بدنش بس نهانست

نسخهٔ خطی دیوان ولی که در کتابخانهٔ انجمن آسیائی بنگال

(۱) نسخهٔ خطی، ۲۶۱، سر سلیمان کلکشن، علیگڑھ

(۲۷۰) موجود است شامل سه قسمت ازین مثنوی است و مؤلف فهرست کتابخانهٔ مثنوی مزبور را "گلزار حال" می خواند و می نویسد که بجای واژه "دفتر" "وزن" بکار برده شده است. ولی عجب این است که اشعار اول در وزن ذیل با ابیات در جلد اول مثنوی چاپی اختلاف دارد:

وزن اول — قادرا از من منی بستان و بس
کن عنایت ذرهٔ عرفان و بس

وزن دوم — شریعت چیست در طور مظاهر
ادب آموز عقل اهل ظاهر

البته شعر اول وزن سوم همان است که در جلد سوم داده شده است. اشعار دیگر نسخهٔ خطی نیز در نسخهٔ چاپی دیده نمی شود. بر طبق گفتهٔ مؤلف فهرست مذکور مثنوی گلزار حال در سال ۱۰۷۳ هجری (۱۶۶۲-۶۳م) بپایان رسیده است. در اینجا باید تذکر دهیم که ابیات شش جلد یا شش وزن در بحرهای مختلف سروده شده است و بنابراین شش مثنوی مختلف بشمار خواهد رفت. در یکی از آن مثنویها می سراید:

حمد ذاتی را که اصل ذاتهاست — ذات او در اصل اصل ذاتهاست
ماسوی الله را وجود نیست هان — آنچه غیر حق بود فانی بدان
در حضوری را گزین ای نازنین — ظاهر و باطن همه ظاهر ببین
ظاهر و باطن نباشد غیر او — کفر باشد در دگر دانی ازو
اسم رسمی و طلسمی این بدن — آن کدام است آنکه می گوید که من

در مثنوی دیگر می گوید:

غور در حال خویش نکردی گاهی — چند چون عام بسم و راهی
فکر می کن که چه چیزی و چه کس — قفسی نه تو و اندر قفسی
غیر تو نیست حجاب تو بتو — بگذر از خود که بود بی تو بتو

با خودی تا که ز خود بی خبری — نیک بشناس که چیزی دگری
با خودی تا که ز خود مهجوری — حیف کز معرفت خود دوری

علاوه بر مثنوی ولی غزل و رباعی و اشعار متفرق هم سروده است مؤلف تکملة الشعرا می گوید "اکثر رباعیات موحدانه و متصوفانه از او شنیده شد" ص ۶۵ از رباعیات اوست:

هر چند برنگ آب و تاب است جهان — در چشم ولی محض سراب است جهان
شد هر که ز خواب جهل و غفلت بیدار — دانست که هنگامهٔ خواب است جهان

نرد لیست جهان که بردنش باختن است — نرادی او بنقش کم ساختن است
دنیا بمثال کعبتین نرد است — برداشتن از برای انداختن است

دنیاست که آرام درو پیدا نیست — گر باده بود جام درو پیدا نیست
پیوسته بیک چیز معطل دارد — جز ناکامی کام درو پیدا نیست

در خود بنگر که جان و جانانه توئی — در مجلس خود چراغ و پروانه توئی
تا چند بگرد خانه گشتن شب و روز — در خانه در آ که صاحب خانه توئی

باید طلب اندر ره دلدار درست — همت هم یار باید ای یار درست
اخلاص درست صبر ناچار درست — زین چار درست میشود کار درست

از رباعی ذیل اسم و تخلص ولی پیدا می شود:

اسم بدنم نیست بجز بزالی
در شعر تخلصم ولی ای والی
در ذره نگری باصل ذاتم یابی
از اسم و رسم در تخلص خالی

از سیّد عظمت علی رضوی

غزل

عشقم کہ در حضور شما با وقار نیست
شاید ہنوز رشتۂ عشق استوار نیست

جود و کرم چو قطرۂ دریا شمار نیست
آنجا کہ لطفِ تست غمِ روزگار نیست

چون مدعای زیست مرا با تو عشق شد
قلبم بہ وحشتِ غمِ انجامِ کار نیست

امروز چاک دامنِ ہوش و خرد کنم
جوشِ جنونِ عشق رہینِ بہار نیست

ناراحتی کہ در پیِ ہجرت کشیدہ ام
غمہای تازہ ترکہ رسید آن شمار نیست

پائیز و فصلِ لالہ و ابرِ مطیر، حیف!
بادہ بدست ساقیِ گلگون عذار نیست

عظمت کہ مقتدر شدی از فیضِ عابدی
فرہنگ بیش بین کہ این نوک خار نیست

آموزگار فارسی

درس (۱)

زن　　عورت
آن زن　　وہ عورت
آن زن است　　وہ عورت ہے

مرد　　مرد
آن مرد　　وہ مرد
آن مرد است　　وہ مرد ہے

مادر　　ماں
آن مادر است

پدر　　باپ
آن پدر است

دختر　　لڑکی
آن دختر است

پسر　　لڑکا
آن پسر است

آن زن مادر آن دختر است　　وہ عورت اس لڑکی کی ماں ہے
آن زن مادر آن پسر است　　وہ عورت اس لڑکے کی ماں ہے
آن مرد پدر آن دختر است　　وہ مرد اس لڑکی کا باپ ہے
آن مرد پدر آن پسر است　　وہ مرد اس لڑکے کا باپ ہے

الفاظ اور جملوں کو مندرجہ بالا معنوں اور ترتیب کے ساتھ یاد کر لیجئے۔

ع۔ و۔ اظہر

"فروغ فرخزاد"

آقائی شجاع الدین شفا نے اسیر کے مقدمہ میں تحریر کیا ہے "عشق، گناہ، ہوس، مستی، حسرت، درد، تلخی، نالہ رنج، غرور، خشم، اینہا کلماتی است کہ پیاپی بکار رفتہ و در حقیقت تار و پود اصلی اشعار او را تشکیل دادہ است" یہ چند الفاظ خانم فرخزاد کے تمام کلام کا اختصار ہیں، فروغ کے سارے تعلقات انہیں کے گرد گھومتے ہیں۔

سرزمین ایران کو اگر یہ کہا جائے کہ وہ "فطرت کا ایک شعر ہے" تو بے جا نہ ہوگا، وہاں کا ماحول وہاں کی فضا وہاں کی بہار و خزاں غرضیکہ ہر چیز کا تقاضا ہے کہ انسان ان کی تعریف شعر میں کرے۔ ایسی حالت میں عورت جو مرد سے زیادہ نازک اور حساس دل رکھتی ہے، کس طرح اس کلیہ سے دور رہتی۔ چنانچہ فارسی شاعری کے آغاز سے ہی عورتوں نے حصہ لیا۔ مہستی اور رابعہ کے نام کو ہم فراموش نہیں کر سکتے۔ بیسویں صدی میں پروین اعتصامی نے فارسی شاعری میں اپنے افکار و خیالات پیش کر کے گذشتہ کئی صدیوں کے اس افسوں کو توڑ دیا کہ عورت صرف گھر کے لئے ہے (Woman for Hut) اعتصامی کے بلند خیالات۔ اس کے پند و نصائح۔ اپنی قوم کی پسماندگی پر آنسو۔ جہالت کا افسوس، سیاسی اور ملکی حالات کے اثرات۔ پھر اعتصامی کا کردار۔ اس کا اپنا مادرانہ جذبہ ان سب عوامل نے مل کر اس کو وقت سے پہلے ہی بوڑھا کر دیا۔ اور اسی وجہ سے اسے سنجیدہ اور باوقار ترین شاعرہ ایران کہا جاتا ہے۔ لیکن برخلاف اس کے فروغ فرخزاد، جس کے کلام سے ہم اس مضمون میں بحث کریں گے۔ ایک نوجوان شاعرہ ہے۔ وہ صدیوں کے اس خیال سے کہ عورت غلام ہے نہ صرف نفرت کرتی ہے۔ بلکہ اس کے خلاف جہاد کرتی ہے۔

وہ کہتی ہے کہ اب وہ زمانہ ختم ہو گیا کہ مرد عورت پر حکمرانی کرے، اب تو تعلقات کی بنیاد آقا و لونڈی کا قدیم رشتہ نہیں بلکہ امداد باہمی کی بنیاد ہوگی۔ ایک دوسرے کے تعاون سے ہی زندگی کی گاڑی چل سکتی ہے۔

فروغ کے یہاں جوش و خروش ہے۔ دعوت پیکار و جہد ہے۔ ترانۂ انقلاب اور صدائے بغاوت ہے۔ اس کا تمام مجموعہ کلام "اسیر" اسی قسم کے خیالات سے لبریز ہے۔ فروغ کے یہاں یہ چیز کوئی بناوٹ یا تصنع یا نیا اسلوب بیان نہیں ہے بلکہ اشعار اس کے اشعار و افکار کے آئینہ دار ہیں۔ وہ جو کچھ خود دیکھتی سنتی، پڑھتی اور محسوس کرتی ہے وہی چیزیں اسکے یہاں اشعار کے قالب میں ڈھل جاتی ہیں۔ خود بقول خانم فروغ "شعر زبان دل است" فروغ نے اپنے کلام میں انتہائی سادگی و بیباکی سے اپنے خیالات کو سمو دیا ہے۔

ے

مست بودم مست عشق و مست ناز — مرد آمد قلب سنگر را ربود

بسکہ رنجم داد و لذت داد و مش — ترک او کردم چہ بیدادم کہ بود؟

فروغ مرد کا درجہ اچھی طرح جانتی ہے وہ اس بات سے بھی باخبر ہے کہ عشق میں مرد و عورت کی کوئی حقیقت نہیں۔ اس دربار میں دونوں برابر ہیں، حبیب و محبوب مل کر عشق میں ادا ہیں۔

مرد سے وہ مرعوب نہیں، اس کے انداز میں بے باکی ہے، شوخی
ترشی، طنز، ناز اور غصہ سب کچھ پایا جاتا ہے۔ وہ مرد کو کتنی بیباکی
سے خطاب کرتی ہے۔ اس کو مرد کی برتری کا احساس نہیں، اس
کی نظر میں وہ صرف محبوب ہے۔ اس کے محبوب نے اس کا سکون
و قرار چھین لیا ہے۔ اس کا سکوت ٹوٹ گیا ہے اور اب وہ بھرے
ہوئے پیالہ کی طرح چھلک رہی ہے۔

خلوت خامش و محزون مرا
تو پر از خاطرہ کردی .... ای مرد!
شعر من شعلۂ احساس منست
تو مرا شاعرہ کردی ..... ای مرد!

جب انسان پر رنج و آلام کے پہاڑ ٹوٹ پڑتے ہیں، مصائب
کی یورش ہوتی ہے، تب آدمی تنہائی کا سہارا لیتا ہے۔ اس کو
گوشۂ خلوت میں عافیت نظر آتی ہے۔ فروغ بھی تمام چیزوں
سے دنیا کے ان ہنگاموں سے اکتا گئی ہے اور اس کی آرزو
ہے کہ وہ کنج خلوت میں خاموش اور پرسکون زندگی گزارے

ز جمع آشنایان میگریزم
بکنجی میخزم آرام و خاموش
نگاہم غوطہ ور در تیرگیہا
بآہنگ دل خود میدہم گوش

اس کو زندگی کا لطف اور جینے کا مزا اسی میں نظر
آتا ہے کہ اس کو سکون میسر ہو، تنہائی مل جائے، سکوت ہو
اور وہ شعر کہتی ہو۔

"عصیان" میں وہ ان چیزوں کی آرزو کرتی ہے۔

کتابی ..... خلوتی .... شعری .... سکوتی
مرا شادی و لطف زندگانیست
چہ غم گر در بہشتی رہ ندارم
کہ در قلبم بہشتی جاودانی است

کبھی کبھی خلوت میں اسے اپنے محبوب کی تلاش بھی ہوتی ہے
اور وہ چاہتی ہے کہ جام اس کے لبوں سے لگا ہوا ہو اور
وہ "اس" کے آغوش میں ہو۔

خلوتی میخواہم و آغوش تو
خلوتی میخواہم و لبہای جام

دیکھئے "بآہنگ دل خود میدہم گوش" میں کس طرح
سے تنہائی کا نقشہ کھینچا ہے۔ ایسی حالت میں آدمی اپنے آپ
سے ہی باتیں کرتا ہے وہ دل کی آواز پر کان لگا دیتا ہے۔
زمانہ میں دورنگی ہے۔ لوگوں میں خلوص نہیں۔ ریا و
نمود ہے، دھوکہ ہے فریب ہے۔ منہ پر کچھ اور پیٹھ پیچھے کچھ۔
فروغ کے اشعار سن کر لوگ اس کے سامنے تو تعریف کرتے
ہیں، لیکن اس کی غیبت میں اسے بدنام کرتے ہیں، وہ نہ ان کی
تعریف سے خوش اور نہ ان کی مذمت سے رنجیدہ ہے۔

از این مردم کہ تا شعرم شنیدند
برویم چون گلی خوشبو شگفتند
ولی آندم کہ در خلوت نشستند
مرا یک شاعر بدنام گفتند

عشق میں دل کی کیفیت محبوب کے ظلم و ستم، اس کی
بیگانگی کا ذکر۔ بے خبری اور ناآشنائی۔ یہ سب واردات
عشق ہیں، اگر ان میں کچھ جذبات نہ بیان کئے جائیں تو یہ الفاظ
کا گورکھ دھندا بن کر رہ جاتے ہیں۔ ان جذبات میں مرد و عورت
کی کوئی تخصیص نہیں۔ خانم فروغ بھی اپنے دل دیوانہ کو تسکین
دیتی ہے۔ صبر کی تلقین کرتی ہے۔ اس کو احساس ہے کہ یہ
دیوانگی کی علامات ہیں، وہ کہتی ہے:

دل من .... ای دل دیوانۂ من
کہ میسوزی از این بیگانگی ہا
مکن دیگر ز دست او فریاد خدا را ..... بس کن این دیوانگی ہا

مجموعۂ کلام میں اس کی نظم "اسیر" شاہکار ہے اس نظم کا ہر ہر شعر اور مصرعہ مصرعہ اپنے زور و تاثیر کے لحاظ سے اہم ہے۔ عورتیں چونکہ ہزاروں سال کی غلامی کی وجہ سے ذہنی طور پر بھی غلام ہو گئی ہیں، اس لئے اب وہ آزادی اور غلامی میں تمیز بھی نہیں کر سکتیں۔ اور یہ درجہ ایسا ہے کہ اس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہے۔ غلام ہونا اتنا افسوسناک نہیں جتنا کہ اس حالت کو قبول کر لینا اور اس کے خلاف جدوجہد نہ کرنا۔ فروغ عورتوں کی اس حالت سے واقف ہے وہ اپنی بے بسی کا اظہار کرتی ہے، اس نظم کا پس منظر عورتوں کی سینکڑوں برس کی مظلومیت اور معصومیت کی کہانی ہے۔ ایسی حالت پر سوائے افسوس کے اور کیا کیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ یہ نوجوان شاعرہ بھی اظہار غم کرتی ہے اور خاموشی اختیار کر لیتی ہے، فروغ کی اس نظم میں عورت کے نام کوئی پیغام نہیں صرف اظہار تاسف ہے

درین فکرم من و دانم کہ هرگز
مرا یارای رفتن زین قفس نیست

ہاری ہوئی بازی جیتی جا سکتی ہے، شکست فتح میں بدل سکتی ہے، لیکن کب ..... جب آدمی کے پاس ہمت کا خزانہ ہو۔ لیکن اگر کوئی فرد اس متاع گرانمایہ کو ہاتھ سے دے دے۔ ہمت ہی ہار بیٹھے تو یقین جانئے وہ جیتی ہوئی بازی الٹ جائے گی۔ فتح بھی شکست میں بدل جاتی ہے۔ فروغ بھی وہ ہمت پرداز کھو چکی ہے۔ قنوطیت اس پر چھائی ہوئی ہے۔ عورت کیا ہے؟ متضاد صفات کا امتزاج اور امتزاج بھی لطیف و نازک۔ اگر ایک طرف اس کو جذبۂ خدمت ودیعت ہوا ہے تو دوسری جانب وہ زبردست جذبۂ انتقام بھی رکھتی ہے۔ اس کی خاموشی اور گوشہ نشینی سینکڑوں مفہوم ادا کرتی ہے۔

من آن شمعم کہ میسوزی سراپای
ور روشن میکنم ویرانہ ای را
اگر خواهم کہ خاموشی گزینم
پریشان میکنم کاشانہ ای را

فروغ کے نزدیک شاعری احساسات و جذبات کی ترجمانی کا نام ہے۔ اس کا کلام تصنع اور بناوٹ سے پاک ہے

شرمناک و پر از نیازی گنگ
با نگاهی کہ رنگ مستی داشت
بر دو چشمش نگاہ کردم و گفت
باید از عشق حاصلی برداشت
سایہ ای روی سایہ ای خم شد
در سیاہی راز پرور شب
نفسی روی گونہ ای لغزید
بوسہ ای شعلہ زد میان دو لب

اس کی اس بے باکی اور بے تکلفی کی وجہ سے بہت سے لوگ اس پر فحاشی اور عریانی کا الزام لگاتے ہیں لیکن اگر بنظر انصاف دیکھا جائے تو فروغ اس سلسلہ میں مجرم نہیں۔ وہ صرف صاف گوئی سے کام لیتی ہے۔ شاعری کو الفاظ کا کھیل نہیں بناتی، بلکہ جذبات سے شاعری کے دامن کو بھر دیتی ہے۔ اس کی یہ ہمت اور بے باکی کم قابل تعریف نہیں۔ فروغ اس بات کا شعور رکھتی ہے کہ وہ "عورت" ہے اور وہ اس کا اظہار برملا کرتی ہے۔ وہ نہیں چاہتی کہ وہ مرد کے لئے اپنی انفرادیت کو ختم کر دے۔ "توضیح" میں وہ کہتی ہے "من یک زن هستم و دل من و احساسات دل من با احساساتیکہ در دل یک مرد وجود دارد بسیار فرق دارد" ریا و نمود سے وہ کتنا گھبراتی ہے اس کا اندازہ ان الفاظ سے ہوگا، وہ کہتی ہے "من میخواهم و تصمیم دارم کہ

درشعرم همچنان زن باقی بمانم. من هیچ وقت احتیاج باین ندارم که تصور کنم ماسک عفت و عصمت بزنم و در باطن قیافهٔ دیگری داشته باشم بقول خیام:

گویند مرا که می پرستم هستم
گویند مرا فاسق و مستم هستم
در ظاهر من نگاه بسیار مکن
کاندر باطن چنانکه هستم هستم

اور پھر آخر میں اپنے اسی خیال کا اعادہ کرتے ہوئے کہتی ہے "ایک عورت کو اس بات کا حق ہے کہ وہ شعر میں بھی عورت ہو، اور جو لوگ اسے قبول نہیں کرتے انھیں چاہیئے کہ وہ اس دن کا انتظار کریں جب مغربی تہذیب و تمدن کی ترقی ہمارے ملک میں بھی عورتوں کو یہ حق دلا دے"۔ اسی کی طرف شجاع الدین شفا نے بھی فروغ کے مجموعہ کلام "اسیر" کے مقدمہ میں اشارہ کیا ہے "در این شعر منظوم تند و بی پروا اما بسیار زنده و با روح آمده شعری بود که در آن شاعر خود و احساس درونی خویش را بی تظاهر و پرده پوشی نشان داده بود، و شاید همین بیریائی بود که بدان جاذبهٔ ای خاص میداد"

میری نظر میں فروغ کے کلام میں جو چیز نئی اور قابل توجہ ہے وہ وہی فنی عامل یعنی ایک شاعرہ کے اعتراضات اور اپنے احساسات کو سختی سے علیحدہ رکھنا ہے۔

فروغ کے یہاں خیام کی طرح فلسفیانہ موشگافیاں اور سعدی کے پند و نصائح نہیں ملیں گے۔ فروغ حافظ سے بہت متاثر ہے۔ جوش و خروش رندی و سرمستی حافظ کی سی اُس کے کلام میں بھی پائی جاتی ہے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس کے یہاں عورت کی کس مپرسی، اس کی غلامی۔ جذبات و احساسات پائے جاتے ہیں۔ اس نے سازِ عشق نہیں چھیڑا عشق و محبت کے گیت نہیں گائے۔ اس نے صور انقلاب پھونکا ہے۔ اس کی نظموں میں پیام جہاد ہے، گو وہ خود بھی اس جنگ کی ابتدا اور انتہا سے واقف نہیں، وہ نہیں جانتی کہ انجام کیا ہوگا۔ بس وہ تو جنگ کے لئے ابھار دیتی ہے، اس کا نعرہ "جنگ، جنگ" "پیکار" "انقلاب" اس کی آرزو ہے کہ عورت مرد کے خلاف ہتھیار اُٹھالے۔ سماج کے خلاف بغاوت کردے۔ میرے خیال میں یہی پہلو اس کے کلام کی جان ہے۔ کیونکہ یہاں وہ مکمل طور سے عورت بن کر ہمارے سامنے آتی ہے۔ عورت کے جذبات کی عکاسی، ایک نوجوان عورت کا جوش و خروش مظلوم کے ظلم اور ظالم کے خلاف آواز۔ قدرتی طور پر اس میں جان پڑ جاتی ہے اور قارئین کو متاثر ہونا پڑتا ہے۔

اس کی یہ انفرادیت اور یہ خصوصیت کہ وہ شعوری طور پر اپنی صنف کو نہیں بھولتی اسے بہت ممتاز کر دیتی ہے۔ وہ حوا کی بیٹیوں کی ترجمان ہے۔ حقائق خواہ کتنے بھی تلخ ہوں وہ بہرصورت حقائق ہیں۔ گو اس کی اس تصویر کشی میں مرد کو ظالم۔ جابر۔ مجرم اور ڈکٹیٹر کی شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ کیا مردوں کے پاس اپنی صفائی کے لئے کوئی دلیل موجود ہے؟ کیا وہ اپنے سر سے اس الزام کو دور کر سکتے ہیں۔ اگر نہیں تو وہ خاموشی سے اپنے ظلم و جبر، نفس پرستی اور ہوسناکی کی تصویر کا بھیانک اور گھناؤنا رُخ بھی دیکھ لیں، جس کے خلاف مجبور اور مظلوم عورت بغاوت پر آمادہ ہے۔ وہ ایرانی خاتون کو شرم دلاتی ہے کہ تو ہی پسماندہ رہ گئی ہے، باقی دنیا کی عورتیں بیدار ہو چکی ہیں۔ تو ابھی خواب غفلت میں ہے۔

تنها تو ماندی ای زن ایرانی
در بند ظلم و نکبت و بدبختی
خواهی اگر که پاره شود این بند
دستی بزن بدامن سرسختی

وہ یہ بھی جانتی ہے کہ عورت "ماں" ہے۔ پھر بھی مرد کی برتری

اور عورت کی زیردستی شرمناک ہے۔

آنکس کہ آفریدہ دست توست
رحجان و برتریش ترا ننگ است
ای زن بخود بجنب کہ دنیای
در انتظار د با تو هم آهنگ است

وہ عورت کو مخاطب کر کے کہتی ہے "اے عورت! تو اپنی موجودہ حالت پر مطمئن ہے، کیا تیری حالت افسوسناک نہیں، تو مرد سے کب تک رحم کی درخواست کرے گی، لطف و مہربانی کی بھیک مانگے گی۔ حالانکہ تو تو وہ ہے کہ مرد تیرے سامنے سر تسلیم خم کرے۔"

زین بندگی و خواری و بدبختی
خفتن بگور تیرہ ترا خوشتر
بگو مرد پر غرور؟ ..... بگو بار
زین پس بدرگہ تو بساید سر

فروغ کی فطرت یہ گوارا نہیں کرتی کہ وہ اس جنگ میں دھوکہ دے یا فریب سے کام لے۔ نہیں دھوکہ سے تو اسے نفرت ہے۔ اس کی خواہش ہے کہ مرد کے کانوں تک بھی اسکی آواز پہنچ جائے، وہ مرد سے مخاطب ہے: "عورت جنگ کے لئے تیار ہو رہی ہے۔ تیرے ظلم و جبر کے خلاف وہ ہتھیار اٹھائیگی وہ اس جہاد کی راہ میں اپنی کمزوری پر آنسو نہیں بہائیگی بلکہ وہ آخر دم تک لڑیگی" کیونکہ مردوں کا یقین ہے کہ عورتیں صنف نازک ہیں اور بزدل بھی۔ جنگ و پیکار کی باتیں ان کے دل ہولا دیتی ہیں۔

کو مرد پر غرور؟ ..... بگو بر خیزد
کاینجا زنی بجنگ تو میخیزد
حرفش حق است و در رہ حق ہرگز
از روی ضعف اشک نمیریزد

اس کو اپنی فتح کا یقین ہے، یہ محض ہوائی قلعہ نہیں، بلکہ دلیل دیتے ہوئے کہتی ہے کہ حق ہمارے ساتھ ہے، اور آخر میں فتح حق کی ہوتی ہے۔

حرفش حق است و اسلحہ اش هم حق
فریاد خشم و درد بلبهایش
با مرد پر غرور بگو این زن
زین دایرہ برون نکشد پایش

مردوں نے عورت کو کبھی ایک کھلونے سے زیادہ قدر نہیں دی ہے۔ وہ ہمیشہ اس کو اپنی عیش و عشرت کا ذریعہ خیال کرتے ہیں۔

باو جز از ہوس چیزی نگفتند
در او جز جلوہ ظاہر ندیدند
بہر جا رفت در گوشش سرودند
کہ ..... زن را بہر عشرت آفریدند

خانم فروغ کی نظر میں مرد بے وفا ہے، دھوکہ باز، فریبی ہے۔ اصل میں یہ سوال آفرینش سے چلا ہے کہ مرد بے وفا ہے یا عورت؟ چونکہ دونوں گروہ صنف کے بارے میں سوچتے ہیں تو فطری طور پر ان کا تعصب سے پاک نہیں ہوتا، افراط و تفریط سے کام ہوئے انصاف کا دامن چھوڑ دیتے ہیں۔ اس کے شعور عورت چھائی ہوئی ہے، چنانچہ وہ مرد کو کیسے معاف کر سکے

راز این حلقہ کہ در چہرہ آن
اینهمہ تابش و رخشندگی است
مرد میران شد و گفت
حلقہ خوشبختی است، حلقہ زندگی است

لیکن انجام کار:

زن پریشان شد و نالید کہ ..... وای ..... این حلقہ کہ د

بازهم تابش درخشندگی است

فروغ اپنی نظم "بخواهرم" میں ہمارے سامنے
ب انقلابی کی شکل میں آتی ہے۔ اس کی خواہش ہے کہ تمام
م و رواج کو توڑ ڈالے۔ عورت اپنے حقوق طلب کرے اور
رد کے دربار میں اس کی شنوائی نہیں ہوتی تو پھر وہ تیار
جائے بغاوت اور انقلاب کے نعرے لگائے۔ آگے
کر اپنا حق چھین لے فروغ نے جہاں دعوت انقلاب دی ہے،
ہاں اس نے اپنے نظریات کے لئے کسی دلیل کی ضرورت
یال نہیں کی۔ کوئی راستہ یا طریقہ کار نہیں پیش کیا۔ محض
وش اور جذبات۔ وہ محسوس کرتی ہے کہ اب وقت آگیا
ہ "انقلاب زن زندہ باد" کا نعرہ لگا دیا جائے۔ جو بھی اس کی
ہ رکاوٹ ثابت ہو اسے ہٹا دیا جائے۔ اس کے تمام
بوعہ کلام میں مجھے یہی نظم سب سے اچھی معلوم ہوئی ہے۔
یسے اس میں جوش و خروش بھی بدرجہ اتم موجود ہے۔

خیز از جای و طلب کن حق خود
خواهر من ...... زچه رو خاموشی
خیز از جای که باید زین پس
خون مردان ستمگر نوشی

فروغ فرخزاد کو یہ گوارا نہیں کہ کوئی اسے ضعیف
ور کمزور رکھے یا اس کی آزادی سلب کرکے خانہ نشین
کردے۔ وہ تو آزادی کے ساتھ جینا چاہتی ہے وہ اپنی
بہنوں کو للکارتی ہے "حوا کی بیٹیو اٹھو۔ قدم بڑھاؤ
میدان میں آؤ۔ اب وقت آگیا ہے"

خیز از جای و طلب کن حق خود
از کسانی که ضعیفت خوانند
از کسانیکه بصد حیله و فن
گوشهٔ خانه ترا بنشانند

اپنی صنف اور جنس کی حالت دیکھ کر وہ گھبرا اٹھتی ہے۔
اس کو عورت پر بھی غصہ آتا ہے کہ اس نے آج تک اپنی
آزادی کا مطالبہ کیوں نہیں کیا؟ لطیف پیرایہ میں طنز
بھی ہے

تا بکی در حرم شهوت مرد
مایهٔ عشرت و لذت بودن
تا بکی همچون کنیزی بدبخت
سر مغرور بپایش سودن

عزت نفس اور خودداری کی تعلیم کتنے عمدہ پیرائے میں
دے رہی ہے۔

مرد نے اپنی آتش شہوت و ہوس کو سرد کرنے کے
لئے ایسے قوانین کا اجراء کیا جس سے وہ خوب داد عیش
دے سکے، انصاف کی ترازو ہاتھ میں لے کر اپنے منافع اور
فوائد کا پلڑا ہمیشہ جھکایا۔ عورت کو اس نے زر خرید لونڈی
خیال کیا جس کے نتیجہ میں سماجی ناہمواری پیدا ہوگئی عورت
کے خیالات، جذبات، افکار، احساسات ان سب کی طرف
اس نے ذرا توجہ نہیں دی۔ اپنی ہوس اور شہوت کے اندھیرے
میں مرد نے فطرت کے تقاضوں کو بھی نظر انداز کر دیا اور عورت
کو بوالہوسی کا شکار بنانا چاہا۔

تا بکی در ره یک لقمه نان
صیغهٔ حاجی صد ساله شدن
هووی دوم و سوم دیدن
تا بکی ظلم و ستم خواهر من

خانم فروغ کی آرزو ہے کہ یہ "نالۂ دل" "نعرۂ انقلاب"
بن جائے۔ عورت اس بند غلامی سے نجات پائے اور اس
کے لئے وقت کا انتظار نہیں کرنا چاہیئے اس کی زندگی کا یہی مقصد
ہے کہ وہ عورت کو آزاد دیکھے۔

بایداین نالہ خشم آلودت
بیگمان نعرہ و فریاد شود
باید این بند گران پارہ کنی
تا ترا زندگی آزاد شود

یہ جنگ ذاتی یا انفرادی مفاد کیلئے نہیں لڑی جائیگی۔ حق کے لئے مشترکہ منافع کے لئے اور ظلم و ستم کے خلاف فتح حق کی ہوگی لیکن بغیر جد و جہد اور کوشش کے نہیں مسلسل کوشش کی ضرورت ہے۔

خیز از جا تی و بکن ریشۂ ظلم
راحتی بخش دل پر خون را
جہد کن ...... جہد ...... بہ تغییر دہی
بہ آزادی خود قانون را

فروغ کی عریانی اور فحاشی یہ بھی ایک مستقل موضوع ہے ہم بغیر اس پر بحث کئے کہ یہ کس حد تک درست ہے، صرف اتنا عرض کریں گے کہ فروغ کی شہرت کے اسباب میں سے یہ ایک اہم سبب ہے، موجودہ ایرانی نسل میں اس کی مقبولیت کی عوامل تین ہیں اور ان میں عریانی درجہ اول پر ہے۔

(۱) عریانی (۲) سادگی (۳) جذبات و احساسات

جو لوگ اس کے کلام کو پسند کرتے ہیں یا پڑھتے ہیں وہ بھی تین مختلف طبقوں پر مشتمل ہیں۔

(i) **قدامت پسند طبقہ** :- یہ طبقہ فروغ کے کلام کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ اس کے کلام کو فحاشی۔ برہنگی اور ذہنی عیاشی قرار دیتا ہے۔ یوں کہنا چاہئے کہ اس طبقہ میں فروغ بہت بدنام ہے۔

(ii) **نوجوان طبقہ** :- اس میں ایک گروہ وہ ہے جو فحاشی کو پسند کرتا ہے، کیونکہ اس سے ان کے جذبات کی تسکین ہو جاتی ہے اور ذہنی عیاشی بھی۔

(iii) **جدت پسند طبقہ** :- یہ لوگ سنجیدگی سے فروغ کے کلام میں گیرائی و گہرائی پاتے ہیں۔ ان کے نزدیک ادب میں صحیح اور سچے جذبات کی ترجمانی ہونی چاہیئے، انھیں اس سے بحث نہیں کہ کہنے والا کون ہے اور کیا کہا ہے، یا کہنے کا انداز کیا ہے۔

چونکہ یہ ایک علیحدہ اور مستقل موضوع ہے، اس لئے اس بحث میں ہم نہیں پڑیں گے، البتہ فروغ کے کلام سے چند مثالیں دیں گے تاکہ قارئین کو اندازہ ہو سکے۔

فروغ کی نظر میں مرد محبوب ہے اور وہ اس کی عاشق "ہرجائی" میں وہ کہتی ہے۔

تا کی زعشق خویش سخن گوئی
گر بوسہ خواہی از لب من بستان

اور "شب" میں: زان بوسہ کہ بر لبت زدم یکشب
سوزندہ تر آذری نمی یابی

"از یاد رفتہ" میں وہ بہت نڈھال نظر آتی ہے۔ اس میں صرف آرزو ہے جہد عمل کا کوئی پیغام نہیں۔

کاش این لب کہ مرا میبوسد
لب سوزندۂ آن بدخو بود
میکشندم چو در آغوش بہم
من بفکرم کہ چہ شد آغوشش

اور "ناشناس" میں کہتی ہے:

لب بر لبش نہادم و نالیدم از ہوس
"کای مرد ناشناس بنوشش این شراب را"

"دعوت" میں مرد کو دعوت دیتی ہے۔

بیا با دنیائی از زرد ...... با من بپرہیز و این دوری
فدای لحظہ ای شادی کن این دنیای مستی را

لبت را جز بہ زنا تا از ین جام پر از بادہ
چنار مستت کنم تا خود بفہمی قدر مستی را

اس کا محبوب ایک مسافر ناآشنا ہے

باز ھم در بستر آغوشش من
رہروی درخواب شد ... درخواب شد

وہ مرد کو دھوکہ باز اور فریبی کہتی ہے، لیکن کبھی اس کی آرزو
کرتی ہے۔

در یاد آور آن زن دیوانہ را کہ خفت
یکشب بر دو ... مست عشق و ناز

ای مرد ...... ی تشنہ تم بیا لہ باز
بر سینہ پر آتش خود بفشار مرت

اس کے ہونٹ پیاسے ہیں، وہ مرد کے لبوں کی آرزو
کرتے ہیں، اس کا ہر ... انس قصۂ عشق بیان کرتا ہے۔

باز لبہائے عطش کردۂ من
لب سوزان ترا میجو ... یار
می طپد قلبم دیا سر طپشی
قصۂ عشق ترا میگوید

فروغ کا فن ترقی کر رہا ہے۔ کمال کے درجہ
پر نہیں پہنچا ہے، اس کے یہاں جوش و خروش ہے تلخ
حقیقتیں ہیں، لیکن وہ شعری خوبیاں نہیں جس سے کلام دلی اور
شاعری پیغمبری ہو جاتی ہے۔ اس درجہ پر پہنچنے کے لئے کلام کو
وقت اور زمانے کی ضرورت ہے لیکن فروغ کی صلاحیتیں سے
اس درجہ پر جلد ہی پہنچا دینگی اور یہی فروغ کی معراج کمال ہوگی۔

فکرِ جاوید

از جاوید صدیقی

ضوفشاں دل میں ہیں یوں غم کی بہاروں کے دیئے
جیسے تاریک فضاؤں میں ستاروں کے دیئے

تیز رو بادِ حوادث ذرا کچھ دیر ٹھہر
بجھنے والے ہیں غم و درد کے ماروں کے دیئے

گر گئی برق تو کیا غم کہ نشیمن میں مرے
رہبرِ اہلِ گلستاں ہیں شراروں کے دیئے

تیری پلکوں پہ ہیں آنسو کہ جلائے ہیں کہیں
رودِ گنگا کے پجاری نے کناروں کے دیئے

دل میں یوں پاتا ہوں کچھ یاس زدہ امیدیں
جیسے تاریک بیاباں میں مزاروں کے دیئے

زندہ رہنا ہے تو جاوید جگر خون کرو!
زندگی چاہتی ہے اشک کے دھاروں کے دیئے

آنکه میخواهی منم

از :- ڈکتر ٹاگور

(۱)

چراغ در کنارِ بسترِ من خاموش شده بود
سحرگاهان با صدائے نغمات پرندگان بیدار شدم
درکنارہ پنجرۂ باز خود نشستم و موہای خود را در یک
تاج گل محصور کردم درین غلیط روشن سحرگاہ مسافر ناشناس در
طول جادہ میرفت گردن بند مروارید بگردن داشت و اشعۂ خورشید
بروی تاج او میدرخشید در مقابل درِ خانہ ام ایستادہ با حرارتِ عشق
از من پرسید آن دختر کجاست! شرمگین و خجلت زدہ شدم و نمی توانستم
جوابش گویم که "ای مسافرِ جوان" آنکس را کہ میخواہی منم!

(۲)

عصر فرا رسیدہ بود و چراغ ہنوز روشن نشدہ بود۔
موہایم را باندہ و بہت می بافتم
خورشید شعاع کمرنگ غروب را می تابانید۔
مسافرِ جوان با ارابۂ خود رسید۔
موہایش تیرہ ولباسش پر گرد و خاک بود
مقابل درِ خانہ ام پیادہ شد
و با صدای خستہ اش پرسید پس آن دختر کجاست؟!
شرمگین و خجلت زدہ شدم و نمی توانستم جوابش گویم کہ "ای
مسافرِ جوان" آنکس را کہ تو میخواہی منم"۔

(۳)

یک شب بہاری است، چراغ در طاقِ من می سوزد،
باد جنوب آرام آرام میوزد و طوطی پُرحرف در قفسِ خود
بخواب رفتہ است"!

جسکی جستجو میں تو ہے وہ میں ہی ہوں

از : ڈاکٹر ٹیگور

(۱)

میرے سرہانے جلتا ہوا چراغ خاموش ہو چکا تھا جبکہ علی الصبح
پرندوں کے چہچہوں سے بیدار ہو گئی۔ ایک کھلی کھڑکی کے پاس
بیٹھ کر میں نے اپنے بالوں کو پھولوں کے تاج کی طرح سجا لیا، صبح
کے دُھندلکے میں، میں نے دیکھا کہ ایک اجنبی مسافر وہ رہگذر سے
جا رہا ہے، جس کی گردن میں موتیوں کی مالا تھی اور سورج کی کرنیں
اُس کے تاج کو جگمگا رہی تھیں۔ میرے دروازہ کے سامنے آ کر کھڑا
ہو گیا۔ جوش اور رغبت بھرے لہجہ میں مجھ سے پوچھا "وہ لڑکی کہاں
ہے؟" میں ایسی شرمائی کہ یہ بھی نہ کہہ سکی کہ اے مسافرِ جوان"
جس کی جستجو میں تو ہے" وہ میں ہی ہوں"۔

(۲)

دُھندلکا ہو چکا تھا، مگر ابھی چراغ روشن نہ ہوئے تھے
پریشانی کے عالم میں، میں اپنے بالوں کو لپیٹ رہی تھی
سورج کی مدھم شعاعیں غروب کی خبر دے رہی تھیں
کہ وہی مسافرِ جوان اپنی سواری پر آ گیا۔
اس کے بال بکھرے ہوئے اور لباس گرد آلود تھا
میرے مکان کے سامنے آ کر نیچے اُتر گیا
اور خفیف آواز سے پوچھا "وہ لڑکی کہاں ہے"؟
میں ایسی شرمائی کہ یہ بھی نہ کہہ سکی "اے مسافرِ جوان
جس کی جستجو میں تو ہے، وہ میں ہی ہوں"

(۳)

ایک موسم بہار کی شب تھی، چراغ کمرے میں جل رہا تھا
نرم نرم ہوا چل رہی تھی۔ خوش الحان طائر نے اپنے آشیانوں پر
سو چکے تھے۔

رنگ پیرهنم ام چون رنگ گلوی طاوس و روی پوستین من رنگ سبز علفی در آمده است!"
نزدیک پنجره، ولی روی زمین نشسته ام و بگوشه خلوتی که حتی یک عابر از آن نمی گذرد نگاه میکنم"
در تاریک ظلمانی شب و در انزوای مطلق، آهسته و بزاری نجود زمزمه میکنم:-
"ای مسافر جوان" "آنکس که در جستجویش هستی منم. آری منم"
(ترجمه از ابو در صداقت)

میں آسمانی رنگ کا بلاؤز اور دھانی رنگ کی ساڑھی پہنے کھڑکی کے پاس زمین پر تنہا بیٹھی تھی اور کوئی متنفس جسکو میں دیکھ سکتی، ادھر سے نہیں گذر رہا تھا"
آخر رات کے اندھیرے اور سناٹے میں میں اس طرح گنگنانے لگی۔ "اے مسافر جوان! جسکی جستجو میں تو ہے، میں ہی ہوں" "ہاں" "میں ہی ہوں۔"
(ترجمہ از عظمت علی)

آخرین پیام

(پرناک)

خامش مبین، که عاشق بیدار دیده ام — بردار دام، کز لب بامت پریده ام
دیگر مخواه در پیت آیم، که سالها — چون سایه در قفای تو بیهوده دیده ام
گوشم دگر بقصه تلخ تو نیست نیست — من بارها فسانه عشقت شنیده ام
دیگر شراب بوسه بجامم لبم مریز — صد بار طعم باده تلخت چشیده ام
پنهان مشو، که آگهم از سوز و ساز تو — من مرغ دام دیده هجران کشیده ام
دیگر فریب مستی چشمت نمی خورم — خود [illegible] جاودانه میخانه دیده ام

بر عارض و دوش زلف شکن در شکن مریز
بردار دام، کز لب بامت پریده ام

عهد شکن

ای از تو مرا امید بهبودی نه — با من تو چنانکه بیش ازین بودی نه
میدانستم که عهد و پیمان مرا — درهم شکنی ولی باین زودی نه

(امیر خسرو دهلوی)

از نظام الدین احمد تبریزی گرگانی

"ابوریحان بیرونی اور جغرافیۂ عالم"

انجمن بزم ایران نے کلکتہ میں علامہ بیرونی کے جشن پیدائش کی تقریب پر ۱۹۵۱ء میں ایک رسالہ شائع کیا تھا جس میں امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم نے مندرجہ بالا عنوان پر ایک گرانقدر علمی مقالہ فارسی زبان میں تحریر کیا تھا۔ جو ہندوستان کے سہ ماہی ادبی و علمی مجلے "ایران و ہند" میں شائع ہو کر فارسی داں اہل علم سے خراج تحسین حاصل کر چکا ہے۔ اردو داں طبقے کی معلومات اور تشفی کے لئے اس مقالے کے اہم اقتباسات کا آزاد اردو ترجمہ "ماہنامہ آہنگ" میں پیش کیا جا رہا ہے۔

ابو ریحان محمد بن احمد البیرونی (سنہ ۳۶۲ھ/۹۷۳ء) ملک خوارزم کے شہر بیرون میں پیدا ہوئے۔ آپ سلطان العارفین شیخ ابو سعید ابوالخیر، علامہ ابوالفضل بیہقی اور شیخ الرئیس حکیم ابو علی ابن سینا کے معاصر تھے۔

فلسفہ و حکمت، ادب و تاریخ، جغرافیہ اور ریاضیات میں یگانۂ روزگار اور اپنے علم و فضل کی بدولت نہایت اعزاز و احترام کے مستحق سمجھے جاتے تھے بالخصوص سلطان مسعود غزنوی آپ کی بہت زیادہ قدر و منزلت کرتا تھا۔

کہا جاتا ہے کہ علامہ بیرونی نے مختلف علمی اور فنی مباحث پر سو کتابیں تصنیف کیں لیکن ان میں سے بیشتر نایاب ہیں۔

آپ ہندوستان میں طویل مدت تک قیام پذیر رہے۔ اور سلطان محمود غزنوی کے حملوں کے دوران میں یہیں موجود تھے۔

ہندوستان کے زمانۂ قیام میں بیرونی نے یہاں کے ہندو علماء سے سنسکرت کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ اور اس کے بعد باشندگان ہند کے عقائد، رسم و رواج، ہیئت و فلسفہ اور اہم تاریخی مسائل کے متعلق نہایت مفید اور مستند معلومات کافی تحقیق و تلاش کے بعد اپنی کتاب "مالِلہند" میں تحریر کئے

اس کتاب میں اہل ہند کے افکار و عقائد کے باب میں انھوں نے جس حزم و احتیاط سے کام لیا ہے۔ اور واقعات کو جس قدر دیانت اور صداقت کے ساتھ بیان کیا ہے وہ ان کی بلند نظری، بے تعصبی اور انصاف پسندی کی روشن دلیل ہے۔

لاریب کہ علامہ کی یہ کتاب ہندوستان کے مستند تاریخی ماخذوں میں بہت بلند مقام رکھتی ہے۔ اور کوئی مورخ اس ملک کی صحیح اور محققانہ تاریخ لکھتے وقت اس کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کر سکتا۔

"مالِلہند" کی تالیف و ترتیب سے فراغت کے بعد علامہ بیرونی نے اپنی دوسری معرکۃ الآراء کتاب "قانون مسعودی" کو مدون کیا جو سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی کے نام پر معنون ہے

"قانون مسعودی" ہیئت و جغرافیہ سے متعلق فاضل مصنف کی عالمانہ تحقیقات اور ماہرانہ

تفہیمات کا ایک گرانقدر مجموعہ ہے۔ اس کتاب میں (۱۰) مقالے ہیں۔ اور ہر مقالہ کم از کم (۹) اور زیادہ سے زیادہ (۱۸) ابواب پر مشتمل ہے۔ اس کی اہمیت کا اندازہ ...... اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ یورپ کی اکثر زبانوں میں اس کا ترجمہ ہوچکا ہے۔

پانچویں مقالے میں علامہ نے کرۂ ارض کے متعلق خاص طور پر نہایت مفید معلومات فراہم کئے ہیں اور جدولوں (نقشوں) کے ذریعہ سے بڑے بڑے ملکوں اور مشہور شہروں کا عرض و طول متعین کیا ہے۔ اسی مقالے میں انھوں نے ہندوستان افغانستان اور چین وغیرہ کے بارے میں بہت مکمل اطلاعات بہم پہنچائی ہیں۔ جن سے ان کی حیرت انگیز فنی قابلیت ... غیر محدود اکتشافی صلاحیتوں کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔

یونانی ہیئت کے عام رواج سے قبل ستاروں وغیرہ کے احوال و اوضاع کا پتہ لگانے کے لئے اہل عرب ہندوستان ہی کے علم ہیئت کا اتباع کرتے تھے۔ اور ان کے جغرافیائی طول و عرض کا ماخذ بھی ہندوستان کی وہی قدیم کتاب تھی جو "سدھانت" کے نام سے مشہور ہے۔ لیکن جب خلیفہ مامون رشید کے عہد حکومت میں ہیئت کی معروف کتاب "مجسطی" تیار ہوگئی اور اس کے ذریعہ سے بطلیموسی ہیئت کے اصول و ضوابط عربی زبان میں منتقل ہوکر عام ہوگئے، تو اہل عرب کی تمام تر توجہ بطلیموس کی ہیئت کی طرف مرکوز ہوگئی اور چونکہ اس کی ہیئت کا حساب ہندی حساب سے زیادہ صحیح اور منضبط تھا اس لئے وہ خصوصی توجہ کا مستحق بھی تھا۔

عربی ریاضیات دراصل تیسری صدی ہجری میں عالم وجود میں آئے اور اسی دور میں اس میں دو اہم شعبے پیدا ہوئے۔

۱۔ ہیئت کروی (۲) ہیئت آز مائشی

لیکن یہ دونوں شعبے ابھی بالکل ابتدائی حالت میں تھے۔ اور جس قسم کی ترقی اس فن کے لئے درکار تھی وہ نہ ہوسکی۔ تاہم دنیا کا سب سے پہلا جغرافیائی نقشہ غالبًا مامون الرشید ہی کے عہد میں مرتب ہوا دوسرے ماہرین فن اور سیاحوں کے نقشے اس کے بعد تیار ہوئے ہیں۔ ان نقشوں میں سے کچھ نقشے آج بھی موجود ہیں۔ مگر یہ سب بہت سادہ اور اجمالی ہیں۔ جن میں صرف اقالیم کی ہفت گانہ تقسیم پر اکتفا کی گئی ہے۔ عرض و طول کا تعین نہیں ہے۔ اب تک ہفت اقلیم کے جو نقشے دستیاب ہوسکے ہیں ان میں سے ایک ادریسی کا نقشہ بھی ہے جو کافی اہم اور مشہور ہے۔ مرتب نے کتاب "نزہتہ المشتاق" میں اس کی شرح بھی کی ہے۔

یہ نقشہ ادریسی نے علامہ بیرونی سے ۲۰،۶۰ سال پہلے ترتیب دیا تھا۔ اور کہا جاتا ہے کہ یورپ کے علمائے جغرافیہ اور بڑے بڑے جہاز راں تقریبًا سولھویں صدی عیسوی تک اس سے استفادہ کرتے رہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ فنی اور تحقیقی اعتبار سے بیرونی کا تیار کیا ہوا نقشہ اس سے بہت زیادہ ممتاز ہے۔

ادریسی نے اپنے نقشے میں سابق ماہرین فن

کے معلومات و انکشافات کو حسنِ ترتیب کے ساتھ ٹھیک ٹھیک اسی طرح نقل کر دیا ہے جس طرح انھوں نے بیان کئے تھے۔ خود اپنی رائے اور تحقیق کو دخل نہیں دیا ہے۔ لیکن بیرونی نے پہلے علماء کے معلومات کو صرف نقل ہی نہیں کیا، بلکہ نہایت غور و فکر اور تجربات کے بعد ان میں کافی اضافے اور جدتیں پیدا کیں۔ علامہ بیرونی کے زمانہ تک عام دستور تھا کہ جغرافیہ کی کتابوں میں سیاحوں کے بیان کئے ہوئے بہت سے افسانے اور قصے بھی شامل کر دیئے جاتے تھے جو اہل تحقیق کی نظر میں قابل اعتبار نہیں ہوتے تھے لیکن ان کی دقیقہ رس نظروں نے فن اور اہل فن کی اس غیر محتاط روش کو بہت جلد تاڑ لیا اور اپنی کتابوں میں اس طریقہ کو ختم کر دیا۔

یہ صحیح ہے کہ علامہ بیرونی سے پہلے عربستان افریقہ، ایشیائے کوچک، ایشیائے غربی، روم اور ہسپانیہ کے عمومی جغرافیہ سے متعلق نہایت مفید معلومات اہل عرب مہیا کر چکے تھے۔ چنانچہ ہمدانی اور اصطخری نے اپنی کتابوں میں عربستان اور ایشیائی غربی کے جغرافیئے کو ضروری تفصیل اور علمی اصول کی پابندی کے ساتھ بیان کیا ہے لیکن وسط ایشیا، ہندوستان اور جزائر غرب الہند کے حالات اور جغرافیئے سے وہ ابھی پوری طرح واقف نہ تھے علامہ بیرونی نے اپنے مشاہدات اور اجتہادات سے کام لے کر ان مقامات کے نقشے اور جغرافیائی حالات مرتب کئے اور ان کا یہ کام درحقیقت ان کے فنی کارناموں میں سب سے زیادہ اہم ہے۔

علامہ بیرونی کے بعد عالم اسلامی میں متعدد رصد خانے قائم ہوئے اور ان کی مدد سے جغرافیہ اور ہیئت کی عظیم الشان خدمات انجام دی گئیں۔ لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ بیرونی کے افادات بعد کے لوگوں کے لئے شمع ہدایت اور نشان منزل ثابت ہوئے۔ کوئی ماہر فن دیانتداری کے ساتھ یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اس نے بیرونی کے وسیع تجربات اور انکشافات سے خاطر خواہ استفادہ نہیں کیا۔

ابن یک، محقق طوسی، علامہ قوشجی، ابوالفدا اور یاقوت جیسے بلند پایہ حکما نے علامہ بیرونی کے فضل و کمال کا نہ صرف اعتراف کیا ہے بلکہ اپنے نقشوں وغیرہ کی ترتیب و تکمیل میں ان کے فراہم کردہ معلومات اور مرتب کئے ہوئے نقشوں سے کافی مدد لی ہے۔

مختصر یہ کہ علامہ بیرونی کو اگر ان کی فنی مہارت، اجتہادی قابلیت اور مجددانہ شخصیت کے اعتبار سے اپنے زمانہ کا "ارسطو" کہا جائے تو بالکل بجا اور درست ہے۔

علم و دانش اور فضل و کمال کا یہ آفتاب (۴۴۰ھ / ۱۰۴۸ء) میں ۷۸ سال کی عمر میں ہمیشہ کے لئے غروب ہو گیا۔ مالہند اور قانون مسعودی کے علاوہ آثار باقیہ، تحدید نہایات الاماکن، تہذیب الاقوال فی تصحیح الطول والعرض، تصحیف المنقول من العرض والطول، تصحیح الطول والعرض للمساکن المعمورۃ من الارض۔ ان کی یادگار تصنیفیں ہیں۔

صغریٰ تسنیم

بیدر

دکن میں قدیم اسلامی تہذیب کا ایک گہوارہ

منزلیں گرد کی مانند اڑی جاتی ہیں
وہی اندازِ جہانِ گذراں ہے کہ جو تھا

دکن کا قدیم ... بہمنی و بریدیہ شاہی پایہ تخت حیدرآباد سے بہت دور ایک قصبہ میں بنا ہوا ہے جو بیدر کے نام سے مشہور ہے تاریخ میں اس کا ذکر ۱۳۲۲ء سے جبکہ مسلمانوں نے اسے فتح کیا تھا پیدا آتا ہے۔ ۱۳۴۷ء میں وہاں ایک معمولی حیثیت والے آدمی نے جو کسانوں کے طبقہ سے تعلق رکھتا تھا اور ظفرخاں کے نام سے مشہور تھا بہمنی سلطنت کی بنیاد ڈالی اور علاؤالدین بہمنی بادشاہ کے نام سے اپنی حکومت کا دور دورہ شروع کیا۔

ظفرخاں کے متعلق مختلف روایات مشہور ہیں۔ وہ ۱۲۹۰ء میں پیدا ہوا تھا بیس سال تک اس نے ایک کسان کی حیثیت سے زندگی بسر کی۔ اس کے آقا نے جو دہلی کا ایک برہمن تھا اسے ایک قطعہ زمین زرمزدوری اور بیلوں کی ایک جوڑی دیدی تھی ایک دن کھیت جوتتے وقت اسے وہاں ایک برتن اشرفیوں سے بھرا ہوا ملا جسے وہ اپنے برہمن آقا کی خدمت میں لے گیا۔ سلطان دہلی نے جب یہ خبر سنی تو اس کی ایمانداری سے خوش ہو کر اسے ایک سو سواروں کا سردار مقرر کر دیا۔ آقا نے اپنے ملازم کی غیر معمولی ترقی پر متعجب ہو کر زائچہ ڈالا اور یہ پیشین گوئی کی کہ وہ ایک نہ ایک دن بادشاہ کے رتبہ کو پہونچے گا۔

۱۴۲۹ء تک بہمنی بادشاہوں کا دارالخلافہ گلبرگہ تھا لیکن چونکہ یہ جگہ نشیب میں واقع ہے اور نسبتاً گرم بھی ہے اس لئے بہمنی خاندان کے دسویں بادشاہ احمد شاہ نے ۱۴۲۹ء میں بیدر کو اپنا پایہ تخت منتخب کیا۔ کیونکہ یہاں کی آب و ہوا اچھی ہے اور یہ جگہ سطح سمندر سے بھی ۲۳۰۰ فٹ کی بلندی پر واقع ہے۔ تین سال کی لگاتار محنت کے بعد وہاں ایک مضبوط قلعہ تعمیر کیا گیا جو بہت جلد اپنی مشرقی شان و شوکت کے لئے مشہور ہو گیا۔ اسلامی شان اور فن تعمیر کو برقرار رکھنے کے لئے اگر مغل بادشاہوں نے شمالی ہندوستان کو جنت بنایا تو بہمنی اور بریدشاہی بادشاہوں نے بھی جنوبی ہند کو کچھ کم رشکِ جنت نہ بنایا۔ احمد شاہ کے لڑکے علاؤالدین ثانی نے مختلف شہروں کو اور بالخصوص بیدر کو محلات اور باغات وغیرہ سے اور زیادہ مزین و آراستہ کیا۔

اس کے بعد ہمایوں شاہ کا دور شروع ہوا لیکن وہ اتنا ظالم اور بے رحم تھا کہ اس کا خطاب ہی ظالم ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ ایک دفعہ اسکی عدم موجودگی میں اس کی سلطنت کے ایک حصے میں بغاوت ہو گئی۔ اس لئے اس نے ان دو ہزار سپاہیوں کو جو وہاں متعین تھے تہ تیغ اور کوتوال شہر کو لوہے کے پنجرے میں بند کروا دیا اور روزانہ اس غریب کے جسم کا ایک عضو کاٹ کر اسے اس کے کھانے پر مجبور کیا جاتا تھا حتیٰ کہ کچھ دنوں میں وہ مر گیا۔ ظاہر ہے کہ ایک حکمراں جس کے ظلم و تشدد کی نوبت یہاں تک پہونچ گئی ہو اپنے اندر ... نفاست کب پیدا کر سکتا ہے۔

ہمایوں شاہ کے بعد اس کے وارثوں میں خانہ جنگیاں شروع ہو گئیں۔ اور شہر کو پے در پے مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ اس لئے اس دور میں ان شہروں نے کوئی ترقی نہ کی

اور ان کی عظمت و شوکت میں بجائے افزائش کے کمی ہی آتی گئی یہاں تک کہ عیاش اور کمزور حکمرانوں کی بدولت تباہی اور بربادی نے انہیں آپکڑا اور یہ جانفزا خطے اپنے شباب پر پہنچنے سے پہلے ہی تخریب کی طرف گامزن ہونے لگے۔ لیکن مثل مشہور ہے کہ جسے اللہ رکھے اسے کون چکھے۔ محمد شاہ ثانی کے زمانہ میں اس کی عیاشیوں کی بدولت اس کا وزیر قاسم برید اتنا زور پکڑ گیا کہ حقیقتاً لوگ اسی کو خودمختار بادشاہ سمجھ بیٹھے، بالآخر نوبت یہاں تک پہونچی کہ ۱۴۹۲ء میں قاسم برید کے پوتے علی برید نے شاہی خطاب اختیار کرکے برید شاہی خاندان کی بنیاد ڈالی جو اس وقت سے ۱۶۵۶ء تک (یعنی اورنگ زیب کی فتح تک) برسراقتدار رہا اور اس طرح بیدر کی حسن و دلکشی نے ایک دفعہ پھر کروٹ بدلی اور اسے اس کی عظمتِ رفتہ واپس مل گئی۔

ایک عرصہ تک بیدر مغل سلطنت کے زیر اقتدار رہا۔ یہاں تک کہ نظام الملک اول نے اپنی خودمختاری کا اعلان کرکے کل دکن پر اپنا قبضہ و اختیار جما لیا۔ باوجود زمانہ کی نیرنگیوں اور تباہیوں کے بیدر میں اب بھی پچھلی شان و شوکت کے کچھ نہ کچھ آثار موجود ہیں۔ یہ اپنے زمانہ میں ہندوستان کے مہذب اور دولتمند شہروں میں شمار کیا جاتا تھا۔ اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اورنگ زیب کی فتح کے وقت یہاں بارہ لاکھ روپیہ نقد اور آٹھ لاکھ روپیہ کی بارود و دیگر سامان کے علاوہ بطور مال غنیمت ہاتھ لگی۔ اورنگ زیب نے ستائیس دن کے محاصرہ کے بعد بڑی دقتوں اور کوششوں سے اسے فتح کیا تھا۔ اس کی دیواریں نہایت بلند اور مضبوط تھیں اور اتنی بڑی بڑی توپیں ان میں نصب تھیں کہ اس زمانہ کے بڑے سے بڑے دشمن کا پتہ پانی کرنے کے لئے کافی تھیں۔ ان میں سے ایک توپ تقریباً ۲۹ فٹ لمبی ہے اور ۱۸ انچ موٹی لوہے کی چادر سے تیار کی گئی ہے اور اس میں گولہ ڈالنے کے دھانے کی گولائی کا قطر گیارہ فٹ ہے۔ بعض توپوں پر بنانے والوں کے نام بھی کھدے ہوئے ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی درج ہے کہ اس میں کتنی بارود ڈالنی چاہئے۔

برید خاندان کے بادشاہوں کو عمارتیں بنوانے کا بہت شوق تھا۔ انھوں نے قلعہ کی عمارتوں میں جو اضافے کئے ہیں وہ قابل ذکر ہیں۔ انھوں نے قلعہ کے اندر ایک عمارت بنوائی جو رنگ محل کے نام سے مشہور ہے۔ اسے رنگین ٹائیل سے مزین کیا گیا ہے۔ اس کے پاس کی عمارت منقش چوبی ستونوں پر بنائی گئی جس پر کسی زمانہ میں سونے چاندی کا کام تھا لیکن اب محکمہ امور عامہ اس پر ہر سال قلعی کرا دیتا ہے۔

اسی کڑی کے ایک اور بادشاہ علی برید نے قلعہ میں ایک بڑا کمرہ بھی بنوایا جسے شاہ نشین کہتے ہیں۔ یہ اب بھی اپنی پچھلی شان و شوکت اور حسن و خوشحالی کا اعلان کر رہا ہے۔ اس کے اندر کے نقش و نگار قابل دید ہیں۔ اس عمارت میں ایرانی فن تعمیر خوب نمایاں ہے۔ دوسرے شاہی محلات جن میں سے بیشتر اب کھنڈر ہو گئے ہیں اس سے بھی تقریباً سو سال قبل محمد شاہ بہمنی نے تعمیر کرائے تھے۔ ان محلات کے وسیع کمرے اور نہریں اس زمانہ کی شان و شوکت اور ان کی عظمت کی ترجمانی اب بھی نہایت واضح طور پر کرتی ہیں۔ ان عمارتوں میں سے جو کچھ اچھی حالت میں ہیں ان پر مختلف دفاتر کھل گئے ہیں اور کچھ حصہ میں جیل ہے۔

اس عمارت سے متصل وہ مسجد ہے جو سولہ کھمبہ یا سولہ ستون والی مسجد کے نام سے یاد کی جاتی ہے۔ یہ کافی پرانی عمارت ہے۔ اس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ اس وقت بھی جبکہ اورنگ زیب نے بیدر فتح کرکے اس مسجد میں اپنے والد شاہجہاں کے نام کا خطبہ پڑھوایا تھا دو سو سال پرانی تھی۔ یہیں سے زنانہ محلات کو راستہ جاتا ہے۔ ان ہی محلات میں سے ایک کو تخت محل کہتے ہیں جو بہت پرانا ہے اور اس نے بہمنی اور بریدشاہی دونوں کی تخت نشینی کے

مناظر دیکھے ہیں اسی میں تخت فیروزہ بھی رکھا ہوا تھا جو اپنے زمانہ کا بینظیر شاہی تخت تھا۔

بیدر کی بہترین یادگار وہ مدرسہ ہے جسے ۱۴۷۲ء میں محمد شاہ کے وزیر محمود گاواں نے تعمیر کرایا تھا۔ اس کے کمرے ان کی ترتیب اور ہوا و روشنی کی آمد و رفت کے لئے بہت سلیقہ سے تعمیر کئے گئے ہیں جن کی مثال موجودہ زمانہ کی درسگاہوں میں بھی مشکل ہی سے دستیاب ہو سکتی ہے۔

اس میں سے ایک مینار اور تقریباً نصف عمارت ابھی تک باقی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اورنگ زیب نے اس عمارت کو اپنی فوج کی بارکوں اور میگزین کے طور پر استعمال کیا تھا۔ اسی زمانہ میں ایک دفعہ بجلی گرنے سے تقریباً نصف عمارت ضائع ہو گئی لیکن قرین قیاس یہ ہے کہ اس کا باعث خود زمانہ کی تباہی اور بد رفتاری ہے

یہ مدرسہ اس وقت جبکہ یہاں بہمنی اور بریدشاہی سلطنتوں کے پرچم لہراتے تھے دنیا کے بہترین مدرسوں میں شمار کیا جاتا تھا اور یہاں کے مدرس اپنی مثال آپ تھے۔ ایشیا کے تقریباً ہر حصہ سے طلباء یہاں تحصیل علم کے لئے آتے تھے۔ اس لحاظ سے بیدر قرطبہ اور بغداد کے مد مقابل فخریہ طور پر لایا جا سکتا ہے۔ بدقسمتی سے اس دار العلوم کے کتب خانہ کی کل کتابیں جو تین ہزار قلمی نسخوں پر مشتمل تھیں ضائع ہو گئیں جو بچی تھیں وہ متفرق ہاتھوں میں پہنچ گئیں۔

بیدر سے دو میل مشرق کی طرف ایک گاؤں میں بہمنی بادشاہوں کے مقبرے ہیں۔ ان میں سب سے بڑا مقبرہ احمد شاہ کا ہے۔ یہ وہی احمد شاہ ہے جس نے جدید بیدر تعمیر کرایا تھا۔ یہ مقبرہ ایرانی طرز کا بنا ہوا ہے اور وہاں کے فن تعمیر کی ایک دلکش مثال پیش کرتا ہے۔ اس کے اندر کی رنگین نقاشی اور سنگ تراشی نہایت دیدہ زیب ہے۔

برید شاہی بادشاہوں کے مقابر بیدر کے مغرب کی طرف واقع ہیں۔ کسی زمانہ میں یہ مقابر نہروں باغوں اور مصنوعی آبشاروں سے آراستہ تھے اور ہر مقبرہ سے متعلق خیرات خانے اور مدارس تھے اور ان کے اخراجات کو پورا کرنے اور ان کی دیکھ بھال کے لئے ان کے نام جاگیریں وقف تھیں لیکن اب ان مزاروں میں ابدی نیند سونے والے پکار پکار کر کہتے ہیں

بر مزار ما غریبان نے چراغی نے گلی
نے پر پروانہ سوزد نے صدای بلبلی

ان مقبروں میں سب سے زیادہ خوبصورت علی برید کا مقبرہ ہے لیکن زمانہ کی کج رفتاری نے اسے تخریب کے ساحل تک پہنچا دیا ہے

بڑا تعجب ہے کہ اس قدیم دار السلطنت کی ایک رسم ابھی تک رائج ہے اور مٹتی نہیں کیونکہ یہ قدامت پسندی کا اپنا مگر جانے ہوئے ہے۔ بہمنی اور بریدشاہی زمانہ میں صبح دوپہر اور شام کے وقت قلعہ بیدر کے نقارخانے پر نوبت بجا کرتی تھی چنانچہ یہ رسم اب بھی اسی طرح پوری کی جاتی ہے۔ قلعہ کے پھاٹک پر دن میں تین بار شہنائی نواز اور نقارچی اب بھی ان وقتوں پر اپنے فرائض کو ادا کرتے ہیں۔

اگرچہ بیدر اب کسی سلطنت کا دار الخلافہ نہیں لیکن وہاں کے کھنڈر اس کی عظمت و شوکت کی اب بھی شہادت دیتے ہیں۔ وہاں کے ذرہ ذرہ سے اب تک پامالی شان و شوکت ٹپکتی ہے۔ وہاں کے لوگوں میں اب بھی خلوص اور نفاست پائی جاتی ہے۔ ایک دور افتادہ مقام ہونے کے باعث یہاں موجودہ تہذیب جو تیزی سے جاری ہے

کشتی شکست و مردم کشتی فنا شدند
ای ناخدا جواب خدا را چہ می دہی

~ ~

معراجِ ادب

(گزشتہ سے پیوستہ)

لسان الغیب حافظ شیرازی

صبح دولت میدمد۔ کو جام ہمچون آفتاب
فرصتی زین بہ کجا باشد۔ بدہ جام شراب
خانہ بی تشویش وساقی یار ومطرب بذلہ سنج
موسم عیش است ودور ساغر وعہد شباب
شاہد و ساقی بدست افشان ومطرب پای کوب
غمزۂ ساقی زچشم می پرستان بردہ خواب
خلوتِ خاص ست وجای امن۔ ونزہتگاہ انس
اینکہ می بینم۔ بہ بیداریست یارب یا بخواب
از خیالِ لطف می مشاطۂ چالاک طبع
درضمیر برگِ گل۔ خوش میکند پنہان گلاب
از پیٔ تفریحِ طبع و زیورِ حسن وطرب
خوش بود ترکیب زرین جام بالعل مذاب
تا شد آن مہ۔ مشتری دُرہای حافظ را بگوش
میرسد ہر دم بگوشِ زہرہ۔ گلبانگِ رباب

ترجمہ مولوی احتشام الدین صاحب حقی ایم اے علیگ

صبح دولت چمکی۔ نکلے جام رشکِ آفتاب
اس سے بہتر وقت کیا ہوگا۔ چلے جام شراب
خانہ بے تشویش۔ ساقی یار۔ مطرب بذلہ سنج
روزِ عیش و دورِ ساغر۔ فصلِ گل۔ عہدِ شباب
ساقی و شاہد ہیں دست افشان ومطرب پائے کوب
چشمِ میکش سے اڑایا غمزۂ ساقی نے خواب
خلوتِ خاص۔ امن کی جا۔ بزم گاہ دلفریب
دیکھتا جو کچھ ہوں یارب۔ ہے یہ بیداری کہ خواب
لطفِ مے کے ہی لئے مشاطۂ خوش فکر نے
بھر دیا رگ رگ میں برگِ گل کی در پردہ گلاب
راحتِ دل کے لئے۔ حسن وطرب کے زیب کو
خوشنما ترکیب۔ جام زریں ہے لعلِ مذاب
جب سے وہ مہ مشتری دُرہائے حافظ کا ہو
گوشِ زہرہ میں ہے ہر دم شورِ گلبانگِ رباب

غمِ انتظار

حضرت جگر مراد آبادی

نظر ہے وقفِ غمِ انتظار، کیا کہنا ۔ کھنچی ہے سامنے تصویرِ یار، کیا کہنا

یہ چشمِ مست، یہ ابرو، یہ زلف، یہ خد و خال ۔ یہ لب، یہ رُخ، یہ جبیں، یہ عذار، کیا کہنا

شباب، اور مکمل شباب، ارے توبہ ۔ بہار اور مجسّم بہار، کیا کہنا

تصادمِ نگہِ شوق، اے معاذاللہ ۔ تبسّمِ نگہِ فتنہ کار، کیا کہنا

فروغِ حُسن، و نوائے سرودِ طرفِ چمن ۔ شرابِ عشق و لبِ جوئے بار، کیا کہنا

گل و بنفشہ، و نسرین و نسترن کیا خوب ۔ بہار و سایۂ ابرِ بہار، کیا کہنا

بیانِ درد، و زبانِ خموشی و عرضِ نیاز ۔ جبینِ شوق و کفِ پائے یار، کیا کہنا

گزارشِ دلِ غم آفریں، معاذاللہ ۔ نگارشِ غمِ ہمت شکار، کیا کہنا

تمامِ شوق و شکایت، تمامِ مہر و وفا ۔ فسانۂ دلِ بے اختیار، کیا کہنا

فسونِ نیم نگاہی و سحرِ استغنا ۔ سکوتِ حُسن، و لبِ نغمہ بار، کیا کہنا

وفورِ بیخودی، ضبطِ غم، جزاک اللہ ۔ سرورِ بادۂ ناخوشگوار، کیا کہنا

شراب ریزشِ نگہ، ارے توبہ! ۔ پیالہ گیر کفِ رعشہ دار، کیا کہنا

سبک روانیِ اشک و خنک نسیمِ کرم ۔ نشاطِ دردِ دلِ بے قرار، کیا کہنا

کرم نُما ستمِ نازِ حُسن، ارے توبہ! ۔ ستم نُما کرمِ خاصِ یار، کیا کہنا

نگاہِ ناز کے پیہم اشارہ ہائے لطیف ۔ شکستِ شیشۂ دل بار بار کیا کہنا

حریمِ حُسن کے پردے اُٹھے ہوئے ہیں جگر
یہی اگر ہے غمِ انتظار کیا کہنا

(دیوان سے)

شکریہ و استدعا

آہنگ کے پہلے شمارہ کے متعلق بو کثیر خطوط ہمیں موصول ہوئے اور جس طرح اس پر اظہار پسندیدگی کیا گیا، اُسے دیکھ کر اندازہ ہوا کہ ہندو پاکستان میں ادب سے دلچسپی رکھنے والے اصحاب بفضلہ ابھی موجود ہیں، اسکے لئے ادارہ ان دلدادگانِ ادب کا بیحد شکرگزار ہے، بالخصوص حضرات کا جنھوں نے اپنے خیالات اسکی بہبودی اور مزید ثمر آور بنانے کے لئے ہمیں بھیجے۔

صبا بشکر توخود را بوستان برسان　　　زما سلام به سرو و ارغوان برسان

جیسا پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ اسکے اجراء کا اولین مقصد ہند کے طلباء کو فارسی اور اردو کا شوق دلاکر نئے ادیب پیدا کرنا اور اردو کے معیار کو اونچا کرنا ہے۔ اسکے علاوہ جدید فارسی ادب سے خود بھی فائدہ اُٹھانا اور دوسروں کو بھی استفادہ کا موقع فراہم کرنا ہے۔

گزشتہ زمانہ میں برطانیہ نے اپنے مصالح انتظامی کے زیر نظر ایران و ہندوستان کے مابین ایک سیاسی دیوار حائل کر رکھی تھی، اسلئے ہندوستان کے طلبا کو جدید ایران سے استفادہ کا موقع نہ مل سکا اور یہ اسی صد سالہ پگڈنڈی پر چلتا رہا۔

سخن را زنده کردن پیشهٔ ماست　　　رگ جان معانی ریشهٔ ماست

اب ہماری حکومت نے اس دیوار کو گرا کر ذہنی تعلقات کی ایک محکم بنیاد ڈالدی ہے، بدیں وجہ ہمارے لئے بہترین موقع ہے کہ ہم اپنے پڑوسی ملک کے ترقی یافتہ ادب کو گہری نظر سے دیکھیں اور اس سے مستفید ہوں۔

سخن پرستم و تو پای تا بسر سخنی　　　سزد اگر بپرستم ترا بجای سخن

ہمارا اردو ادب چونکہ فارسی اور ہندی کے امتزاج کا نتیجہ ہے اس لئے اردو ادب کا تقاضا ہے کہ ہندوستان میں فارسی کو از سر نو تازہ کیا جائے یعنی ہمارے ادیب اس کی دسترس سے باہر نہ رہیں۔

احوال دل بدوست چه محتاج گفتن است　　　بر شمع حالت دل پروانه روشن است

علاوہ بریں پاکستان، ایران، افغانستان ہمارے پڑوسی ملک ہیں اس لئے ان سے ادبی تعلقات قائم رکھنا ہمارا اولین فرض ہے۔ اپنے پڑوسی ملکوں کو پھلتا پھولتا دیکھ کر ہمیں مسرت بھی ہوگی اور اطمینان بھی اسلئے بغیر خوردہ گیری و نکتہ چینی سے بالاتر رہ کر ہم ان کے ادیبوں سے ربط رکھنا اپنے لئے باعث فخر سمجھتے ہیں

هر چند که خامه قصد تحریر کند　　　کی صورت حال با تو تصویر کند

ان واقعات کی روشنی میں ہم آپ سے ان افکار و خیال کے متمنی ہیں جن سے ہمارے اس نظریہ کی تائید ہوتی ہو۔

خامه بر چند دو سه دانگ بمعنی نرسد　　　سعی کاری نکند چون نبود استعداد

ہمارے پاس مضامین کثیر تعداد میں موصول ہوئے ہیں لیکن ہمیں اپنی چادر کی وسعت پر بھی نظر رکھنی ہے۔

خوش از اشک نزدم کاهل طریقت گویند　　　پاک شو اول و پس دیده بران پاک انداز

اس لئے مضمون نگار اصحاب یہ نہ سمجھیں کہ انکے مضمون درخور اعتنا نہ سمجھا گیا بلکہ ہماری مذکورہ بالا بے بسی کو ملحوظ رکھکر تعجیل اشاعت کے تقاضے سے معاف فرمائیے

دوستی اقتضای آن دارد　　　که شود عذر دوستان مقبول

اکثر مضمون پنسل سے لکھے ہوئے شکستہ خط میں موصول ہوئے ہیں جو پڑھنے میں نہیں آتے، اس لئے براہ کرم مضامین طباعت کے لئے بھیجتے وقت دوبارہ پڑھ کر روشنائی سے سلپ کے ایک طرف صاف لکھکر روانہ فرمائیں۔

هست امیدم که از طریق کرم　　　کرمت عذر خواه من باشد

اس مرتبہ جدید فارسی کے سبق کا سلسلہ شروع کیا جارہا ہے، جسے ایران کے محکمہ تعلیمات نے تمام ایران میں بالغوں کیلئے جاری کیا ہے، چالیس سبق پڑھنے کے بعد جدید فارسی پر کافی عبور پایا جا سکتا ہے۔

باده در چشم دل پاک پدیدار شود
قطره چون در صدف افتاد گهر برخیزد

ثقافتی خبریں

"اُردو" ثقافتی سرمایہ سے مالامال ہے۔

دہلی - پنڈت نہرو وزیراعظم ہند نے اپنی پریس کانفرنس میں اُردو کے متعلق فرمایا کہ "اردو کو آئین میں قومی زبان تسلیم کیا گیا ہے نیز تہذیبی و ثقافتی سرمایہ سے اردو کافی مالا مال ہے، اس لئے اسکا حق ملنا چاہیئے۔ جہاں تک اُردو ہندی تنازعہ کا سوال ہے، اُردو ہندی کا کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ ہندی کو سرکاری زبان تسلیم کیا جا چکا ہے، اردو جن علاقوں میں زیادہ بولی جاتی ہے ان علاقوں میں اردو کی سرکاری حیثیت کو تسلیم کرنا چاہیئے۔ جبکہ اتر پردیش۔ بہار۔ پنجاب اور دہلی وغیرہ میں اردو بولنے والوں کی تعداد قابل لحاظ ہے۔

دوستانہ مفاہمت کی توقع

وزیراعظم پاکستان سر فروز خاں نون نے ایک بیان میں نہری پانی کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ نہری پانی کے مسئلہ میں ہندوستان سے آیندہ سال تک مفاہمت ہو جائے گی۔

ایران کے مفاد کیلئے امریکہ سے بات چیت

واشنگٹن میں شاہ ایران نے جو امریکہ کا غیر سرکاری دورہ فرما رہے ہیں، صدر امریکہ آئزن ہاور سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں ایران کے مفاد پر بات چیت ہوتی رہی۔ شاہ موصوف نے اخباری نمایندوں کو بتایا کہ مجھے صدر امریکہ سے مل کر بڑی مسرت ہوئی، اور ہم نے دونوں ملکوں کے مفادات کے پیش نظر بات چیت کی۔ آپ صدر موصوف سے پھر ملیں گے۔

شاہ ایران کے اعزاز میں صدر آئزن ہاور نے لنچ کی ترتیب دی تھی، جس میں بڑے بڑے حکام کے علاوہ وزیر خارجہ مسٹر ڈولیز اور وزیر دفاع مسٹر نیل میکلائے نے بھی شرکت کی۔

ہندوستانی باشندوں کو دو وظائف

حکومت سوئٹزرلینڈ نے ہندوستانی باشندوں کو سائنس کے کسی بھی شعبہ ٹیکنالوجی، یا انجنیئرنگ میں تعلیم و تحقیق کے لئے دو وظائف پیش کئے ہیں۔ امیدوار فرسٹ کلاس ایم۔ ایس۔ سی، یا انجنیئرنگ یا ٹیکنالوجی میں فرسٹ کلاس بی۔ ایس۔ سی ہوں۔ دو سال کا علمی یا تحقیقی تجربہ رکھتے ہوں، اور جرمن یا فرانسیسی زبان جانتے ہوں اور عمر ۱۵ جولائی ۱۹۵۸ء کو ۳۵ برس سے کم ہونا چاہیئے کسی صنعتی یا تعلیمی ادارہ میں ملازم بھی ہوں۔ منتخب امیدواروں کو تعلیمی فیس معاف کرنے کے علاوہ ۵۴۰ روپیہ سے ۶۷۰ روپیہ تک الاؤنس دیا جائے گا اور دو طرفہ کرایہ بھی ادا کیا جائے گا۔

ثقافتی معاہدہ منسوخ

اردن سے متحدہ عرب جمہوریہ کے تعلقات انتہائی کشیدہ ہو گئے

چنانچہ [illegible] ایک [illegible] جمہوریہ کے ساتھ [illegible] ثقافتی معاہدہ منسوخ کر دیا ہے۔ اس معاہدہ کی ایک دفعہ یہ تھی کہ کوئی ایک فریق جب چاہے اس معاہدہ کو ختم کر سکتا ہے شرق اردن نے دوسرا معاہدہ شام کے ساتھ ختم کیا ہے، جو مجرموں کے تبادلہ سے متعلق تھا۔

سوویٹ طالبات روس میں ہندوستانی رقص پیش کرینگی

روس کی تین طالبات جو پچھلے دنوں ہندوستانی رقص کی تعلیم حاصل کرنے آئی تھیں، جن کو حکومت ہند نے وظیفہ دیا تھا اب یہ لڑکیاں تعلیم حاصل کر کے روس واپس جا رہی ہیں۔ اور وہاں کے عوام کو ہندوستانی رقص سے روشناس کرائیں گی

امریکہ ہندوستان سے خصوصی دوستی چاہتا ہے

امریکی ایوان بالا اور ایوان نمائندگان نے مشترکہ طور پر ہندوستان سے خارجہ امداد کے بل کے سلسلہ میں دوستی کے اظہار کا فیصلہ کیا ہے سینٹ کی اصلی قرارداد منسوخ کر دی گئی تھی کیونکہ امداد کے سلسلہ میں کسی ملک کا کوئی خاص ذکر کرنا نا مناسب نہیں سمجھا گیا۔ لیکن اس بات پر اتفاق کیا کہ ہر ایک ایوان میں بل کے حامی ہیں اور محرک انفرادی طور پر ہندوستان سے دوستی کا اظہار کر سکتے ہیں۔ سینٹ کی قرارداد سینیٹر شرمن کوپر، سابق سفیر اور جان اینڈ کینیڈی نے پیش کی تھی جس میں کہا گیا تھا کہ امریکہ کو بھی دوسرے آزاد ملکوں کے ساتھ ملکر ہندوستان کا دوسرا پنجسالہ [illegible] سینٹ میں بحث کے دوران [illegible] صرف اس بات پر اعتراض کیا گیا تھا کہ دوسرے ملکوں کی امداد کے سلسلہ میں صرف ہندوستان ہی

[illegible] پابندی [illegible] امریکہ کے ملاوہ کسی کو اعتراض نہیں تھا۔ یعنی نمائندگان کی طرف سے جو یہ پابندی لگائی گئی تھی کہ یوگوسلاویہ کو ۲۲ ماہ کے لئے امداد بند کر دی جائے۔ اگر صدر آئزن ہاور اسے امریکہ کی سلامتی کے منافی سمجھیں کہ ایسا کرنا ضروری ہے کرنے کے مجاز ہوں گے۔ اس پابندی کو بھی منسوخ کر دیا گیا ہے۔

پختونوں کے حق آزادی کو تسلیم کئے بغیر پاکستان، اور افغانستان کے تعلقات خوشگوار نہیں ہوں گے

واشنگٹن۔ یکم جولائی ۔ "جب تک پاکستان، پختونستان کے حق آزادی کو تسلیم نہیں کرتا، اس وقت تک پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات نہیں سدھر سکتے اور ان کے درمیان عرصہ سے جو کشیدگی ہے، وہ برابر قائم رہے گی۔" یہ ہے وہ بیان جو افغانستان کے وزیر اعظم سردار محمد داؤد خان نے پریس کے نمائندوں کے سوالوں کے جواب میں دیا۔ سردار موصوف آجکل امریکہ کا دورہ کر رہے ہیں اور حکومت امریکہ کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں۔ پریس کلب میں اخباری نمائندوں نے پختونستان اور افغانستان اور پاکستان کے تعلقات کے بارے میں متعدد سوالات کئے سردار محمد داؤد خان نے کہا کہ مجھے بڑی خوشی ہے کہ آپ لوگوں نے پختونستان کے بارے میں مجھ سے سوالات کئے۔ آپ نے کہا کہ پختونستان کا سوال کوئی نیا سوال نہیں ہے، یہ سوال پاکستان کے وجود میں آنے سے پہلے موجود تھا آپ نے کہا کہ اصل بات یہ ہے کہ پختونستان اور پاکستان کے لوگوں کے درمیان کوئی چیز مشترک نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ اہل پختونستان کی طرف سے مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ انکو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کی آزادی دی جائے۔ پاکستان انکے جائز مطالبہ کو ماننے کیلئے تیار نہیں ہے، جسکی وجہ سے پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشاکش چل رہی ہے اور تعلقات [illegible] آپ نے کہا کہ جبتک پاکستان پختونستان کے لوگوں کا حق آزادی کا مطالبہ تسلیم نہیں کرتا تعلقات کسی طرح سدھر نہیں سکتے، اور پاکستان کو انکا یہ حق دینا چاہئے

نگران :- ڈاکٹر سید امیر حسن عابدی ۔ ایم ۔ اے ۔ پی ۔ ایچ ۔ ڈی ۔ مدیر :- سید عظمت علی رضوی

شمارہ (۳) فہرست مضامین ماہنامہ آہنگ ۔ اگست ۱۹۵۸ء جلد (۱)

سفارت کبرای شاهنشاهی ایران

دہلی نو

هز اکسی لنسی آقای مشفق کاظمی سفیر کبیر ایران در ہند
دام اجلالہم
واقبالہم

آقای سید عظمت علی رضوی

نخستین شماره مجلّه "آہنگ" که بہمت و کوشش سرکار انتشار یافته ملاحظه و موجب مسرت شد. - چند نسخه ازان نیز بوزارت امور خارجه و سایر مقامات وابسته دولت شاہنشاہی ارسال شد که مورد توجه و تمجید قرار گرفته و بوسیله این سفارت کبری از مساعی سرکار ابراز قدردانی کرده اند. امیداست ہمواره در انجام خدمات مطبوعاتی و تشیید روابط فرہنگی ایران و ہند موفق باشید -

سفیر کبیر
[signature]
مشفق کاظمی

(بسلسلهٔ گذشته)

شعر فارسی در عصر معاصر

از آقای علی اصغر حکمت وزیر خارجه ایران دام فیوضکم

اگر بخواهیم از حیث زمان تاریخی این مدت پنجاه ساله را بادواری چند قسمت کنیم و برای این مدت کوتاه تقسیماتی (کرونولوژیک) قائل شویم، باید حوادث و وقایع مهمی که در تاریخ سیاسی کشور ایران در این مدت کوتاه روی داده است مبدأ تقسیم قرار دهیم. چهار واقعه مهم این نیم قرن را بچهار دوره بارز و نمایان منقسم میکند که هر یک از آنها نقطه اولیه حرکت و سرآغاز زمان جداگانه ایست که اوضاع و احوال آن زمان را بکلی دگرگون ساخته، و این ادوار چهارگانه در شعر فارسی در این نصف قرن نتیجه طبیعی چهار خط مختلف سیاسی است و آنها از این قرار است. (ما در این مقاله تواریخ را همیشه بهجری قمری ذکر میکنیم تا اشتباهی روی ندهد.)

۱- دوره اول از ۱۳۱۳ ه‍ ق تا ۱۳۲۴ یک دوره دهساله. از قتل ناصرالدین شاه تا اعلام مشروطیت ایران.

۲- دوره دوم از ۱۳۲۴ تا ۱۳۴۰ ه‍ ق. یک دوره پانزده ساله. از اعلام مشروطیت تا واقعه کودتای حوت ۱۲۹۹

۳- دوره سوم از ۱۳۴۰ تا ۱۳۶۰ ه‍ ق. یک دوره بیست ساله. از بدو پیدایش پهلوی تا سقوط سلطنت او.

۴- دوره چهارم از ۱۳۶۰ ه‍ ق. تاکنون که زمان حاضر است

در هر یک از این ادوار باقتضای اوضاع و احوال سیاسی و اجتماعی یک نوع اشعار خاصی بظهور رسیده است که آنها را از ادوار دیگر ممتاز و دگرگونه می باشد.

دوره اول - که مصادف با سلطنت مظفرالدین شاه است، مقارن با زمانی است که تازه افکار جدید سیاسی و احساسات ملی و وطنی در کشور نشو و نما کرده است. از حیث سبک، شعرا و گویندگان غالباً همه روش قدیم یا طرز "کلاسیک" است و بندرت ابداع یا ابتکاری در شعر دیده می شود ولی از حیث معنی مبادی وطن پرستی، ترویج و تعریف علم و ذکر صنایع جدید در آن تازگی پیدا شده. در این زمان است که روزنامه جات تأسیس، متداول گردید و مدارس و دبستانهای جدید در هر گوشه افتتاح شد، رفت و آمد با اسلامبول و بطرز بیشتر (؟) شرق و غرب اروپا بسیار معمول گردید، جنگ روس و ژاپن و فتح ژاپونیها احساس غرور ملی و افتخارات وطنی را در سرها پرورش میداد. راه آهن و تلگراف و تلفن و حتی اتومبیل و بسیاری دیگر از صنایع جدید در ایران شناخته شد. حس اعجاب و شگفتی نسبت به علم و صنعت اروپا در خاطرها پدید آمد. و خلاصه در این زمان است که خلق از رژیم حکومت انفرادی استبدادی بستوه آمده و با انقلاب اوضاع خود با ممالک مقتدره حکومت های اجتماعی ملی و عدلیه مبتنی بر قانون را طالب شدند. همه این وقایع و احساسات و افکار در اشعار این دوره منعکس است. در این دوره از زمان تشویق بزرگان و اولیای دولت مثل شاه و صدر اعظم و شاهزادگان در ترویج شعر هنوز عامل مؤثری بود. هر چند مظفرالدین شاه را ذوق ادبی و شعری بپایه پدرش نمیرسید و برخلاف او شخصاً طبع شعر نداشت ولی بروش او از شاعر نوازی مضایقه نمی کرد. میرزا علی اصغر خان اتابک وزیری شعر دوست و شاعر پرور و کریم النفس بود و از تکریم و ترفیه خاطر شعرا دریغ نداشت. در این دوره دیوانهای شعرای آن زمان از مناقب و مدح این شاه و وزیر مملو است.

از طرف دیگر انتشار جراید فارسی هفتگی و ماهیانه در تهران و تبریز و

اصفهان و مشهد و دیگر شهرها و در خارج ایران مانند اسلامبول و مصر و هندوستان نام
تربیت و اطلاع و ایران و فرهنگ و ادب و حبل المتین و پرورش و ثریا
و نجم و وسیله خوبی برای انتشار آثار شعری بود. این انتشار بطور مطبوع تشویق
گویندگان و تحریک خوانندگان را میکرد، مخصوصاً قصائد و منظوماتی که در
تجلیل وطن و ذکر مفاخر تاریخی و یا در شکوه از اتحاد دول استعماری یا در
کنجکاوی و تمجید از علوم و صنایع فرنگستان ساخته میشد در صفحات آن
جرائد با کمال اهمیت و رونق جلوه گری میشد.

دوره دوم یعنی پانزده سال مشروطیت زمانی است که
رژیم حکومت استبدادی بکلی منسوخ گردید، سازمان ادارات و دوائر تخانه
ها بسبک اروپا و یا بتقلید از تشکیلاتیها در ممالک ... دایر شد
هرچند حکومت مشروطه هنوز تثبیت در دوران نگرفته و طبایع عادت
نکرده بود، تشکیلات اداری نیز بحو دلخواه ترتیب یافته نبود، در این
دوره روزنامه های یومیه و هفتگی بی رفو نشستند و ش.

کتاب های زیادی در معارف جدید و ترکی و ترجمه آنها بفارسی در
ایران بفراوانی متداول گردید، عده شاگردان مدارس ابتدائی و متوسطه
دائماً رو بازدیاد بود.

در این دوره است که جنگ بزرگ عالمگیر اول واقع شد و اثرات
بلیغ در اعماق فکر اهل عالم و از آن جمله اهل این مملکت ایجاد کرد.

در این دوره شاه جوان مشروطه که بر تخت نو دو زیست متمکن شد
دائماً راه فرنگستان را پیش می گرفت و کار را چندی بدست نایب السلطنه و
چندی بدست رئیس الوزرا محول بود. در اثر ضعف حکومت مرکزی
فساد و اختلال در تشکیلات حکومت نمایان شد و در نتیجه خوانین و گردن کشان
ایلات در اطراف مملکت سر بطغیان برداشتند و در مرکز نیز اختلاف عقیده و
تشنج افکار و کشمکش مابین احزاب و دستجات سیاسی مانند «دموکرات» و
«اعتدالیون» بحد کمال رسید.

تنقید از حکومت ها و اعتراض به ادارات، عدم رضایت از
اوضاع اجتماعی، توجه بحال اسفناک نسوان و فقر و اوضاع [illegible]

در دنیای ادب طبیعتاً سهمی در اشعار آزادی و مشروطیت، سهم افکاری بود که
در داخل و خارج ایران میگذشت و انعکاس آن در اشعار عصر و زمان مشاهده میشود
انتقاد از فساد ادارات و آداب و عادات قدیم، تأثر از فشارها و
زورگوئی های حکومت تزاری روسیه و سیاست شعر آن زمان است.
در این دوره که عده حکومت فاسد و سیاست دامنه طولانی اعانت
تشویق بزرگان و متصدیان امور دولت در ترقی شعر و ادبای کمتر
مؤثر بوده است، معذلک وجود و حضور عده ای از رجال فاضل و با ذوق
در زمینه ادبی بی تأثیر نبود که ادب را دوست داشتند یکی از آن جمله ابو القاسم خان
ناصر الملک نایب السلطنه است که چند سال نایب السلطنه ایران بود و دیگری
حاج علیقلی خان سردار اسعد بختیاری که پس از فتح تهران بدست مجاهدین
و مشروطه خواهان و در حکومت مشروطه عظمی شاد یعنی از ۱۳۲۶ تا ۱۳۳۵ از رجال معتبر عصر
بشمار می رفتند.

این هر دو تن با ادبیات خارجه آشنا بودند و خود بعضی از شاهکار
های شعری را از السنه خارجه بفارسی ترجمه نموده و از این رو اهل علم و
فضل را احترام می کردند و این احترام موجب تشویق بود.

در سال ۱۳۳۷ نوبت زمام داری دولت با آقای حسن وثوق
رسید که مدت دو سال در غیاب مجلس حکومتی بالاستقلال داشت و زمان
حکومت او مصادف با خاتمه جنگ بین الملل اول و شکست آلمان و
انقلاب کبیر روسیه و تأسیس جامعه ملل بود. در زمان او جنبش و حرکتی در
معارف بظهور پیوست، هم خود او شخصاً اهل ذوق و دانش و دارای
قریحه شعری ممتاز و صاحب آثار منظوم است و هم وزیر معارف
دولت او مرحوم احمد نصیر الدوله مردی فاضل و شعر دوست و شاعر
مشرب بود و این هر دو از شعرا و سخن سنجان تجلیل و تکریم بسزائی کردند
از این رو بسط و انتشاری در این رشته از ادبیات پدید آمد. در روز
نامه ها و مجلات آن زمان جنبه ادبی و شعری تقویت می شد و قطعاتی
که از رئیس الوزرا و وزیر معارف در دست است جزو آثار
نفیسه آن زمان می باشد.

دوره سوم - مصادف با بیست سال حکومت رضاشاه پهلوی است از آن زمان که بوسیلهٔ کودتای سوم حوت ۱۲۹۹ بر صفحهٔ سیاست پدید آمد تا سوم شهریور ۱۳۲۰ هجری قمری که کوکب دولت او غروب نمود - این زمانی است که از آن به "دورهٔ دیکتاتوری" تعبیر میکنند و عصری است که مبادی حکومت فردی و اصول نازیسم و فاشیسم در اغلب ممالک معمورهٔ جهان متداول گردید و چندین دیکتاتور بر ملیونها نفوس بشری حکومت می کردند - در ایران نیز حرکت مردی آزادی و دموکراسی ملی رو بضعف نهاد و بازگشت از آزادی فردی و اعداد حکم فرمائی اختیار گردید - در نتیجه مملکت را که چند فوق العاده شدیدی اداره نمود - نفوذ حکومت تا نقاط بسیار دور سرحدی توسعه یافت - در این عصر پیدایش بسیاری از آثار صنایع جدید و مخصوصاً سهولت ارتباطات و سرعت وسائل نقلیه و آسانی مسافرت و توسعهٔ روح سلحشوری و ایجاد صنعت جنگی همه اموری بود که در اثر جنگ جهانی اول در عالم پدید آمد و مملکت ما نیز از آن بی نصیب نگشت - اوضاع استبدادی و شخصی و حکومت فردی در آثار ادبی نیز انعکاس یافت و در اشعار آن دوره کمتر آثار انتقاد دیده میشود و اگر اشعاری در انتقاد از وضع حکومت و رژیم اجتماعی در زوایا و نهانخانه‌ها و زندانها گفته می‌شد از ترس شدت عمل پلیس مخفی مستور می‌ماند و غالب اشعار در مدح و ثنا و تمجید از شخص واحدی است زیرا ممدوح و منظور او بود -

اگر دیکتاتور ایران برسم خسروان قدیم، شعر دوستی و شاعرپروری را شعار خود قرار میداد و از گویندگان و سخن سرایان به ایجاد وسائل زندگانی یا بذل افتخارات تشویقی می‌کرد بسرآینه ممکن بود که در شعر فارسی جنبش شدیدی روی دهد و قرایح و استعدادها جلوه گری آغاز کند - لیکن شاه چنانکه باید بلطف ادب فارسی پی نبرده و شعر خوب را از بد فرق نمی‌نهاد و از گویندگان قدرشناسی نمی‌کرد - چنانکه مکرر اتفاق افتاد که شاعری قصیدهٔ مدحی با امید صله و عطایا فرستاد، بجای تشکر و قدردانی بر او خشم و شکایت از تعدی مأمورین دولت به دفتر مخصوص شاه فرستاده بجای آنکه سخن او را محل توجه قرار دهند مورد عتاب و عقاب قرار می گرفت، که چگونه جسارت کرده و در پیشگاه سلطنت بزبان شعر سخن گفته است

لکن وجود چند تن از رجال دولت مانند علی اکبر داور و مخصوصاً مرحوم محمد علی فروغی که مردانی ادب دوست و با ذوق بودند و از شاعران معاصر و اساتید سخن بقدر امکان تشویق می کردند این رویه شاه را تعدیل می نمود -

در این عهد در صفحات روزنامه‌ها و مجلات قطعات منظوم زیاده می [illegible] شد -

ولی با این همه بی اعتنائی و عدم توجه بشعر و شاعری در این دوره چند امر اتفاق افتاد که نتیجهٔ قهری اقتضای زمان بود و خارج از حیطهٔ قدرت پادشاه - و این امور گویندگان و شعرا را تشویق بسزا کرد و نهال مجروح حماسه سرایان را مرهمی نهاد و بعضی از آن وقایع در شعر فارسی بی سابقه است -

یکی از آن جمله این بود که در قرن ۱۹ و قبل از آن شعر فارسی در خارج ایران مانند گلی که در بیرون از بستان شکفته باشد دماغ همسایگان را معطر ساخت - بسیاری از اروپائیان صاحب قریحه که بجودت ذهن و صفای طبع و فکر صواب و رای روشن موصوف بودند پی بعظمت و جلالت شعر فارسی برده بمطالعه و تحقیق در آن و ترجمه احوال شاعران ایران و ترجمه منثور و منظوم آثار فارسی بزبان ملی خود همت گماشتند و این مصنوع لطیف ذوق ایرانی را چنانکه باید بجهان ادب معرفی نمودند

در تمام ملل بزرگ مانند فرانسوی و آلمانی و انگلیسی و ایتالیائی و اسپانیائی و روسی چندین تن از زبده هوشمندان و نخبه صاحبدلان بظهور رسیده اند که از ادبیات فارسی ترجمه های فراوان کرده اند و یا در باب ادب و تاریخ فارسی تحقیقات و مطالعات بسیار نموده اند و این جماعت را مستشرق نام می دهند - نولدکه، ولف و سار در آلمان - نیکلسن، جرالد، براون، جیکسون در انگلیس، شفر، هوار، و ماسه در فرانسه، سار، برتلز و سکوبیج در روسیه نمونه از صدها تن شرق شناسان اروپا هستند که در

کتاب ها و تألیفات جلیل خود نام ادب فارسی را بلند کرده اند.

این گواهی که بر عظمت قدر شعر فارسی بعمل آمد در روح اهل وطن تحرکی بسیار می کرد و خوش طبعان جوان که فریفتهٔ ادبیات بیگانه بودند دانستند که دیگران تا چه پایه بقریحه و ذوق موروث ایشان همت می نهند. فارسی زادگان سخن ور باین نکته پی بردند که خداوند عالمیان در نهاد ایشان چه مقدار از صفای ذوق و لطف طبع و قوت قریحه ودیعه نهاده است.

در این زمان بسیار اتفاق افتاد که از این جماعت مستشرقین و نیز از شعراء عالی قدر ممالک خارجه بعضی از ایران دیدن نمودند. هر وقت که از فرانسه فاضلی مانند لوئی ماسینیون مرد بصلاح، یا از انگلیس دانشمندی مانند سر دنیسن رس هواخواه خیام، یا از هند شاعری مانند رابندرانات تاگور، یا از امریکا مستشرقی مانند پرفسور ابهام پوپ، و یا از روسیه باستان شناسی مانند پرفسور اوربلی بایران میآمد، وزراء و رجال دولت و وجوه و خواص قوم و ملت ناگزیر بر مقدم این مهمانان ایران دوست را گرامی داشته و ادب پذیره می شدند. علی رغم بی ذوقی بی علمی از این ارباب ذوق خارجی تجلیلی بسزائی کردند از دنیا رو در ضمن تاریخ حوادث ایام سلطنت رضاشاهی غالباً تصادف می کنیم بذکر مسافرت دانشمندانی از این قبیل و تفصیل پذیرائی دولت ایران از مقدم آنان. پیداست که این تجلیل و تکریم نسبت به هواخواهان شعر و ادب بیگانه تا چه پایه برای تشویق شعرا و ادبای مملکت سودمند بوده است.

واقعهٔ جشن هزاره فردوسی که در سال ۱۳۵۳ ه‍ ق. اتفاق افتاد و کنگرهٔ عظیمی که از شعرا و ایران شناسان سراسر دنیا در تهران تشکیل شد از حوادث مهمی است که در تاریخ شعر و شعرای ایران بی سابقه است. در این جشن که اغلب ملل شرق و غرب عالم شرکت نموده و بنا بر ... بیادگار بر مزار آرامگاه مجللی استاد طوس بنا کردند و قصاید غرا و چامه ... بزرگ ... سر مملکت سخن سرایان عصر در تجلیل ... صاحب شاهنامه سرودند نیز گفتهٔ مشوقی برای تحریک قریحه شعری در افراد قوم و ملت بود.

البته این خدمت بزرگ مدیون فداکاری جمعی از خواص قوم بود که در آن ایام انجمنی بنام "انجمن آثار ملی" در تهران تشکیل کرده و این کار بزرگ گرانمایه را با همتی بلند و سعی وافر و جدی مستمر بپایان رسانیدند.

هم در آن زمان در سال ۱۳۵۶ ه‍ ق. که از تألیف دو شاهکار بزرگ شعر یعنی گلستان و بوستان شیخ شیراز درست هفتصد سال می گذشت به تجلیل نام آن استاد بزرگ همت گماشته و شرحی که در "سعدی نامه" ضمیمهٔ مجلهٔ تعلیم و تربیت مندرج است از آن شاعر بزرگوار از طرف وزارت معارف سپاسی شایان بعمل آمد.

ساختن آرامگاه فردوسی باعث شد که بر ساختن مقابر و مراقد دیگر شعرا نیز اقدام شود. از این رو در سال ۱۳۵۶ آرامگاهی رفیع و بنائی مجلل برای حافظ در شیراز برپا گردید. همچنین برای دیگر شعرا مانند کمال اصفهانی و خواجوی کرمانی و حمدالله مستوفی و بابا طاهر همدانی و دیگران همه در صدد برآمدند که آرامگاه های شایسته برپا نمایند.

بر این جمله اضافه شود جمع کتب ادبی و دواوین شعرا هم در ایران و هم در ممالک خارجه، که با طرز و اسلوب نوینی، با تحقیق و تدقیق و تصحیح و مقابله بسبک و طرز محققین فرنگستان با نگارش تعلیقات و فهرست ها. کتب بسیار از دیوان های شعر و تذکره و تاریخ ادبی چاپ و در معرض استفادهٔ دانش جویان و خرده بینان قرار گرفت که ذکر احصائیه و تفصیل آن از حوصلهٔ این مقاله خارج است. و باید گفت که پیشوای این نهضت مبارک یکتن از اساتید نقد و دانشمندان معاصر مرحوم محمد قزوینی است که در این باب آثار مخلد بیادگار گذاشته است.

دیگر از مسائلی که موجب تشویق هم و تشحیذ اذهان و تحریک قرائح بود و در این دوره رواج داشت، تأسیس انجمن های ادبی و مجالس شعر است که هم در تهران و هم در سایر بلاد تشکیل گردید. پیداست که برای تحریک طبع و انگیزش قریحه هیچ وسیله سودمندتر از اجتماع شعرا و قرائت آثار در معرض جمع نمی باشد. و همین رویه بوده است که از اعصار و قرون قدیم تاریخی تاکنون در یونان و روم و عرب و عجم شاعران اشعار خود را

در معرض معاینه و در دسترس صاحبان ذوق می‌گذاشته‌اند.

در این زمان در ایران نخستین بار انجمنی بنام (دانشکده) بهمت استاد بزرگ مرحوم بهار در حدود سال ۱۳۳۵ تشکیل گردید که جوانان صاحب استعداد و شاعران با ذوق در آنجا بطرح مضامین و انشاء منظومات پرداختند و سبکی اختیار کردند که عبارت بود از پیروی اساتید در صورت، و طرح افکار جدید در معنی. و حاصل آن انجمن در مجله نفیسی بنام دانشکده طبع می‌شد که هم اکنون موجود و یکی از منابع تاریخ ادبی این زمان است.

جمع دیگری از شعراء بنام (انجمن ادبی ایران) در تهران در سال ۱۳۳۹ تشکیل گردید که تا این اواخر برقرار و دائر بود و بسیاری از فضلا و اساتید مانند آقای حسین سمیعی، مرحوم میرزا رضا خان نائینی، مرحوم وحید دستگردی و شاهزاده هاشم میرزا افسر در آن انجمن ریاست داشتند. آثار اعضای این انجمن که در غالب شهرها نیز شعبی داشت در دوره های بیست ساله (مجله ارمغان) مندرج است. و از این رو گذرگاه آن مجله را یکی از بهترین اسناد شعر فارسی معاصر باید دانست.

در مدارس جدید به تشویق بعضی از وزرای معارف و راهنمائی معلمین دانشمند سخن سنج مانند مرحوم شمس العلماء گرگانی، میرزا ابوالحسن خان فروغی، میرزا عبدالعظیم خان قریب و دیگران جوانان تشکیل مجامع شعری میدادند و گفته های خود را در نزد آن ناقدان سخن حک و اصلاح می‌کردند.

مخصوصاً در سالهای ۱۳۵۲ ببعد در وزارت معارف اعتنا و توجه خاصی بشعر مبذول گردید و مقرر بود که جوانان دانش آموز در مجامع جشن و سخن رانی چامه های بدیعی نیز بسرایند و صاحبان اشعار خوب بقبول جوایز تشویق می‌شدند.

این مسائل همه در تشویق و احیاء روح شعر فارسی در این دوره مؤثر بوده و تمام این عوامل باعث بقای این شعله فروزان در کانون دلهای گویندگان گردید که "آتشی که نمیرد همیشه در دل ماست"

اما دوره چهارم - که از حادثه سوم شهریور ۱۳۲۰ ق. شروع گردیده آنچه بسیار وسیع پهناوری در برابر آن گشاده است.

از خصائص این عصر کوتاه، طلوع عقیده آزادی است، این فکر نوین که در افق سیاست بظهور رسید بر آسمان ادب نیز تجلی کرد و نهضتی نوین در شعر فارسی بسبک بسیار بدیع و تازه بظهور رسید که قیود و سلاسل نواعد کلامی قدیم را متزلزل ساخته است.

تغییر اوضاع سیاسی در ممالک جهان و هم چنین تجدید ناگهانی رژیم حکومت ایران از فردی باجتماعی زبان ها را باز و قلم ها را آزاد و موانع را از میان برداشت، بحث در افکار و عقاید اشتراکی، توجه بحال اقتصادی طبقه کارگر، سعی در بهبود زندگانی رنجبران و کشاورزان، توجه بتشکیلات حکومت، و اهتمام در بهبود اوضاع اجتماعی و سیاسی همه مطالبی است که در این دوره در افکار اجتماع پدید آمده است.

چنانکه گفتیم تغییر تاریخ سیاسی و اقتصادی همواره مستلزم تغییر و تحول تاریخ ادبی است. از این رو با اینکه از عمر این دوره چند سالی بیش نگذشته اشعار بسیاری بظهور رسیده است که کماً و کیفاً از منظومات دوره سابق امتیاز دارد.

موضوعاتیکه در این دوره محل بحث شعراست. غالباً انتقاد از رژیم، شکوه از پریشانی اوضاع سیاسی، ذکر معایب و نواقص اجتماع و آرزوی اصلاحات اقتصادی است. تعدد و انتشار کثیر روزنامه در این دوره هم توجه سخن سرایان را از فرد واحد بهیئت جامعه معطوف ساخته که شعر برای جامعه گفته میشود و بزبان عوام و برای طبقات نازل. و ناچار باید بهمان صفاتی منصف گردد که مقبول طبع عامه قرار گیرد از این رو ادبیات و شعر جدیدی ولادت یافته است.

امیدواری ما آینده از این جهت است که در عصر حاضر جوانان با ذوق ادبی برخاسته اند که دارای ذوقهای لطیف و قریحه های سوزان و معلومات عمیق و روحهای آزاد هستند و از ذخائر فضل نیاکان و اساتید متقدم بهره وافی دارند. با روح آزاد و طبع وقاد مکتب جدیدی از شعر و ادب بوجود میآورند.

(ملاحظه صفحه ۱۳)

خاطرات ادبی

(آقای استاد سعید نفیسی)

کسانی که از ادبیات اروپا مخصوصاً از اصول مسلمی که در بررسیهای ادبی و مطالعات در ادبیات گذشته پیش گرفته اند و یکی از مظاهر برجستهٔ ادبیات اروپاست باخبر باشند هنگامی که می‌خواهند وارد ادبیات ایران شوند مشکل بزرگی در پیش دارند و آن این است که کارهای ناکرده در ادبیات ایران از هزار سال برای ما مانده است.

پیشینیان ما عشق مفرطی بافسانه و خوارق عادات و این گونه چیزهای کودک پسند و نادان فریب بسیار داشته اند چنانکه در ایران پرستش پهلوانان و مردان بزرگ سنتی دیرین بوده است، برای اینکه این قهرمانان ملت ایران مردم را بیشتر مجذوب و جلب کنند و کارهای ایشان در نظر مردم نمایان تر باشد و مردم به پیروی از ایشان بیشتر راغب باشند زندگی ساده ایشان را با فسانه آمیخته اند و کارهای شگفت بار و کردنی را هم درباره ایشان مطابقه نکرده اند. این کار دلیل حسی و منطقی هم دارد زیرا که اگر بکسی بگوئید دلیر باش و مردانه بمیدان درآ و فتوت و جوانمردی و کرم را پیشهٔ خود کن و زیردست نواز و گردن فراز در برابر زورگویان و بدخواهان باش وی بهمین سادگی و با این آسانی این اندرزها را می پذیرد اما نیست که رستمی از چوب تراشیده است می توان ... و این صفات مردی و مردانگی و بزرگواری را که می خواهند مردم بدان بگروند در وجود او جا می دهند و در ضمن همه خوارق عادات و کارهائی را که از عهده دیگران ساخته نیست و کسی جز رستم خیالی و افسانه ای نکرده است در میان کارهای ساده و طبیعی او داخل می کنند تا توجه مردم بدو بیشتر شود و در ضمن آنکه امید دارند همان کارهای خارق العاده و [illegible] ایشان [illegible] کارهای ساده و طبیعی او را هم تقلید می کنند.

پیداست که این گونه تعلیم و راهنمائی با همه خرافاتی که در ذهن مردم وارد می کند و ایشان را از جهان حقائق دور می کند چه نتیجه مهم اخلاقی و اجتماعی و ملی دارد. این راهیست که همه بزرگان ایرانی در این مدت چندین هزار سال که از زندگی نژاد ایرانی می گذرد برای پرورش مردان این کشور پیش گرفته اند و محسوس ترین نتیجه ای که از این گرفته اند اینست که در تاریخ هیچ ملتی باندازه ملت ایران پهلوان دیده نمی شود. یگانه ضرری که این گونه تصور ممکن است بمردم بزند اینست که حس حقیقت بینی و واقع بینی را در ایشان ضعیف کند و بیشتر از جهان خیال و تصور در عالم موهومات و مبهمات و خرافات سرگردان شوند. ولی این زیان اندک در برابر آن سود بسیار که در وجود هزاران پهلوان ایرانی در این مدت از زندگی ملت ایران گرد آمده است چیزی نیست.

در میان کسانی که این راه را برای آگاهی و تنبیه ملت ایران برگزیده اند بزرگان تصوف بیش از همه خدمت کرده اند و خاصیت بزرگ ادبیات ایران که مایه امتیاز مسلم آن در سراسر جهانست و تاکنون رقیبی پیدا نکرده اینست که زبان فارسی پر است از مثنوی هائی که بزرگان تصوف برای همین مقصود و همین روش سروده اند. حتی جنگجویان و بیدادگران را تهی کرده و ستمگری و زیاده روی و مال اندوزی و کشورستانی

ایشان را برحم و مروت و دستگیری و دلجوئی تبدیل کرده اند -

بهترین نمونه های افسانه ای که درین زمینه داریم مثنویات سنائی و عطار و جلال الدین مولوی جامی و پیروان روش ایشان است کم کم ازین روش ادبی سوء استفاده ای کرده اند که تنها زبان ادبیات ما تمام شده بلکه ما را نیز دچار رنج و زحمت جانفرسای کرده است و آن اینست که ازین گونه افسانه های پررنگ درباره هر کس و بیش از همه درباره مردان ادب ساخته اند. این افسانه سازی باندازه ای جای حقیقت را گرفته است که ما امروز درست نمی دانیم نام شخصی و نام پدر و نسب فردوسی و سعدی و نام پدر حافظ و خیلی دیگر از بزرگان ادب ما چه بوده است. بهترین نمونه ای که در پیش داریم این است که فریدالدین عطار یکی از بزرگترین پهلوانان ادب ما در فتنه مغول اسیر یکی از لشکریان چنگیز شده است و یکی از مریدان وی برخورده خواسته است وی را بهای گرانی از آن لشکری مردم کش بازخرد و عطار گفته است مفروش که بیش ازین می ارزم، چند تن دیگر که ازین مواعید باد داده اند باز عطار وی را از آن کار باز داشته و سرانجام یکی دیگر پیدا شده است که جز توبره ای کاه چیزی در بساط نداشته و در برابر پیش نهاد وی عطار گفته است -

"بفروش که بیش ازین نمی ارزم"

مرد مغول در خشم شده و گردن وی را زده است و عطار سر بریده خود را بدست گرفته و تا گورستان بپای خود رفته و در راه مثنوی (بی سرنامه) را سروده است که نسخه آن هم در دست است -

پیداست که این فکر معروف بزرگان تصوف را که هیچگونه کبر و نخوتی در ایشان نبوده و برتری برای خود قایل نبوده اند و امتیاز طبقاتی و نژادی و خانوادگی و اینگونه یادگارهای دوره نادانی بشر را در هم شکسته و آزادی و برابری را بالاتر از همه چیز دانسته اند، و در نتیجه چون عطار کسی خود را از یک توبره کاه بیشتر ارزش نمی گذاشته است بدین گونه با پیرایه های شگرف که عقل باور نمی کند در آمیخته اند -

این گونه افسانه پردازیها کار کسانی را که در ادبیات ایران کار میکنند بسیار دشوار کرده است و درباره هر نویسنده و گوینده بزرگ نخست باید این مبالغه ها و گزافگوئی ها را که در همه کتابهاست رد کرد و بدلایل نادرست بودن آنها را ثابت کرد و پس گشت و از گوشه و کنار حقایق را بدست آورد و این کار بسیار بزرگ و بسیار مفصل و دشواریست که شاید تا سالها هنوز ادبای ایران را گرفتار خود کند. بهمین جهت من از روزی که درین محیط بزرگوار و شریف ادب ایران وارد شدم خویشتن را در مقابل این وظیفه بسیار سنگین دیدم و چاره جز این نداشتم که درین میدان وارد شوم و با همه دشواری های جانکاه و نتیجه بسیار محدودی که این کار دارد اوقاتی را که ممکن بود بجای آن آثار ادبی محض و آوردن مطالبی که ذوق خداداد و مادرزاد و ممارست و تتبع و درس و بحث از ذهن من می تراود بیشتر بدین مباحث خشک که مرا از آن کار باز میداشت بگذرانم. - ازین کار هم متحیرم و هم پشیمان. متحیرم ازین جهت که بسیاری از مسائل ادبی را حل کردم و درباره بسیاری از بزرگان ایران مقالات و کتابها و رسالی پرداختم و بسیاری از تاریکی های تاریخ ایران را روشن کردم که قسمتی از آن چاپ شده و در دسترس مردم میگردد. برای این کار محتاج بهترین نسخه های معتبر از گفتار بزرگان ایران بودم و چاره جز آن نداشتم که نسخه های خطی را از هر جا هست گرد آورم و با هم بسنجم و مقابله و تصحیح کنم و چون بدان اندازه مجال نداشتم که بدیگران بسپارم بنویسند و پس باز دیگر مقابله کنند چاره جز آن نبود که نتیجه را بخط خود بنویسم و اینست که قسمت عمده از عمر من درین کار گذشت و نزدیک صد و پنجاه کتاب نظم و نثر را بخط خود نوشته ام که اینک جلد شده موجود است -

پشیمانی من ازین جهت است که در نتیجه گرفتاری باین ضروریات از تهیه آثار ادبی که از دیر باز برای آن پرورده شده بودم و شب و روز خود را بدان کار آماده میکردم باز ماندم. در جهان ما در زندگی امروز مهمترین کار کسانی که ذوق و قریحه ادبی دارند اینست که آثار ادبی دنیا پسند مطابق مصداق امروز جهانی از رومانی و داستان کوتاه و نمایش و درام و غیره تهیه کنند تا ادبیات ایران بپایه ادبیات کشور های متمدن امروز جهان برسد.

ادبیات امروز به اندازه‌ای در داستان پردازی فرو رفته است که شعر در جهان امروز تحت الشعاع نثر واقع شده و بکلی از رونق دیرین خود افتاده است به همین جهت در هیچ کشوری دیگر شاعران بزرگی که در قرن گذشته بوده‌اند دیده نمی‌شود.

اشتغال روزافزون من در تحقیقات ادبی و تتبعها و استقصاهای بی‌پایان گاه مرا از ادای این وظیفه مهم به اندازه‌ای که می‌توانستم و دوست می‌داشتم باز داشت. بیشتر بدین کار از این سبب دلبستگی داشتم که می‌دیدم دیگران که می‌خواهند این کار را بکنند و در ایران پای ادبیات جدید جهان پسند را باز کنند آنچنان که اصول مسلم ادب می‌پسندد و حکم می‌کند از عهده برنمی‌آیند. دلیل عمده نقص کار ایشان اینست که آن احاطه‌ای را که باید نه در ادبیات جهانی و نه در ادبیات ایران دارند. نویسنده دیگر شده بزرگ در ایران امروز کیست که در درجه اول از همه گوشه و کنارهای تاریک و دورافتاده ادبیات هزار ساله ایران هم باخبر باشد چه رسد به اینکه سراسر شاهنامه فردوسی و آثار لااقل صد شاعر بزرگ ایران را به دقت و با کمال تسلط خوانده و از آن بهره‌مند شده باشد.

در درجه دوم می‌بایست در ادبیات جهان کاملاً چیره‌دست باشد و لااقل از آثار بزرگان نظم و نثر فرانسه و انگلستان و روسیه و آلمان و ایتالیا و اسپانیا و در ضمن از شاهکارهای مسلم ادبیات یونانی و لاتین اطلاع کامل داشته باشد و جزئیات روش رمان نویسی و تئاتر نویسی را بداند تا بتواند به زبان فارسی چیزی بنویسد که اگر در جهان شهرت نکند دست کم خواننده باسواد و باذوق ایرانی را راضی کند و چیزی در برابر یک نویسنده اروپایی بگذارد.

کسانی که تاکنون من به آثارشان پی برده‌ام از یک نکته بسیار مهم که اساس ادبیات امروز باید باشد بکلی غافلند و آن اینست که نویسنده ایرانی امروز باید تازه‌ترین و پسندیده‌ترین اندیشه‌های امروزی را با فصیح‌ترین و درست‌ترین انشای زبان فارسی بنویسد. این مثل را مکرر زده‌ام و اینجا هم تکرار می‌کنم. لباس خوب آنست که پارچه خوب را خیاط خوب بدوزد. اگر پارچه بد را خیاط خوب بدوزد کار خیاط حرام شده و اگر پارچه خوب را خیاط بد بدوزد پارچه حرام شده است. در ادبیات فکر به منزله خیاط است. فکر خوب را با بهترین زبان باید نوشت. مثلاً فکر امروزی دنیاپسند را باید به زبان فردوسی و سعدی و حافظ و خیام بیان کرد تا پارچه خوب از دست خیاط بیرون آمده باشد. فکر بد را به زبان درست و فصیح و ادبی نوشتن اثر ادبی پدید آوردن نیست و به همین گونه فکر خوب را به زبان نادرست نوشتن کار ادبی نمی‌توان دانست.

نقاشی خوب آنست که اشکال زیبا را با الوان زیبا توأم کنند. در ادبیات فکر و مضمون جانشین همان اشکال زیبا و انشای درست و پسندیده و معنای زبان جانشین همان الوان زیباست.

خواننده عزیز، اجازه دهید قدری پرده را بدرم. صادق هدایت یکی از بهترین نویسندگان عصر ماست، شکی نیست که همه جا فکر بسیار بلندی دارد که گاهی مایهٔ اعجاب است. اما دریغا که این فکر بدین بلندی را گاهی در عبارات نادرستی که از زبان سعدی و حافظ نمی‌خورد ادا کرده است و در جمله‌بندی خود (شلختگی) کرده، قلم‌انداز نوشته؛ گاهی مبتدا و خبر آن درست نیست، گاهی فعل را درست صرف نکرده، فعلی را بجای فعل دیگر آورده، در یک جمله دو فعل را که از یک زمان نیستند بکار برده، گاهی جمله او روشن نیست و ادای مقصود مهم او را نمی‌کند و به اندازه‌ای تاریک است که فکر و مقصود در آن گم شده است، به همین جهت همیشه ترجمه آثار او به زبان دیگری بجز زبان فارسی بهتر از اصل می‌شود زیرا که دیگر مترجم این سهل‌انگاری را نمی‌کند و ناچار رساترین عبارت را برای ادای مقصود او اختیار کند.

نویسنده دیگری را می‌شناسم که نامش را نمی‌برم ولی آثار متعدد او در میان مردم است. وی بالعکس فارسی را روان و درست و گاهی هم (خیلی درست) یعنی بیش از آنچه باید با عبارت پردازی‌های نامأنوس می‌نویسد. اما دریغا که فکر بلند ندارد. بسیار رکیک نوشته تکرار مکررات خود اوست چه برسد به مکررات دیگران. همیشه مطالب

پیش پا افتاده را می‌گیرد. درسی میدهد، موعظه میکند، پند و اندرز میدهد
و اینها دیگر در ادبیات جهان کهنه شده است. امروز نویسندگی دیگر
وعظ گوئی و نوحه سرائی و نصیحت فروشی نیست. امروز نویسندگی کار صنعتی است،
نقاشیست، آهنگ سازیست، مجسمه سازیست، نویسندگی یک نوع
سینمای رنگارنگی شده است باید در آن حرکت، نشاط، خشم، غضب،
دیوانگی، مستی، جان فشانی، از همه بالاتر پیشوائی و پیش آهنگی و راهنمائی
بسوی آینده باشد. نویسنده باید بگریاند و بخنداند نه اینکه موعظه کند.
و کلیات بیافد، آنهم کلیاتی که دیگر مردم آنها را قبول ندارند. مردم
دیگر امروز از درس اخلاق خسته و رمیده شده اند از بس موعظه سرایان
بمردم دروغ گفته اند و آنچه را که در خود ندا[شته] اند تحویل مردم داده
اند که در همه جای جهان امروز مردم از این نوع سخنان مزورانه
و ریاکارانه و سراسر دروغ و فریب بیزار شده اند. مردم از نویسنده
خوب متوقع اند با ایشان بگرید، و بخندد، شریک غم و شادی ایشان
بشود، همدرد ایشان باشد، سینما و رادیو سلیقه مردم جهان را بکلی
تغییر داده اند، حتی تآتر که تا چندی پیش هنوز مهمترین رکن ادبیات
بود امروز در خطر است و در هیچ جای دنیا دیگر صرف نمی کند و اگر دولتها
اعانه ندهند و یاری نکنند از پا در می آید.

درین صورت نویسندگی امروز غیر از نویسندگی دیروز و
پریروز است. امروز مردم از نویسنده خوب هیجان، جنبش مردانه،
راهنمائی های دلاورانه میخواهند. این مخصوص بخوانندگان ایرانی
نیست. در همه جهان حتی در کشورهائی که در تمدن امروز در مراحل نخستین
هستند این توقع را از نویسنده دارند.

بسیاری از کتابهائی را که تا بیست سال پیش مردم سر و دست
برای آنها می شکستند دیگر کسی نمی خواند. بالعکس نویسندگانی که تا چندی
پیش در درجه دوم بودند امروز در درجه اول جای گرفته و آنها را
مردم از صف عقب بصف جلو آورده اند. از ادبیات فرانسه
برای شما مثل میزنم. روز بروز ویکتور هوگو کهنه تر می شود،
آناتول فرانس که تا بیست سال پیش بت ادبیات فرانسه بود دارد
کهنه می شود. درین دنیای امروز یگانه کسی که هنوز جای خود را از
دست نداده و هرگز از دست نخواهد داد شکسپیر است و آن هم بواسطه
هیجان و انقلاب و شوریست که در آثار اوست و ولتر و بالزاک که
تحت الشعاع بودند امروز دوباره بر جهان ادب حکمرانی می کنند.
چیخوف و گورکی نامشان بیش از دیگران بر سر زبانهاست و رئالیسم سراسر
ادبیات جهان را گرفته است. همه آن مردم که گوته شاعر بزرگ جهانی را
هم تنزل رتبه بدهند. هم شیللر و دانته بواسطه همان هیجان و شوری
که در آثارشان است هرگز کهنه نخواهند شد.

اینست که در ادبیات امروز دوره موعظه سرائی و نیکو اندرزها
دوره گذشته است مردم از ادبیات حرکت و نهضت و جنبش
میخواهند، احساسات تند، بی آرامی ها، دلاوریهای تند و سرکشیها
می پسندند. چه می توان کرد؟ بشر امروز چه بخواهید و چه نخواهید باین
صورت در آمده است. ایرانی هم بشر است، زنده است، دل
دارد، حس میکند، درد میکشد، اشک می ریزد، دلش میخواهد بخندد،
تفریح کند، درد دلها را از یاد ببرد، کسی او را وادارد بخود بجنبد، تا وقتی
بدمد، گاه گاهی در کوشش فریاد بکشد. این چنین نویسنده ای را
می خواهد.

پایان

شعر فارسی در عصر معاصر

(بقیه صفحه ۹) یکی دیگر از آثار این دوره جدید همانا ایجاد روابط فرهنگی
ادبی ایران با دیگر ملل است. در دوره کنونی ایجاد این روابط را جزو امور
ضروری حیات سیاسی و فرهنگی ایران دانسته اند، و انجمن های روابط
فرهنگی تشکیل شده و مسافرت هیئت های علمی و ادبی و افراد ادبا و
دانشمندان و تماس با فضلا و دانشمندان ملل دیگر آغاز گردیده است

پایان

(از سید عظمت علی رضوی)

بانوی هندوستان

ای سراپا خوبروای "بانوی هندوستان"
از وجودت میهن ما شد سراسر گلستان

شوخ چشم، و مه لقا، و سرو قد، رخشنده نور
حورش، زیبا صنم، چون سرو اندر بوستان

قامت موزون قیامت فتنه ای، و شوخ و شنگ
دعوت نظاره پیهم، مرکز فکر جوان

عارض گلگون تو چون "لاله احمر بکف"
خال بر اوج هلال و کهکشان در آسمان

پرتو نور جبینت دلبر برنا و پیر
با نگاه چشم دو گون است لیلی زبان

نازک و زیبا و خوشتر ساعد سیمین تست
دست رنگین است این یا شعله آتش فشان

هست تابان، و منور این مه و انجم، شهاب
"با فروغ شعله خورشید حسنت" در جهان

چون پر از مهر و وفا آغوش خود را واکنی
قرب محراب محبت عشق شد سجده کنان

هست از فرط نزاکت "تاکف پا همچو گل
در خرام ناز چون کبک دری در بوستان

گویمت ای مه جبین، ای دختر گنگ و جمن!
ای پری چهره، دل آرا، واقف عشق نهان

"تا بکی بیکاره و دیوانه شوی در عشق خام
از فریب حرص، و آز مردم نامهربان

تو چرا رنجیده ای از مردمان زشت و خام
با تقاضای خرد" ممتاز شو اندر جهان"

تو که با حسن و عمل دردانه فرزانه ای
پا بنه بر نردبان علم با عزم جوان

پنجه زن، با فرقه بندی، و تعصب، جبر، و ظلم
بی سوادی، نکبت، و خواری، و نخوت بیگمان

از پی صدق، و اخوت، و ز پی علم و هنر
خوش بکن صحبت دمی با صلح جویان جهان

گر بخواهی عظمت هندوستان را جاودان!
مهر کن با فارسی و مادری اردو زبان!

ترجمہ :- ریاض احمد شروانی

ہندوستان و افغانستان

اُستاد خلیلی مستشار فرہنگی اعلحضرت ہمایوں بادشاہِ افغانستان کی وہ تقریر جو آپ نے ۲۳ ربرج فروری ۱۹۵۸ء کو بمبئی میں کی تھی

قبل اس کے کہ میں اپنی تقریر شروع کروں، چاہتا ہوں کہ ہندوستان کی جنگِ آزادی کے ہیرو اور علماء و دانشمندانِ ہند کے رہبر مولانا ابوالکلام آزاد کی وفات حسرت آیات پر اپنے دلی غم و اندوہ کا اظہار کروں۔ مولانا علم و معارف کے روشن ستارے تھے آج اُس انجم تاباں کے غروب ہونے سے ساری علمی دُنیا میں بساطِ ماتم بچھ گئی ہے۔

مولینا ساری زندگی اپنے ہم وطنوں کی بھلائی اور بہبود کے لئے اپنے فرائض اخلاقی کو بطور احسن انجام دیتے رہے۔ ان کو فرائض کی انجام دہی نے اطمینانِ نفس اور سکونِ قلب بخشا اور اب وہ ابدیت کی طرف رہسپار ہوئے۔

اِنَّ لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنْ

میری تحریر و تقریر میں اتنی سکت نہیں کہ مولانا مرحوم کے فضائل اور اوصاف بیان کرسکوں۔ چنانچہ کلام الملوک ملوک الکلام کے مصداق بہتر یہی سمجھتا ہوں کہ اپنے بادشاہ علم پرور اعلحضرت معظم ہمایونی کے پیام تعزیت میں سے جو اُنھوں نے مولینا کی وفات کے وقت دیا تھا ایک جملہ اس جگہ بول دوں اور دراصل یہی جملہ اس تمام ذکر و فکر کی جان ہے۔

اعلحضرت معظم ہمایوں نے فرمایا :-

"مولانا آزاد کی وفات سے سارے ہندوستان کو زبردست اور ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا ہے اور ان کی موت دوستدارانِ علم اور ہندوستان کے دوستوں کے لیے بھی باعثِ غم و الم ہے"۔ چنانچہ :-

آزاد ہمین رہبر آزادی ہند است
زان ہند بر این رہبر احرار بگرید
شد قافلہ علم سیہ پوش در این مرز
تا در غم این قافلہ سالار بگرید

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَہٗ وَارْحَمْہُ وَاجْعَلِ الْجَنَّۃَ مَثْو

مجھے افسوس ہے کہ میں اپنے دلی احساسات اور جذبات قلبیہ کی صحیح ترجمانی کے لیے موزوں اور مناسب الفاظ اور عام فہم زبان میں انتخاب نہ کرسکا۔ لہٰذا سرزمین شرق کے عارفِ بزرگ مولینا جلال الدین بلخی رومی کے یہ دو شعر پڑھ کر اپنے دل کو تسلی دے لیتا ہوں۔

صد ہزاران ترجمان خیزد ز دل
غیر نطق و غیر ایماء و سجل
پس زبان ہمدلی با دیگر است
ہمدلی از ہمزبانی بہتر است

حقیقتاً دل ہی وہ وسیلہ ہے جو انسانوں کو ایک دوسرے کے نزدیک لاتا اور انسانی جذبات کی ترجمانی کرتا ہے۔

ماضی میں جو عرفا افغانستان سے ہندوستان آئے وہ دراصل اس حقیقت سے آگاہ تھے اور ان کی ساری کوششیں اس طرف مبذول تھیں کہ انسان کے خیالات اور افکار کو اس طرف متمرکز کریں تاکہ ان کے دل ہر قسم کی آلودگی اور آلائش سے صاف اور پاک ہو کر آئینہ کی مانند چمک اٹھیں۔ یہ بزرگ شور ناقوس اور جنگی نعروں کی بجائے انسان کو موسیقی عشق کا سبق دیتے تھے۔ انہیں اس بات کا علم تھا کہ جنگ اور فتنہ و فساد سے حقیقی مسرت اور کامیابی نصیب نہیں ہو سکتی۔ دلوں کا آپس میں لگاؤ ہی وہ صحیح راستہ ہے جو بشریت اور بنی نوع آدم کی ازلی خوش بختی کی طرف رہنمائی کرتا ہے اور ان کو ایک درخشاں مستقبل کا مژدہ سناتا ہے۔ چنانچہ خواجہ معین الدین عارف افغانی رح جب ہرات اور بلخ ہوتے ہوئے ہندوستان کی طرف رہسپار ہوئے تو ان کے ہاتھوں میں عشق کا ساز تھا اس ساز کی مسحور کن آواز بل کھاتے اور چمکتے دمکتے پانی کی لہروں کی طرح جو ہمالیہ کوہسار سے ہندوستان کی طرف بہتی چلی آ رہی ہوں صلح و صفا کا پیام لیکر اس ملک میں وارد ہوئے اس ساز کی دلکش آواز نے ہزاروں مرد، عورتوں، بڑھوں اور جوانوں کے دلوں کو اپنی طرف کھینچ لیا اور یہ ساز محبت اور دوستی کا ساز کہلایا۔

یہی محبت اور دوستی کا نغمہ چشت سے ایک بار پھر اٹھا اور وہاں سے دہلی اور اجمیر ہوتا ہوا ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں پھیل گیا۔ حضرت فرید الدین کابلی جو شکر گنج کے نام سے مشہور ہیں اور ان کے مرید حضرت نظام الدین اولیا رح نے بھی دوستی اور محبت کی شمع روشن کی اور اس کی روشنی پھیلانے کے لیے خانقاہیں تعمیر کیں۔ ان کے سازوں کی آواز کا اثر دربار ہجویری اور داتا گنج بخش غزنوی کی مناجاتوں کی طرح مقبول کے لاہور سے اپنی آواز بلند کی تھی دل نشیں ہوا اور اسی ساز کی آواز پر خسرو نے جو بلخ کے زمیں زادوں سے تعلق رکھتے تھے اپنے نغموں کا آغاز کیا۔

ان کا عقیدہ تھا کہ آفرینش کائنات کے وقت ہی سے انسان ملکوتی نغمات سے ایک خاص لگاؤ اور دلچسپی رکھتا ہے۔ یہاں تک کہ جب خدائے تعالیٰ نے یہ ساری کائنات بنائی اور روح کو جو ایک لطیف نور کی شکل میں تھی آدم کے اندھیرے جسم میں داخل ہونے کا حکم صادر فرمایا تو وہ اس تاریک قفس کے اندر جاتے ہوئے جھجکی لہذا خداوند تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ عشق کا ساز چھیڑیں تاکہ روح انسانی اس محبت و عشق کے نغمہ کو سنتے ہی آدم کے پیکر میں داخل ہو جاوے۔

آندم کہ دمید روح آدم ببدن
گفتند درآ، نمی شد از ترس به تن
خواندند فرشتگان به لحن داؤد
در تن، در تن، درآ اندر تن

اور اسی عشق کی قندیل خانقاہ معین الدین چشتی رح میں آج بھی فروزاں ہے۔

میرا عقیدہ ہے کہ ہندوستان اور افغانی . . . . عوام کے درمیان جو تعلقات ہیں ان کا سرچشمہ اور منبع فلسفہ اور عرفان کی وہ تعلیمات ہیں جو ان صوفیائے کرام نے ان قوموں کو دیں۔ جب تک بنی نوع آدم اپنی تسکین قلب اور رفع آلام کے لیے اور ایک دوسرے سے نزدیک تر ہونے کے لیے جد و جہد میں مشغول ہے اور جب تک وہ اس بات کا نیازمند و خواہاں ہے کہ منزل حقیقت کی طرف گامزن ہو کر اس کو حاصل کرے اس وقت تک ان دونوں ملکوں کے روشن فکر اور روشن ضمیر ان باہمی علمی اور ادبی سرگرمیوں کے لیے مرہون منت رہیں گے۔

آج سے نو سو سال قبل ابو ریحان نے ہندوستان آکر اس

ملک کے علوم فلسفہ اور ہندسہ و ریاضی کا گہرا مطالعہ کیا تھا اور تین سال کی پیہم اور جان توڑ کوششوں کے بعد یہاں کی علمی زبان سنسکرت اور علم ریاضی میں مہارت حاصل کرکے اپنی مشہور کتابیں مالہند اور التفہیم لکھی تھیں۔ ہندوستان سے واپسی پر ابوریحان نے اپنے وطن عزیز میں ایک زبردست رسد خانہ (OBSERVATORY.) کی بنیاد بھی ڈالی تھی اور اپنی بیش بہا ایجادات سے دنیا والوں کی معلومات میں قابل قدر اضافہ کیا تھا۔

ان کے علاوہ مسعود سعد سلمان لاہور آئے اور حضرت امیر خسرو نے دہلی ہی میں مستقل قیام اختیار کیا ہرات کے سب سے بڑے عالم اور منطقی میرزا ہد اور ان کے والد قاضی محمد اسلم اور ملائے کلاں بھی دہلی اور آگرہ میں عوام کو اپنی مفید عام تعلیمات سے فیض یاب کرتے رہے۔ امام ربانی مجدد الف ثانی کابل سے تشریف لاکر سرہند میں مقیم ہوئے اور وہاں کے نواسیوں کو عرفان خداوندی کے سبق سکھائے۔ اُنھوں نے بتایا کہ خدا کو پہچاننے کا بہتر طریقہ سیر انفس ہے اور سیر آفاق سے ان کی توجہات کو اس مسلک کی طرف رجوع کیا اور آئین شہودیان کی تعلیم دی۔

یہ علمی اور تہذیبی یک جہتی ایک طرف تو فلسفہ اور علم العرفان پر اثر انداز ہوئی اور دوسری جانب اُس کے اثرات صناعت ظریفہ میں بھی پوری طرح نمایاں ہوئے۔ قطب مینار جو سلطان قطب الدین ایبک نے تعمیر کیا بڑی حد تک اُس مینار سے ملتا جلتا ہے جو کہ غور کے پہاڑی علاقہ میں آج بھی گردن اُٹھائے اپنے ماضی کی داستان سنا رہا ہے۔ یہ دونوں مینار ہندو افغانستان کے ملے جلے اسلوب اور طرز تعمیر کی جیتی جاگتی مثالیں ہیں اور اُس زمانے کے فن تعمیر کا بہترین نمونہ کہے جاسکتے ہیں نہ صرف یہ بلکہ نقاشی، خطاطی، اور تعمیر کے اور بھی مشترک آثار قدیمہ اس یکجہتی اور ان قوموں کے مشترک اسلوب کے مظاہر ہیں۔

آج اس محفل میں آپ کے درمیان بیٹھ کر جس گرمجوشی اور محبت کے مظاہرات کا میں مشاہدہ کررہا ہوں وہ آپ سب کے دوستانہ جذبات کی ترجمانی کرتے ہیں اور ہمارے اور ہندوستان کے اہل علم و ذوق کے درمیان گذشتہ سیکڑوں برسوں سے جو جذبہ یک جہتی اور دوستی چلا آیا ہے یہ اظہار محبت اس کی زندہ مثال ہے۔ ہند و افغان کلچر و ثقافت کے قدیم آثار اور یہاں کے سوشل اور علمی و ہنری انجمنوں اور مرکزوں کو دیکھ کر ہمارے دلوں میں ماضی کی یاد تازہ ہوجاتی ہے اور ایسا معلوم ہونے لگتا ہے کہ فریدالدین شکر گنج اس وقت بھی اپنی خانقاہ میں بیٹھے ہیں اور عوام پروانہ وار ان کے گرد جمع ہوکر تصوف، عرفان اور وسعت مشرب کے سبق حاصل کررہے ہیں۔ مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اب بھی اجمیر سے اُسی موسیقی عشق کا زمزمہ بلند ہورہا ہے میں تصور کرتا ہوں کہ حضرت امیر خسرو دہلی میں بیٹھے مشغول سخن سرائی ہیں اور جمال حقیقی کی تعریفوں کے دریا بہاتے ہوئے اُس نور کو مادی دنیا اور فہم انسانی سے بلند و بالا بتا رہے ہیں اور اپنے اس طرز تفکر کی دلیل کے طور پر یہ اشعار پیش کرتے ہیں۔

آفاق را گردیده ام — مهر بتان ورزیده ام
بسیار خوبان دیده ام — اما تو چیزے دیگری
تا نقش می بندد فلک — کس را ندادہ این نمک
حوری ندانم یا ملک — فرزند آدم یا پری
من تو شدم تو من شدی — من تن شدم تو جان شدی
تا کس نگوید بعد ازیں — من دیگرم تو دیگری
خسرو غریب دبی نوا — افتاده در شهر شما

باشد کہ از بہر خدا
سوئی غریبان بنگری

میں اب بھی اِس خیال میں کھویا ہوا ہوں کہ ابوریحان آج بھی عجائبات سماوی کی تلاش و جستجو میں مشغول اِس پہناور زمین سے ستاروں اور سیاروں کے محور اور مدار کا اندازہ لگانے میں ہمہ تن مصروف ہے اور اس خاک کے رہنے والوں کو عالمِ پاک کے عجائبات کا تماشہ دکھلانے میں مشغول ہے۔ مجھے یوں معلوم ہوتا ہے کہ ہرات کا نامور مورخ اور باستان شناس، حبیب السیر کا مصنف حضرت نظام الدین اولیا کے قبرستان میں ابدی نیند میں مست آج بھی لوگوں کو قرونِ ماضی کے افسانے سنا رہا ہے اور سید جمال الدین افغانی مشرق کی قوموں کے رہنماؤں اور دانش مندوں کو ملک کی بیداری اور بہتری کے متعلق اپنا پیام ببانگ دہل سنا رہے ہیں۔ اور وہ یہاں شبلی نعمانی، مولانا جلال الدین بلخی کے متعلق علمی تحقیقات میں مشغول ہیں۔ دوسری طرف بیدل رانی ساگر کے حوض کے کنارے بیٹھے کعبۂ دوستی کی طرف لوگوں کی رہنمائی کر رہے ہیں۔

مجھے یقین ہے کہ یہ زمانہ جس کے متعلق ساری دنیا کا یہ قطعی فیصلہ ہے کہ اب عقلِ انسانی، اجتماعی بلوغ کی ساری منزلیں طے کر کے اُسے کامل حاصل کر چکی ہے انشاء اللہ ایک درخشاں مستقبل کی سمت گامزن ہوگا اور اپنے ستونوں کو اعتماد اور عمل کے زرّیں اصولوں سے مستحکم کر کے آپس میں ایک دوسرے کے عقاید اور علامات تاریخی کا ہمیشہ احترام کرتا رہے گا تاکہ کینہ اور دشمنی کا دیو اس جہان سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے دربدر ہو جاوے اور امن شانتی کی دیوی حیاتِ انسانی کے چمنستان کو رنگین اور فرحت بخش بنا دے اور صلح و آشتی کے آفتابِ عالم تاب کی کرنیں انسانی آرزوؤں کی میدان میں انسان کی بزرگی اور کرامت کا سکہ بٹھائیں۔

ہندوستان میں آثارِ قدیمہ کے تحفظ، علمی، ادبی، ہنری اور دوسرے مراکز فکر کے مراکز کی نگہداشت کا مشاہدہ کرنے کا جو موقعہ مجھے اس وقت میسر آیا ہے اس سے مجھے بہت مسرت اور قلبی خوشی حاصل ہوئی ہے۔

میں آخر میں اپنے اِن اشعار کے ساتھ آپ سے اجازت چاہتا ہوں۔

آدمی را گرچہ از مشت غباری پیکر است
جلوہ گاہ عظمتش از باختر تا خاور است
آدمی در پیشگاہ قدس بنیانِ خدا است
ہر کہ این بنیان کند ویرانہ خاکش بر سر است
وای بر انسان کہ کارش را بسازد ذرہ ای
آنکہ خود در ملکِ معنی آفتابِ انور است

(پایان)

سامان

اگر می کُنی مکن

از سوزِ دل شکایت اگر می کنی مکن!
این قصہ را حکایت اگر می کنی مکن!

اکنون کہ ہمچو نای، ز یاران جدا شدی
از سوزِ دل شکایت اگر می کنی مکن!

از قول راویان غرض ور زفتنہ جوی
اخبار را روایت اگر می کنی مکن!

بر دوستان کنایہ اگر می زنی مزن
از دشمنان حمایت اگر می کنی مکن!

نظمی است نظمِ کہنہ کہ آن را نظام نیست
این نظم را رعایت اگر می کنی مکن!

با مردمی کہ میزنند از عدل و داد دم
بیداد بی نہایت اگر می کنی مکن!

دانستہ گم شدند رفیقان ز بہر راہ
این قوم را ہدایت اگر می کنی مکن!

از نورالحسن انصاری
دلی کالج دہلی

ناصر علی سرہندی

ناصر علی عالمگیری دور کا سب سے ممتاز شاعر تھا۔ وہ سرہند میں پیدا ہوا۔ اس کی ابتدائی زندگی اور تعلیم کے بارے میں مفصل حالات معلوم نہیں تاہم اس کے دیوان سے واضح ہوتا ہے کہ وہ علوم رائجہ میں ماہر اور علمی قابلیت میں مستند تھا۔

ناصر علی پہلے پہل سیف خاں کے دربار سے متعلق ہوا۔ سیف خاں عالمگیری دور میں کشمیر کا گورنر تھا بعد میں اسے الہ آباد کا گورنر بنا دیا گیا۔ ہمارا شاعر اپنے ممدوح کے ساتھ الہ آباد چلا آیا اور ترتربینی کی لہروں پر غزل کے ساز چھیڑتا رہا لیکن قسمت کو منظور نہ تھا۔ ۱۰۹۵ھ میں سیف خاں رحلت کر گیا۔ ناصر علی سرہند واپس چلا آیا۔ مگر حالات نے اسے یہاں بھی سکون نہ بخشا، اور اسے جنوبی ہند کی راہ لینی پڑی۔ حالات کی نامساعدت کا بنیادی سبب یہ تھا کہ ناصر ایک روز کسی چمن زار میں بیٹھا محو ناؤ نوش تھا۔ اتفاق سے ادھر سے حضرت معصومؒ خلف حضرت مجدد الف ثانیؒ کا گذر ہوا۔ انھوں نے ناصر علی کو شراب پیتے دیکھ کر پوچھا کیا شراب پی رہے ہو؟ ناصر علی نے برجستہ کہا "یہ وہ شراب ہے جسے ملائکہ پیتے ہیں۔" ناصر کے اس علی الاعلان مذہبی بغاوت پر تمام علما اس کے مخالف ہو گئے اور اس کے خلاف قتل کا محضر نامہ تیار ہو گیا۔ مجبوراً اسے جنوبی ہند کی راہ لینی پڑی۔ وہاں ذوالفقار خاں (وفات ۱۱۲۴ھ) نے اس کو ہاتھوں ہاتھ لیا۔ نواب مذکور پنج ہزاری منصب پر فائز تھا مگر ناصر علی کو ذوالفقار خاں سے کہیں زیادہ اس علاقہ کے درویشوں اور مجذوبوں سے تعلق رہا۔ چند سالوں کے بعد ناصر علی دہلی واپس آ گیا اور یہیں اس نے ۱۱۰۸ھ میں رحلت کی۔

ناصر علی نے ایک مختصر اور منتخب دیوان یادگار چھوڑا۔ ایک مثنوی بھی لکھی تھی مگر اس کا نام و نشان نہیں دیوان میں غزلیں، رباعیاں اور قطعات وغیرہ ہیں۔ ناصر علی درحقیقت مُلک غزل سرائی کا بادشاہ تھا۔ مگر اس کی رباعیاں اور قطعات بھی اختصار اور جامعیت میں اپنی مثال آپ ہیں۔ ایک رباعی ملاحظہ ہو:-

تا یاد خدا در دل انسان باشد — اندیشہ گداز نفس و شیطان باشد
خفاش نیارد کہ برآید در روز — ہر چند کہ آفتاب پنہان باشد

فارسی غزل گوئی کے خضر اعظم حافظ شیرازی ہیں ان کے بعد آنے والے ہر غزل گو نے ان کی پیروی قابلِ فخر سمجھی ہے ناصر علی بھی انھیں کی اتباع کا دعویٰ کرتا ہے۔

علی امشب مے شیراز در جام و سبو دارد
"الا یا ایہا الساقی ادر کاساً و ناولہا"
علی در بحرِ حافظ دست و پائی میزند امشب
"کجا دانند حال ما سبکساران ساحلہا"

لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس کا طرز حافظ سے قطعی مختلف ہے۔ حافظ کی غزل گوئی کا حسن اس کی والہانہ ازخود رفتگی، رنگین سادگی اور دلکش روانی میں ہے لیکن ناصر کی غزلیں اپنی فلسفیانہ گہرائی، پُروقار سنجیدگی، دور رس مضمون آفرین اور دلربا آرستگی کے لئے مشہور ہیں۔ حافظ اپنے جذبات بغیر کسی نفسیاتی گرہ کے انتہائی فطری انداز میں پیش کرتے ہیں لیکن ناصر کے خیالات تفکر اور تعمق کی منزلیں طے کرکے ہم تک پہونچتے ہیں۔ حافظ کی غزل کے مقابلہ میں ناصر علی کی غزل ملاحظہ فرمایئے، واضح ہو جائے گا۔

محبت جادۂ دارد نہاں در خلوت دلہا
چو تار سبحہ گم گردیداین رہ زیر منزلہا
بہ شمع روشنی این کلبۂ تار التجا دارد
اگر دل در گداز آید توان حل کرد مشکلہا
چو تسبیحی کہ ہنگام کشاکش بگسلد تارش
جدا افگند مستیہای شوقش نالہ از دلہا

علی کے دیوان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے کبھی صرف خانہ پری کے لئے غزلیں لکھنے کی کوشش نہیں کی۔ اس کی غزلوں میں زیادہ سے زیادہ تیرہ اشعار ہیں۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ جب غزل لمبی ہوتی ہے تو اس کے ظاہری تناسب و توازن میں ایک محسوس ڈھیلاپن آجاتا ہے جیسے ایک ننھی جان کو بے ہنگم جبہ پہنا دیا جائے۔ ناصر کی غزلیں مختصر، موزوں، متناسب اور خیالات و معانی سے بوجھل ہیں۔ علاوہ غزل کے اس کے دیوان میں بہت سے فرد ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ جو بھی پھڑکتا ہوا خیال اس کے دماغ میں آیا اس نے قالب شعر میں ڈھال دیا اور غزل مکمل کرنے کے درپے نہیں رہا۔ ناصر علی کی شاعری دقیق و عمیق خیالات اور فلسفیانہ مسائل حیات کیلئے اپنی مثال آپ ہیں ان خیالات کو وہ ایسے

نئے استعارات اور دلپذیر تشبیہات سے واضح کرتا ہے جو عام زندگی میں مسلم حقیقتیں ہیں۔ اس کی قوت اختراع اور شاعرانہ اُپج نے یہ کبھی گوارا نہیں کیا کہ وہ پٹی ہوئی لکیر پیٹے۔ دنیا شاعری میں قدم رکھنے کے بعد ناصر علی نے اپنے لئے ایک اور متوازی لائن بنائی۔ یہ کام بہت مشکل تھا۔ صائب اور فیضی کی طرح وہ لاکھوں اشعار نہ لکھ سکا۔ جدت کی کوشش قدم قدم پر دامنگیر ہوئی پھر بھی اسے کامیابی حاصل ہوئی۔

ناصر علی کی تشبیہیں نئی ہیں، اجنبی نہیں، عجیب ہیں، غیر معروف نہیں مشکل ہیں، دور رس نہیں، اس کے استعارے دقت طلب ہیں مگر دور از کار نہیں۔ ترکیبیں پیچیدہ ہیں، مگر غیر موزوں نہیں۔ اس کی شاعری تفریحی نہیں، بلکہ افادی ہے یہاں تو قدم قدم پر رکنا ہے اور الفاظ و معانی کی اتھاہ گہرائیوں میں اتر کر خیالات کے گراں قدر موتی نکالنا ہے۔

نفس در سینۂ من موجۂ ریگ روان باشد
کہ دل چون شیشۂ ساعت پرست از گرد مطلبہا
چو تسبیحی کہ ہنگام کشاکش بگسلد تارش
جدا افگند مستیہای شوقش نالہ از دلہا
برنگ غنچہ ام حزبوی او در دل نمی گنجد
بود این خانہ را از تنگی خود قفل بر دلہا
ما گرفتاران ہستی را بچشم کم مبین
بوی یوسف می دہد ہر ذرہ در ایوان ما

تمثیل عالمگیری دور شاعری کی ممتاز خصوصیت ہے صائب (وفات ۱۰۸۰ ھجری) غنی کشمیری (وفات ۱۰۷۹ ھجری) سرخوش (وفات ۱۱۲۶ ھجری) موسوی خان فطرت (۱۱۰۱ ھجری) اور ناصر علی اس سلسلہ میں خاص طور پر مشہور ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کے ساتھ ناصر علی کا مقابلہ ممکن نہیں، لیکن مندرجہ ذیل تمثیلی اشعار سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ اس

میدان میں بھی اس کی فنکارانہ صلاحیت مسلم ہے، وہ غزل کی غزل صفت تمثیل میں لکھتا ہے مگر قوت تخئیل کی پرواز میں کوتاہی نہیں آتی۔ ۵

نکوئی گر رود زیں بحر نیکوتر شود پیدا

چو گیرد قطرہ را راہ عدم گوہر شود پیدا

غبار خاطر دانا است اظہار ہنر کردن

صفا بر خیزد از آئینہ چون جوہر شود پیدا

بہ پیری سعی کن گر در جوانی کار رفتار دست

زر گم گشتہ در آتش زخاکستر شود پیدا

آب چون ندر روغن افتد نالہ خیزد از چراغ

صحبت ناجنس باشد شمع آزار ہا

اگرچہ ناصر علی آخری عمر کے چند برسوں کے علاوہ ہمیشہ امراء کے دربار سے متعلق رہا۔ مگر اس کی شاعری کا دامن مدح سرائی سے کبھی آلودہ نہیں ہوا۔ اس کے دیوان میں ذوالفقار خاں کی شان میں ایک مختصر سا قصیدہ ہے جس مطلع ہے

اے شان حیدری زجبین تو آشکار

نام تو در نبرد کند کار ذوالفقار

کہا جاتا ہے کہ اس قصیدہ پر نواب موصوف نے اس کو بہت انعام عطا کیا تھا۔ مگر ناصر علی گھر سے جیسے خالی دامن آیا تھا ویسے ہی واپس پہونچا۔ سارا انعام راستے میں لٹا دیا۔

علاوہ ازیں غزلوں میں سیف خاں اور غضنفر خاں وغیرہ کی طرف مدحیہ اشارے ملتے ہیں۔ مثلاً

سیف خاں ما را بدقت آفرینی شہرہ کرد

ورنہ عمری زیر لب خون شد علی افغان ما

ناصر علی حقیقتاً ایک مجذوب۔ درویش، شراب کا دھنی اور اصول حیات سے قطعی لاپرواہ انسان تھا۔ اس کی آزاد روح سماجی، مذہبی ادبی یا کسی اور طرح کی بندش گوارا نہیں کر سکتی تھی۔ مادی دنیا اور اس کی آنی فانی لذتوں سے اس کا دل متنفر تھا۔ اس کے دل و دماغ عشق حقیقی سے مست تھے۔ اس کے فلسفۂ حیات کا مثلث، قناعت، کرم اور استغنا کے زاویوں سے تشکیل میں آیا تھا۔ اس کی شاعری کو اس کی زندگی سے اتنا قریبی تعلق ہے کہ اس کو زندگی کو پس منظر میں رکھے بغیر اس کی شاعری سے کماحقہ استفادہ ممکن نہیں۔ اس تعلق سے اس کی شاعری میں صداقت آتی ہے اور یہ صداقت اس کے اشعار میں تاثیر کی روح پھونکتی ہے

عشق:۔ ما مصور زادہ عشقیم شاعر نیستیم

یکقلم تصویر معشوق است در دیوان ما

کرم:۔ گل آزادگی آسیب شبنم بر نمی تابد

بود دست کرم رسوا تر از باران عیدیہا

استغنا:۔ چہ نخ سیل خوردہ طوفان استغنای ماست

در غبار شب مہ نو نقش پشت پای ماست

کلاہ سلطنت خسروان شکست نداشت

نمی زدند اگر پشت پا فقیر آتش

ناصر علی عملی زندگی کی طرح ادبی زندگی میں بھی آزاد اور بے زنجیر تھا۔ بندھے بندھائے مضامین گھسی پٹی تشبیہوں منجھے منجھائے استعاروں پر قناعت اس کی شاعرانہ خودداری کے خلاف تھی۔ اختراع و ابداع کے ایک عجیب جذبہ کے ساتھ اس نے دنیائے شاعری میں قدم رکھا اور اسے بدل کر رکھدیا سرخوش اسے آبروی ہندوستان کہتا ہے اور لکھتا ہے افسوس نا قدر شناس زمانے میں پیدا ہوا ورنہ ملک الشعرا ہوتا، دونوں نے

ساتھ ساتھ شاعری کے چمن زار میں قدم رکھا۔ مگر فصاحت عالیہ کی دیوی نے ناصر کو گلے لگایا۔

طالع شہرت رسوائی مجنون بیش است
ورنہ طشت من دادبر وو زیک بام افتاد (سرخوش)

موسوی خاں فطرت اسے ہندوستان کے تین بڑے شاعروں میں سے ایک سمجھتا تھا۔ سرخوش، غنی کشمیری اور ناصر علی۔ ناصر علی خود اس حقیقت سے آگاہ تھا کہ اس کی شاعری کتنی آفاق گیر اور بلند مرتبہ ہے، اسے اپنی ادبی صلاحیت پر اتنا اعتماد تھا اور کہتا تھا کہ اگر کوئی اس کی غزل سے بہتر غزل لکھے گا تو وہ اس کے کلام کو وحی الٰہی سمجھے گا۔

بایں شوخی غزل گفتن علی از کس نمی آید
بایران می فرستم تا کہ می گوید جوابش را

علی از رشک استعداد عالم دشمنم گشتہ
محبت را خریدم عاقبت از ترک مطلبہا

علی شعرم بایران می برد شہرت از ان ترسم
کہ صائب خون بگرید آب در دفتر شود پیدا

ناصر علی کی شاعری تخیل کی رفعت، مضامین کی بلندی، اور افکار کی دور رسی کے لئے ہمیشہ یادگار رہے گی۔ غزل گوئی میں وہ اس طرز کا راہنما تھا، جس کی تکمیل غالب کے ہاں نظر آتی ہے۔ قدرتِ زبان، قوتِ اختراع اور حسنِ تعلیل نے اس کی شاعری کو عظمتوں سے ہم آہنگ کر دیا۔ اس کے دیوان میں غزل پر غزل پڑھے جائیے مگر ذوق ادب کی تشنگی کچھ نہیں باقی آخر کار اسکے اس شعر پر صبر کرنا پڑتا ہے۔

ز معنیہائی بیغش سیر نتوان ساختن دل را
بود گر صد پری در شیشہ باشد ہم چنان خالی

فکرِ ناتمام

عکسِ رخِ جانانہ ام، رازِ تجلی خانہ ام
عالم نداند رازِ من، خود شمع و خود پروانہ ام

من عاشقِ دیوانہ ام، از رسم و رہ بیگانہ ام
سوز و گدازِ شمع ام، خاکسترِ پروانہ ام

نی تو زمن بیگانہ ای، نی من ز تو بیگانہ ام
تو زینتِ کاشانہ ای، من رونقِ ویرانہ ام

من فطرتاً فرزانہ ام، در چشمِ تو دیوانہ ام
با ہر کسی وابستہ ام، با ہر کسی بیگانہ ام

ہستی ہمہ مستیِ من، مستی ہمہ ہستیِ من
خود ساقیِ میخانہ ام، خود ساغر و پیمانہ ام

قمر۔ مرادآبادی

مولانا جمال الدین عرفی

اظہر دہلوی
(دہلی کالج)

نوا را تلخ ترمی زن چو ذوقِ نغمہ کمیابی   حدی را تیز تر میخوان چو محمل را گران بینی   (عرفی)

مولانا جمال الدین محمد عرفی ۶۲-۹۶۳ھ مطابق ۵۶-۱۵۵۵ء میں شیراز جیسے علما و شاعر خیز خطے میں پیدا ہوئے۔ شیراز کے فخر کے لئے شیخ سعدی و خواجہ حافظ ہی کم نہ تھے کہ اس سرزمین سے ایک اور شخص پیدا ہوا جو اپنے نام و کمال کی وجہ سے ہمیشہ زندہ رہے گا۔

عرفی جس دور میں پیدا ہوا وہ علم و ادب کے انتہائی عروج کا زمانہ تھا۔ ایران میں صفوی حکومت اپنی علم پروری کے لئے بہت مشہور تھی اور ہندوستان میں اکبر اور جہانگیر کی علم پروری اور ادب نوازی کا سب کو علم ہے۔

عرفی شیراز کے ایک مشہور و معزز خاندان کا چشم و چراغ تھا۔ اسکے والد زین الدین علوی شیراز میں منصف تھے۔ عرفی کے دادا جمال الدین چادر باف بھی اپنے زمانہ کے معروف و محترم لوگوں میں سے تھے۔

عرفی کے اس تخلص کی دو وجہ بیان کی جاتی ہیں :-

(۱) ایران میں جو عدالتیں مذہبی نہیں ہوتیں وہ عرف کہلاتی ہیں اور چونکہ عرفی کے والد ایک ایسی ہی عدالت کے منصف تھے، اس لئے اس نے اپنا تخلص عرفی رکھا۔ مآثر رحیمی میں لکھا ہے :-

"چون پدرش بعض اوقات در دیوان فارس باامر وزارت داروغہ دار الفضل شیراز مشغولی می نمود، مناسبت شرعی عرفی را منظور داشت تخلص خود عرفی کرد۔

(۲) دوسری ایک وجہ جو بہت اہم ہے اور جس پر ہم آگے چل کر مفصل بحث کریں گے وہ ہے عرفی کا فطرتاً مغرور ہونا، اپنی ذات پر فخر کرنا، اس کی انانیت و خودستائی اور اس کا سبب یہ ہے کہ وہ معزز خاندان سے تھا، بخلاف اس کے دوسرے شعرا معمولی حسب و نسب کے تھے۔ عرفی نے اپنے تخلص میں بھی اپنا بانکپن اور فخر نہ چھوڑا۔

عرفی نے علوم متداولہ میں کمال حاصل کیا۔ تذکرۂ "بہارستان سخن" میں ہے کہ عرفی نے مصوری و نقاشی بھی سیکھی تھی۔ عرفی کو شعر و شاعری سے فطری مناسبت تھی۔ عین شباب میں ہی اس نے اپنے جوہر دکھانے شروع کر دیئے۔ عرفی نے جب آنکھیں کھولیں تو ایران میں شاہ طہماسپ (تخت نشینی ۹۳۰ھ وفات ۹۸۴ھ) و شاہ عباس (تخت نشینی ۹۹۵ھ و وفات ۱۰۳۸ھ) کی ادب نوازی کے چرچے تھے۔ شعر و شاعری میں فغانی ایک نئی طرز کے موجد مانے جاتے

تھے۔ یہ عرفی کے ہم وطن تھے اور ایک طرح جس راہ کی جانب انھوں نے اشارے کئے تھے، عرفی اسی پر چل پڑا۔ لیکن عرفی کے متعلق اتنا کہنا ضروری ہے کہ اس کی مغرور طبیعت نے اپنی خصوصیت یہاں بھی باقی رکھی۔ عرفی کے معاصر شعراء میں محتشم۔ کاشی۔ وحشی یزدی اور نظیری وغیرہ بہت مشہور رہیں۔

یہ تو تھی ایران کی حالت، اب ہندوستان کا حال سنیئے، اکبر کا دربار تھا جس کی ادب نوازی اور علم پروری کا شہرہ سن کر دور، دور سے استادانِ فن کھنچے چلے آتے تھے۔ بادشاہ کی اس سرپرستی کو دیکھ کر بہت سے امرا اور سردارِ علم کی طرف مائل ہوگئے تھے۔ اکبری دربار کے علاوہ بھی بہت سی محفلیں، بہت سے دربار اور بہت سے مربیانِ علم و ہنر اس زمانہ میں موجود تھے۔ ان میں سب سے زیادہ مشہور عبدالرحیم خانخاناں حکیم ابوالفتح خاں زماں خاں اعظم کوکاتاش اور ظفر خاں وغیرہ تھے اور دکن میں ابراہیم عادل شاہ کا دربار تھا۔

اس علم پروری اور ادب نوازی کی شہرت ایران تک پہنچی ہوئی تھی اور اہل علم و ہنر ہندوستان کھنچے چلے آتے تھے۔ آخر کار عرفی بھی نہ رہ سکا اور اس نے بھی ہندوستان کی راہ لی۔ راستہ میں ڈاکوؤں نے اس کی کل کائنات کو چھین لیا۔ ایک رباعی میں اس واقعہ کی طرف اشارہ کر کے کہتا ہے ؎

دوشینہ کہ بردبرد بر دزدِ شم بود
زانو چوں مردمِ نور در آغوشم بود
پوشیدنی نداشتم غیر از چشم
چیزے کہ برہنہ نہ پوشم بود

عرفی نے فتح پور سیکری پہنچ کر فیضی (پیدائش ۹۵۴ھ وفات ۱۰ صفر ۱۰۰۴ھ) کے یہاں قیام کیا۔ ابتدا میں تو یہ دوستی اتنی مضبوط رہی کہ عرفی نے پنجاب کے سفر میں آخر تک فیضی کے ساتھ رہا لیکن کچھ ہی دن کے بعد عرفی کی نخوت پرستی اور خود بینی نے فیضی سے بگاڑ کرنے پر مجبور کر دیا۔

پھر اکبری امرا میں عرفی کی نظر حکیم ابوالفتح گیلانی (وفات ۹۹۷ھ مطابق ۱۵۸۹ء) پر پڑی۔ اس کی وجہ شاید یہ تھی کہ حکیم صاحب موصوف عرفی کے ہم وطن بھی تھے، اور علم نواز بھی۔ گو اکبر کے دربار میں ہزاری منصب رکھتے تھے لیکن علم و ادب کی سرپرستی میں بیدریغ خرچ کرتے تھے۔ فیضی سے ناراض ہو کر عرفی حکیم صاحب کے یہاں آگیا۔ حکیم صاحب نے قدردانی میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی۔ حکیم صاحب ہی کی معرفت عرفی کی خانِ خاناں تک رسائی ہوئی۔ عرفی نے حکیم صاحب کی علمی صلاحیت سے بہت فائدہ اٹھایا۔ ملا عبدالقادر بدایونی لکھتے ہیں:-

"واو بحکیم ابوالفتح ربطے پیدا کرد، واز آنجا بہ سفارش حکیم بخان خاناں مرتبت شد۔ و روز بروز او را ہم در شعر و ہم در اعتبار ترقی عظیم روئی داد"

خود حکیم گیلانی نے ایک رقعہ میں لکھا ہے:-

"ملا عرفی و ملا میانی بسیار ترقی کردہ اند"

عرفی حکیم ابوالفتح کے دربار میں پہنچا تو پہلا قصیدہ یہ پیش کیا:-

زمہر گلکے کہ مہ ابروئے دلم کشاد نقاب
فلک بکاتش حسرت نوشت درفت بیاد

خان خاناں کی شان میں پہلا قصیدہ حکیم ابوالفتح کی فرمائش سے لکھا تھا، اس قصیدہ کا مطلع یہ ہے ؎

بیا کہ ہا دلم آں میکند پریشانی ؛ کہ غمزۂ تو نکرد دست با مسلمانی

حکیم گیلانی کی موت کے بعد عرفی مکمل طور پر خان خاناں کے دربار سے منسلک ہو گیا۔ اس زمانہ میں اکبری دربار کے بعد اگر کوئی دربار سب سے بڑا تھا تو وہی دربار تھا۔ خانخاناں کی شخصیت کے بارے میں اتنا کہنا ضروری ہے کہ یہ وہی شخص تھا جو بیک وقت صاحبِ سیف بھی تھا اور صاحبِ قلم بھی۔ جو عرفی

نے ایک قصیدہ میں اس کے کمال کا اعتراف کیا ہے، کہتا ہے:-

اے داشتہ در سایۂ ہم تیغ و قلم را
وی ساختہ آرائش ہم فضل و کرم را

خانخاناں کے دربار میں نظیری، شکیبی، انیسی وغیرہ جیسے باکمال اور ماہرین فن تھے۔ لیکن اس نے عرفی پر نوازشوں کی بارش کر دی۔ ماثر رحیمی میں ہے:-

"در ایام ملازمت تسلیم و کورنش کہ در ہندستان
متعارف ست کہ بعوض سلام بصاحبان می
کنند بہ صاحب خود نمی کرد بہر طرز و طور در دستی
کہ میخواست در مجالس می نشست"

اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ عرفی کا غرور کس درجہ تک پہنچا ہوا تھا اور رحیم کس طرح اس کی ناز برداریاں کرتے تھے۔ ایک موقع پر عرفی کو ایک قصیدہ کا صلہ ستر ہزار روپیہ دیا گیا۔

حکیم گیلانی اور خانخاناں کے علاوہ عرفی کے ممدوحین میں اکبر اور شہزادہ سلیم کا نام بھی آتا ہے۔ شاہزادہ کی شان میں اس کے قصیدے بہت جوش و خروش کے حامل ہیں۔ شاہزادے نے عرفی کو طلب کیا اور قصیدہ لکھنے کی فرمائش کی۔ دیکھئے اس واقعہ کو نظم کرتا ہے۔ اس قصیدہ میں کتنا جوش ہے ؎

صباح عید کہ در تکیہ گاہ ناز و نعیم ۔ گدا کلاہ نمد کج نہاد و شہ دیہیم

دیکھئے کس انداز سے اپنی طلبی اور شہزادہ سے ملاقات کی تصویر کھینچتا ہے ؎

کہ ناگہاں زدرم در رسید مژدہ دہی ۔ چنانکہ از چمن طائرم بمغز شمیم
چہ گفت گفت کہ اے مخزن جواہر قدس ۔ چہ گفت گفت کہ اے مطلب بہشت نعیم
بیا کہ از گہرت یاد می کند دریا ۔ بیا کہ تشنہ لبت را طلب کند تسنیم
زلال چہرہ امید نقد اکبر شاہ ۔ طراز دولت جاوید شاہزادہ سلیم
ازیں پیام دلم شد شگفتہ و شاداب ۔ چنانکہ باغ ز شبنم چنانکہ گل ز نسیم

یہاں تک قاصد اور اپنے دل کی کیفیت بیان کی ہے۔ شہزادہ کا پیغام سن کر عرفی کھڑا ہو گیا اور جلدی جلدی دربار میں حاضر ہوا اس کی طرف اشارہ ہے ؎

برہ فتادم و گشتم چناں شتابندہ ۔ کہ دست اہل کرم در نثار گوہر و سیم
مرا چو دود شش بدوش ادب بدید استاد ۔ بلطف خاص بدل کرد التفات عمیم

نگفت و من بشنودم ہر آنچہ گفتنی است ۔ کہ در بیان نگنجش کرد بر زبان تقدیم
لبش چون نوبت خویش از نگاہ باز گرفت ۔ فتاد سامعہ در موج کوثر و تسنیم

شہزادے کی تعریف کرتے کرتے عرفی کو یکدم اپنا خیال آتا ہے اور اپنی مدح میں بھی چند شعر کہہ ڈالتا ہے ؎

خدا یگانا گویم بمدح خویش دو بیت ۔ کزیں نیاز در بہ پرہیز کرد طبع سلیم
ز زادہ دل و طبعم اگر شود آگاہ ۔ باصل خویش ننازد ز شرم در تقسیم
مثال طبع من دہر طبیعتی کہ خراست ۔ زلال ماء معین ست و درد ماء حمیم

عرفی کی وفات کے متعلق صحیح علم نہیں کہ وہ کس وجہ سے ہوئی تذکرہ داغستانی سے معلوم ہوتا ہے کہ حاسدوں نے اس کو زہر دیدیا۔ بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ یہ زہر شاہزادہ کے حکم سے دیا گیا۔

اکبر نامہ میں ۹۹۹ھ کے واقعات کے تحت لکھا ہے:-

"سیز دہم عرفی شیرازی رخت ہستی بر بست دری
از سخن سرائی بروی کشودہ بود ندا گر در خود نگریستی
زندگی را بشائستگی بسر بردی و زمانہ لختی فرصت دادی
کار او بلند دریں نزدیکی ایں رباعی برنجیدہ بود ؎

عرفی دم نزع ست و ہماں مستی تو ۔ آیا بچہ مایہ رخت بر بستی تو
فرداست کہ دست نقد فردوس بکف ۔ جویائے متاع ست و تہیدستی تو

انتقال کے وقت عرفی کی عمر صرف ۳۶ سال کی تھی۔ عرفی

لاہور میں دفن ہوا، لیکن ایک قلندر اس کی ہڈیاں نجف لے گیا اور وہاں دفن کیں۔ مآثر رحیمی میں ہے کہ یہ کام مرزا غیاث بیگ کے اشارے سے ہوا اور اس نے اس قلندر کو کثیر رقم دی۔ کچھ بھی ہو لیکن اس سے عرفی کی وہ پیشین گوئی پوری ہو گئی جو اس نے اپنے ایک شعر میں کی تھی۔ یہ شعر منقبت کا ہے۔

بکاوش مژه از گور تا نجف بروم
اگر بہند ہلاکم کنی وگر بہ تتار

اب وقت ہے کہ عرفی کے کردار میں جو دیگر خصوصیات پائی جاتی ہیں ان پر بحث کی جائے۔ اس کا فخر، تکبر، غرور، اس کی کم بینی و خودستائی، یہ چیزیں عرفی کے ساتھ مخصوص ہیں۔ گو بہت سے اصحاب نے اس کی ان مذموم صفات کو خودی و خودداری قرار دیکر محاسن میں تبدیل کرنے کی کوشش کی ہے، لیکن شواہد و واقعات اس کے خلاف ہیں۔ کیونکہ خودداری و خودبینی میں واضح فرق ہے۔ خودی و نخوت کے مابین اختلاف کو ہم کوشش کے باوجود بھی دور نہیں کرسکتے ہیں۔ انتہائی تلاش و کوشش کے باوجود بھی عرفی کے سر سے اس الزام کو دور نہ کر سکا کیونکہ اس کے معاصرین کے اقوال اس زمانہ کے مورخین کے بیانات خود عرفی کا کردار اور اس کا کلام یہ سب اتنی اہم حقیقتیں ہیں کہ ان کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ملا بدایونی اپنی منتخب التواریخ میں عرفی کے حالات میں لکھتے ہیں :۔

"جوانے بود صاحب فطرت عالی، و فہم و رسا
و اقسام شعر نیکو گفتی اما از بس عجب و نخوت پیدا
کرد کہ از دلہا افتاد۔"

بدایونی کے علاوہ بھی جس سے بھی عرفی کا واسطہ پڑا سب کی تقریباً یہی رائے رہی ہے۔

میری رائے میں خودی و خودبینی میں جو نازک سا فرق ہے وہ یہ ہے کہ خودی میں آدمی اپنے آپ کو دوسروں کے برابر خیال کرتا ہے، لیکن خودبینی میں دوسرے کو حقیر، اپنے کو ممتاز دوسرے کو ذلیل اور اپنے کو بلند، خودی یا خودداری ایک معتدل صفت ہے، اس کی افراط غرور و تکبر اور تفریط عجز و تحقیر ہے اور لازمی امر ہے کہ جب ہم افراط کو ہٹائیں گے تو معتدل صفت خود بخود ہم میں پائی جائے گی۔

اب عرفی کے فخر و غرور کے بارے میں اور بہت سے لوگوں کی رائے سنیئے۔ ابوالفضل اکبرنامہ میں لکھتا ہے :۔

"دری از سخن سرائے بر کشودہ بود و خود نگر بیت
و بر پاستانیان، زبان طعن کشود، غنچہ استعداد
شگفتہ پژمرد۔"

اس بارے میں اس صدی کے مشہور محققین و مورخین کی رائے بھی ملاحظہ ہو۔ میرا مطلب پروفیسر براؤن اور علامہ شبلی نعمانی سے ہے۔ پروفیسر براؤن اپنی ادبی تاریخ کی چوتھی جلد کے صفحہ ۲۴۵ پر رقمطراز ہیں :۔

In spite of his opportu-
-nities and undoubted
talent urfi's intolerable
conciet and arrogance
prevented him from
being popular, and
made him many
enemies.

علامہ شبلی نے شعر العجم حصہ سوم کے صفحہ ۸۶ پر لکھا ہے :۔

اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ عرفی حد سے زیادہ
مغرور اور خودستا تھا اور اساتذہ سلف کا نام اپنے
مقابلے میں تحقیر سے لیتا تھا۔"

ان دلائل و شواہد کی روشنی میں ہم عرفی کے کردار کے

بارے میں ایک رائے قائم کرسکتے ہیں، وہ رائے کیا ہوگی یہ میں اس کے بارے میں کچھ نہیں بتا سکتا، البتہ بحیثیت مقالہ نگار کے میرا جو فرض تھا، وہ میں نے ادا کردیا۔ آیئے اب ہم آگے بڑھیں اور عرفی کے کلام کو جانچیں۔

کلامِ عرفی

یہ امر مسلمہ ہے کہ عرفی اپنی طرز کا موجد تھا اور خاتم بھی گو بہت سے شعراء نے اس کی تقلید کی مگر کامیاب نہ ہو سکے۔ صاحب مآثر رحیمی نے لکھا ہے۔

"مخترع طرز تازہ ایست کہ الحال مستعدان و اہل
زبان دسخن سنجان تتبع ا و می نمایند"

خانخاناں کے حکم سے عرفی کا دیوان ترتیب دیا گیا۔ اس کے مؤلف محمد قاسم سراج اپنی ایک قطعہ میں عرفی کی اس خصوصیت کی طرف اشارہ کرتے ہیں ؎

عرفی آن در فصیح سخن کہ بر او — رشک دارد روان خاقانی
نہ کہ شیوانی ست در اشکش — بلکہ ہم روانی و صفا خانی
بعد چندین چون جائے بودن ست — رفت ازین دیر ششدر فانی
ماند از و در شاہوار ی چند — کش قرین نیست بحری و کانی

لفظ و معنی کی ندرت، اور علو تخیل عرفی کی خصوصیات ہیں۔ بندشوں اور فقروں کی ساخت میں بھی عرفی کو کمال حاصل ہے اور اس کے کلام میں اس کی بہت سی مثالیں ہیں، مثلاً ؎

شرع گوید منع لب کن، عشق گوید نعرہ زن
کامی تو ہم در رہ عشق خود عناں انداختہ

نعت کا مطلع ہے ؎

اقبال کرم میگزد ارباب ہمم را
ہمت نخورد نیشتر لا و نعم را

از رغبت دنیا الم آشوب نگردم
زیں باد پریشان نکنم زلف عَلَم را

زور اور خودداری دونوں موجود ہیں۔

المنۃ للہ کہ نیازم بہ نسب نیست
اینک بشہادت طلبم لوح و قلم را
دوران کہ بود تا کند آرائش مسند
مداح شہنشاہ عرب را و عجم را
تقدیر بیک ناقہ نشانید دو محمل
سلمائے حدوث تو و لیلائے قدم را

مندرجہ بالا شعر میں دیکھئے ایک طرف مسلمانوں کا عقیدہ پیغمبر صلعم کے بارہ میں دوسری جانب ان کا قول دونوں کا خیال رکھا ہے لیکن شعریت اور زور بیان میں ذرا کمی نہیں آتی ہے یا خانخاناں کی مدح میں کہتا ہے ؎

اے داشتہ در سایہ ہم تیغ و قلم را
دی ساختہ آرائش ہم فضل و کرم را

دوسرے قصیدہ میں ہے ؎

می مشاہدہ ارزان و رہا و میکدہ پاک
تو در مشقت نزع از طبیعت مخمور

ایک اور نعتیہ قصیدہ کو ملاحظہ فرمایئے کتنا زور اور جوش و خروش ہے ؎

سپیدہ دم چون زدم آستین بشمع شعور
شنیدم آیت استفتحوا ز عالم نور

بدل ز شاہد بزم ازل ندا آمد
کہ ای تمام وفا از رضای ما بس دور

زہی لطافت حسن ادب زہی طاعت
کہ با اجازت مائی ز وصل ما مجور

رفی کے زورِ کلام کو دیکھنا ہو تو یہ قصیدہ پورا پڑھ جائیے
یکھئے کروہ ساٹھ سے زیادہ قسمیں کھاتا ہے۔ اور کیتے لطیف
پایہ میں، کہیں بھی سقم نہیں، ملاحظہ فرمائیے

بطائر ارنی سنج بے اثر نغمہ
بلن ترانی ہم ذوق مژدہ دیدار
بعشوہ کہ زلیخا بریدا ز کفِ دست
بلغتہ کہ مسیحا گزیدا ز دو بردار

ب قسمیں کھا چکتا ہے تو پھر ان سب قسموں کی قسم کھاتا ہے

بحق ایں ہمہ سوگندہائے صدق آمیز
کہ نزد عشق تو حاجت نداشتم بشمار

وں تو عرفی کے ہر قصیدہ میں رندی و سرمستی اور جوش و
وش پایا جاتا ہے لیکن وہ قصائد جن کے مطلع درج ذیل
یں خصوصیت سے قابل ذکر ہیں ؎

صبحدم چون درد مند دل صبور شیون زای من
آسمان صحن قیامت گرد از غوغای من
دمیکہ لشکرِ غم ضعف کشتہ بجون خواہد
دلم بنالہ دہد منصب قلم داری
از در دوست چگویم بچہ عنوان رفتم
ہمہ شوق آمدہ بودم ہمہ حرمان رفتم

چھوٹی بحر میں ؎

شق کو تا خرد براندازد — عود شوقی بجمر اندازد

اکبر کے ساتھ ۹۹۹ھ میں کشمیر کی سیر کو گیا تو وہاں کی شان
یں قصیدہ لکھا ؎

ہر سوختہ جانی کہ بکشمیر درآید — گر مرغ کباب ست کہ با بال و پر آید

الفاظ کے زور کے لئے یہ شعر ملاحظہ فرمائیے ؎

چمن آید بہ چمن بہر تماشائے جمال
بلبل آید سر بلبل بہ تمنائی غزل

عرفی نے اصناف سخن میں تقریباً ہر صنف کو برتا ہے اس کے
کلام میں ہمیں قصیدہ، غزل، رباعی اور قطعہ سب چیزیں ملتی ہیں
عرفی کے قول کے مطابق اس کا اصل میدان غزل ہے ؎

قصیدہ کار ہوس پیشگان بود عرفی
تو از قبیلہ عشقی وظیفہ ات غزل ست

مولانا شبلی کے قول کے مطابق عرفی غزل میں نظیری کے
ہم پلہ ہے۔ لیکن عجیب بات یہ ہے کہ عرفی کی تمامتر شہرت ایک
قصیدہ گو کی حیثیت سے ہے

مقالہ کافی طویل ہو گیا ہے۔ عرفی کے کلام کے
بارے میں، میں نے جو کچھ عرض کیا ہے اس کو مختصراً موسوی
صاحب محترم کے الفاظ میں بیان کرتا ہوں، تاکہ آپ کے ذہن
میں اس کا خاکہ رہے۔ موسوی صاحب محترم فرماتے ہیں:-

His forceful diction, new
expression that he uses,
his creative nature, his
unique similes and meta-
phors have made him a
poet at once fresh and
effective. His Consciousness
of self is ever present
in his poems and no
one ever before pract-
ised this form.

لذید بود حکایت دراز تر گفتم
چنانکہ حرف عصا گفت موسی اندر طور

غلام احمد فرقت کاکوروی

اُردو شعر و ادب میں اقسامِ ظرافت

گلستانِ ادب میں طنز و مزاح، ظرافت اور شوخیٔ الفاظ اور شعر گوئی کے بیل بوٹے ہمیشہ اس وقت کھلے ہیں جب بالغ مزاج کمال کو پہنچی ہے۔ شوخ الفاظ، چٹپٹے محاورات اور نازک اصطلاحات نے جب اس میں جنم لیا ہے۔ اور جب الفاظ کی دھار میں جواہرِ ادب کی تراش و خراش کا ملکہ پیدا ہوا ہے۔ طنز و مزاح کا پودا بڑا شائستہ پسند اور نازک مزاج ہوتا ہے۔ ذرا میں سبز و شاداب، ذرا میں خشک اور بدنما پھر تربیت بھی شاہانہ چاہتا ہے۔ اس کو تہذیب و تمدن۔ امن و عافیت، خوشحالی اور فارغ البالی ہی کی فضا راس آتی ہے وہ بڑی ریاضت چاہتا ہے۔ اس کی پرداخت ہر باغباں کے بس کی بات نہیں۔

دراصل ہنسی جس سے ظرافت کے پودے کی آبیاری ہوتی ہے ایک فطری جذبہ ہے جو مخصوص لمحاتِ زندگی میں ہر انسان میں پایا جاتا ہے۔ ماہرینِ نفسیات کا خیال ہے کہ دنیا کی ذی روح چیزوں میں صرف انسان ہی ایک ایسا حیوان ہے جو ہنستا ہے بعض قدیم ماہرینِ نفسیات کا گمان تھا کہ چرخ جس کو عرفِ عام میں بکڑ بھگا بھی کہتے ہیں ہنستا ہے۔ مگر جدید تحقیق کی روشنی میں یہ چیز پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ چرخ ہنستا نہیں ہے بلکہ بعض اوقات اس کے چہرے کے اتار چڑھاؤ ان کیفیات سے مشابہ ہو جاتے ہیں جو ہنستے وقت انسان پر طاری ہوتی ہیں چہرے کے اسی اتار چڑھاؤ نے غالباً ماہرین کو شک و شبہ میں ڈال دیا تھا

غرض ہنسی اور دل لگی کی تلاش میں ماہرینِ نفسیات نے تحقیقات کے صحراؤں میں جو بادیہ پیمائی کی ہے آئیے صحراؤں اور بیابانوں سے گذر کر ہم کو ان شعرا اور ادبا کی بزمِ نشاط تک پہنچائیں جو تحقیق اور تدقیق کی دنیا سے بے پروا ہو کر ہنستے، مسکراتے اور قہقہے بلند کرتے نظر آتے ہیں یہی وہ برگزیدہ اور مقدس ہستیاں ہیں جنہوں نے دنیا کے آلام و مصائب کی دہکتی آگ کو اپنی مسکراہٹوں اور قہقہوں کے خشک چھینٹوں سے سرد کر کے اپنی زندگیوں کو رشکِ گلستاں بنایا۔ اور بزمِ ادب کو ایسے حسین اور دلکش گلدستوں سے آراستہ کیا جن کی دلکشی بہت سے کمہلائے ہوئے دلوں کو ہمیشہ دعوتِ تبسم دیتی رہے گی۔

اُردو شاعری میں سب سے پہلے ہم کو ظرافت کا پرتو واعظ اور محتسب پر طنز کی صورت میں اس وقت سے ملتا ہے جب اردو زبان کے منہ سے دودھ کی بو آتی تھی اور جب اُردو شعرا کا کلام نیم فارسی یا نیم ہندی گہوارے میں پروان چڑھ رہا تھا۔ اس وقت اُردو کو برائے نام اردو کہا جا سکتا تھا۔ چنانچہ قلی قطب شاہ کے وقت سے جسے اب تک اردو کا پہلا صاحبِ دیوان تسلیم کیا گیا ہے اس وقت تک عام شعرا کے یہاں کم و بیش واعظ اور محتسب پر طنز ملتا ہے۔ چونکہ اُردو زبان اپنے ارتقا کے اعتبار سے زیادہ تر فارسی اور عربی کی خوشہ چیں رہی ہے اس لئے علما، شعرا اور نام نہاد واعظوں پر طنز، لعن اور پھبتیاں اردو میں بصورت خمریات ظہور پذیر ہوئیں۔ اور یہ چیز فارسی سے براہِ راست اُردو میں آئی ظرافت جو ہنسی اور دل لگی کے جذبے سے وابستہ ہے اسکے بارے میں بعض مفکرین کا کہنا ہے کہ ہنسی کا تعلق صرف اجتماعی تہذیب SOCIAL DISCIPLINE سے ہے کیونکہ ہم صرف انھیں چیزوں پر

جلتے ہیں جو انسان کے اطوار و رویہ میں نئی بھونڈی اور
عام روش سے ہٹی ہوئی ہوتی ہیں، غالباً اسی نظریہ کی روشنی میں
اگر آپ جبہ و دستار والوں کو اجتماعی تہذیب کے قوانین سے
روگردانی کرتے دیکھتے ہیں تو آپ اُن میں ایک بھونڈا پن پاکر
ہنس دیتے ہیں اور تجربات میں چونکہ صلائے سو پر طعن ہوتا
ہے اس لئے آپ اس میں ظرافت محسوس کرتے ہیں۔ پروفیسر
برگساں کے نظریے کا اطلاق اسی وجہ سے نام نہاد متقشفین
اور واعظین پر ہوتا ہے جس کے بارے میں ایک دلی کا شاعر
کہتا ہے۔

دین خدا کو واعظ رنگین بنا رہا ہے
دنیا بدل رہی ہے مسجد کی کوٹھری میں

اسی واعظ اور محتسب پر طنز کے بعد اردو میں ریختی کا رواج
ہوا اور بڑے بڑے شعرائے جبہ و دستار اور نورانی داڑھیوں
کے ساتھ ہندی شاعری کی تتبع میں جب عورت کا سوانگ بھر کر
عشق و محبت کے جذبات، رسم و رواج، محاورات اور
اصطلاحات مزے لے لے کر اُن ہی کی زبان میں بیان کرنا شروع
کیں تو فطرت انسانی کو یہ چیز اجتماعی تہذیب میں بھونڈی
نظر آئی اسی لئے یہ بھی پروفیسر برگساں کے نظریے کی روشنی
میں ہنسی اور تبسم کا محرک بنی۔ بعد میں محمد شاہ رنگیلے کے عہد
میں جب زمانہ اپنی عیاشیوں اور رنگینیوں میں شرابور ہو گیا
اور تفنن طبع کے طریق لوگوں نے اس عہد کی رسم کو تازہ کرنے
کے لئے اور عیش و عشرت میں رچے ہوئے عیش نواز اور عشق پسند
امراء اور بادشاہ کو خوش کرکے نام و نمود اور عزت و شہرت
کے لئے ان میں فحش اور بدکاری کے جذبات نظم کرنا شروع
کر دئے تو انھوں نے آپس میں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے
کے لئے اپنی زندہ دلی کو اُس منزل پر پہنچا دیا جہاں آداب
مجلس اور مذاق سلیم ساتھ دینے سے قاصر رہے۔

تمدن انسانی کی ابتدا سے اہل دولت کے دربار ایک
حد تک اس تفریح ناک مشغلے کے ذمہ دار ہیں کیونکہ ان
تفریح پرور رجحانات نے ظرافت طبع افراد میں ایک قسم کی غیر
معمولی گدگدی پیدا کر کے اس جذبہ کو درجۂ کمال تک پہنچا دیا اور
یہ صورت دنیا کے ہر متمدن گوشے کے اہل دولت کی بیٹھکوں میں
شدت سے پائی جاتی ہے۔ اس سے یورپ، عرب، عجم کوئی
خطہ خالی نہیں۔ امرائے عالم کے درباروں میں بیشمار تمسخر
نواز اصحاب ملتے ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ جذبۂ ظرافت قدما
میں بھی درجۂ کمال پر موجود تھا جس سے زیادہ تر ہجو، بدگوئی
تمسخر، استہزا کا کام لیا جاتا تھا۔ چنانچہ دوسرے ممالک
سے قطع نظر ہمارے ہندوستان میں بھی مسلمانوں کے ہندوستان
آنے سے قبل بھاٹ شعراء ہوتے تھے جو راجاؤں کی قصیدہ
خوانی، ان کے مخالفین کی ہجو اور جن کو راج کی نظروں سے
گرانا ہوتا تھا۔ ان کا تمسخر اور استہزا کرتے تھے۔

بہرحال کلام میں شوخی اور شگفتگی، مضحکہ اور ہنسی رنگ برنگ
کے روپ بدل کر سامنے آتی ہے۔ گو ایک ناواقف اور اجنبی کو
بادی النظر میں وہ سب ایک جیسی معلوم ہوتی ہیں۔ مگر درحقیقت
ان میں بڑا نازک اور لطیف فرق ہوتا ہے۔ ظرافت، ذکاوت
ہجو، ہزل، مزاح، طنز، تعریض، بذلہ گوئی، فحاشی، ریختی
خمریات، جگتی، ضلع جگت، پھبتی، پھکڑ اور تمسخر اردو
ادب کے وہ شگفتہ اور شوخ عناصر ہیں جن پر اردو ظرافت
کی بنیاد ہے۔ جب تک ایک فنکار ان عناصر کی جدا خصوصیات
سے بخوبی واقف نہ ہو۔ اور ان کے حدود نہ سمجھتا ہو، وہ ادنیٰ درجے
کا طنز نگار یا ایک بلند پایہ فنکار نہیں بن سکتا۔

فارسی زبان میں ظرافت کے لغوی معنی دانائی اور خوش
طبعی کے ہیں اسی لئے اردو میں یہ لفظ بڑے وسیع معنوں میں
استعمال ہوتا ہے۔ اور اسے ہر مضحکہ خیز بات پر چسپاں کیا جاتا ہے

درانحالیکہ اگر ظرافت کی تحلیل کی جائے تو اس میں عام طور پر تین اجزا نکلتے ہیں۔ اول احساس برتری دوسرے تمسخر اور تیسرے زہرناکی یا غم و غصہ انہی تین جزوں کی مختلف مقداروں سے تیار شدہ مرکب ہجو طنز یا مزاح کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ گویا ظرافت کے مختلف اقسام کی آفرینش ان اجزا کے ایک مخصوص مقداری تغیر سے وابستہ یا یوں سمجھ لیجئے کہ انہیں اجزا کی ایک مخصوص مقدار کی ترکیب سے ہجو پیدا ہوتی ہے۔ اسی مقدار کے ایک مخصوص تغیر کے بعد طنز وجود میں آتا ہے۔ اور انہیں اجزا کی مقدار کا ایک دوسرا تغیر خالص مزاح پیدا کرتا ہے۔ مجموعی حیثیت سے یہ سب چیزیں اگرچہ ظرافت کے تحت آتی ہیں مگر ان میں آپس میں بہت فرق ہے۔ یہ چیز بھی اپنی جگہ پر مسلم ہے کہ کسی ظریفانہ کلام میں ان اجزا کی مخصوص مقدار کا معلوم کرنا دشوار ہے۔ یہ دشواری اس وقت اور بھی بڑھ جاتی ہے جب یہ چیزیں کہیں تقریباً برابر مقدار میں جمع ہو جاتی ہیں۔ اسی لئے وٹ، طنز یا مزاح کی کوئی قطعی تعریف بھی ممکن نہیں ہے۔ پھر بھی ایک طور پر کہا جا سکتا ہے کہ صحیح طنز وہ ہے۔ جہاں زیادہ تمسخر، کم زہرناکی اور کم سے کم احساس برتری ہو لیکن اگر کوئی ایسا موقع آ جائے جہاں کوئی مصنف زیادہ تمسخر کا اظہار کرے اور بہت کم زہرناکی ظاہر کرے تو اس وقت قطعی طور پر اسے مزاح نگار یا طنز نگار کہنا مشکل ہو جائے گا۔

اسی طرح انگریزی زبان میں ایک لفظ وٹ ہے جس کے لئے اردو زبان میں کوئی ایسا لفظ نہیں ہے، جو اس انگریزی لفظ کا پورا پورا مفہوم ادا کر سکے۔ ذکاوت کا ایک لفظ ہے جو اس سے بہت قریب ہے۔ کیونکہ وٹ دراصل ذہانت اور متین شوخی سے ملی جلی ہوئی ایک چیز کا نام ہے جو برجستہ اور برمحل استعمال ہو وٹ ایک طرف تو ذہانت سے تعلق رکھتی ہے، اور دوسری طرف متین شوخی سے، ایک ذہین آدمی سمجھ کی تیزی کی بنا پر دو چیزوں میں ہنسی اڑانے کے قابل نکتہ نکال لیتا ہے اور اسے ان باتوں کے ذریعہ ادا کرتا ہے، اسے وٹ کہتے ہیں۔ اردو میں وٹ کو ایک حد تک برمحل فقرہ یا برجستہ حاضر جوابی کہا جا سکتا ہے۔ مگر وٹ یا ذکاوت مزاح سے مختلف چیز ہے۔ اسی طرح طنز اور ذکاوت میں بڑا فرق ہے۔ ذکاوت یا wit میں بمقابلہ مزاح اور طنز سنجیدگی اور فکری عنصر زیادہ ہوتا ہے۔ یہ چیز دراصل ذہانت اور ادب کی پیداوار ہے۔ مقصد یہ ہے کہ کوئی بات اس انداز میں کہی جائے کہ سننے والا حیران ہو۔ اس سے لطف اندوز ہو مثلاً اکبر الہ آبادی ہی نے ایک ہی مفہوم کو دو طریقے سے ادا کیا ہے جس میں ایک میں مزاح اور دوسرے میں wit یا ذکاوت ہے۔ ملاحظہ ہو۔

مزاح:۔ حسرت بہت ترقیٔ دختر کی تھی انہیں
پردہ جو اٹھ گیا تو وہ آخر نکل گئی

ذکاوت یا وٹ:۔ بے پردہ کل جو آئیں نظر چند بی بیاں
اکبر زمیں میں غیرتِ قومی سے گڑ گیا
پوچھا جو ان سے آپ کا پردہ وہ کیا ہوا
کہنے لگیں کہ عقل پہ مردوں کی پڑ گیا

اسی طرح طنز و مزاح میں فرق ہے۔ طنز جسے انگریزی میں Satire کہتے ہیں اس کے لئے جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے کہ اردو زبان میں کوئی لفظ نہیں ہے جس کے ذریعہ اس انگریزی کے لفظ کا صحیح مفہوم ادا ہو سکے۔ لے دے کر اس کے لئے ہجو ملیح یا طنز کا لفظ استعمال کیا جا سکتا ہے جو Satire سے قریب تر ہے Satire کی اصلی جولان گاہ سماج یا سوسائٹی کی برائیوں اور کمزوریوں اور حماقتوں کو مضحکہ خیز بنا کر پیش کرنا ہے۔ مگر اس میں تہذیب اور ادب کے دامن کو مضبوطی سے پکڑے رہنے کی ضرورت ہے۔ ورنہ طنز نگار پھکڑ پنے اور بھونڈے پن کی حد میں داخل ہو جاتا ہے۔ مثلاً غالب زاہد پر طنز اس انداز میں کرتے ہیں۔

ستائش گر ہے زاہد اس قدر جس باغِ رضواں کا
وہ اک گلدستہ ہے ہم بیخودوں کے طاقِ نسیاں کا

یا ایک دوسری جگہ اپنے ہی اوپر طنز کرتے ہیں

یہ مسائلِ تصوّف یہ ترا بیان غالبؔ
تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

بہرحال جہاں تک مزاح کا تعلق ہے، وہ دراصل ظرافت کی سب سے اعلیٰ قسم ہے۔ برگساں کا کہنا ہے کہ "مزاح کی اپیل براہ راست ذہانت سے ہوتی ہے۔ مزاح قہقہہ پیدا کرنے کی اہلیت رکھتا ہے مگر ہر قہقہے کے لئے ضروری نہیں کہ وہ مزاح سے پیدا ہو۔ مزاح نگار پہلے اپنے اوپر ہنسنے کی کیفیت طاری کرتا ہے تب وہ دوسروں کی کمزوری پر ہنسنا شروع کرتا ہے۔ وہ صرف تماشائی نہیں ہوتا بلکہ "معتدل" تماشہ بھی ہوتا ہے۔ مزاح کا تعلق ہنسی سے تو ضرور ہے۔ مگر اس کا خاص تعلق [illegible] سے ہے۔ یعنی مزاح ایک بات یا ایک فقرے میں نہیں چھپا ہوتا بلکہ ایک مکمل بیان میں ہوتا ہے جس کے مختلف جزئیات مضحکہ خیز ضرور ہوتے ہیں۔ مگر جس کا مکمل تاثر ہمدردی کا جذبہ طاری کرتا ہے۔ مزاح دراصل کسی بات کے مضحک اور دلچسپ پہلو کے احساس اور اس انداز سے بیان کر دینے کا نام ہے کہ سننے والے کو بے اختیار ہنسی آ جائے تو ہونٹوں پر تبسم کی ایک لہر ضرور دوڑ جائے۔ یہ صنعت کسی کسی آدمی میں ودیعت ہوتی ہے۔ بلکہ ایک طرح کی استاد طبیعت ہے جو کسوبہ نہیں ہوتی۔ مثال کے طور پر مرزا غالب کا یہ شعر ملاحظہ ہو۔

یہی ہے آزمانا تو ستانا کس کو کہتے ہیں
عدو کے ہو لئے جب تم تو میرا امتحاں کیوں ہو

مندرجہ ذیل اشعار سے مزاح اور طنز کا فرق پورے طور پر واضح ہو جاتا ہے۔

مزاح:- اک فلم تھا کہ اس کو لیسنس بے ضرور
منہ کھل چکا تھا ورنہ مرا آہ کے لئے

طنز:- ہوئے اس قدر مہذب کبھی گھر کا منہ نہ دیکھا
کٹی عمر ہوٹلوں میں مرے اسپتال جا کر

اُردو میں ظرافت کی ایک قسم ہجو ہے یہ چیز دراصل عربی کی فارسی اور فارسی سے اُردو میں آئی۔ اس میں کئی چیزیں شامل ہوتی ہیں مثلاً طنز، طعنہ، ملامت، مغلظہ، استہزا، پھبتی اور دلآزار ظرافت کیونکہ اس کا مقصد محض اپنے مخالف کی مذمت کرنا ہوتا ہے۔ ہجوگو اور ظرافت نگار میں فرق ہے خالص ظرافت نگار کسی بے ڈھنگی شے کو دیکھ کر ہنستا ہے۔ اور پھر دوسروں کو ہنساتا ہے وہ نقص، خامی یا بدصورتی کو دور کرنے کا خواہشمند نہیں ہوتا مگر ہجوگو اس سے بھی ایک قدم آگے بڑھتا ہے۔ ہجوگو بے ڈھنگے ناقص اور بدصورت مناظر کو دیکھ کر بے تاب ہو جاتا ہے، ناانصافی، بے رحمی، ریاکاری کی مثالیں دیکھ کر اس کے دل میں نفرت، حقارت، اور اسی قسم کے جذبات ابھرنے لگتے ہیں اس لئے ہجو میں انہیں جذبات کی ترجمانی ہوتی ہے۔ وہ بھی صناع ہے اس لئے وہ اپنے جذبات کو سیدھے سادے طور پر بیان نہیں کرتا وہ اپنے جذبات سے ان کی شدت کے باوجود علیحدگی اختیار کرتا ہے۔ اور ان سے الگ تھلگ ہو کر انہیں اپنے قابو میں لا کر ان کا صنعت کارانہ اظہار کرتا ہے۔ اور اس صنعت کارانہ اظہار کی وجہ سے اس کے جذبات کی شدت میں کمی نہیں آتی ہوتی ہے۔ وہ ایک بلند پایہ اخلاق کا حامل ہوتا ہے اور اپنے بلند مقام سے انسانی کمزوریوں، خامیوں، فریب کاریوں کو اپنی طنز کا نشانہ بناتا ہے۔ لیکن بہرحال وہ چونکہ انسان ہوتا ہے اس لئے اگر ہمیشہ نہیں تو اکثر اس کی ہجوؤں کی ابتدا کسی ذاتی جذبے سے ہوتی ہے۔ لیکن اگر وہ اپنے فن کی اہمیت اور اس کی ضروریات سے آگاہ ہے تو وہ اپنے ذاتی جذبے سے علیحدگی اختیار کرتا ہے اور اسے ایک قسم کی عالمگیری عطا کرتا ہے وہ ہنستا بھی ہے اور روتا بھی ہے۔ وہ ہمدردی، ترحم، انسانیت

اور نیا ِ ضمی کے جذبات ابھارتا بھی ہے۔ اور ساتھ ہی ساتھ غصے
بغض اور حقارت کے جذبات بھی بھڑکاتا ہے۔ بہترین
ہجو وہ ہے جو جلد ذہن میں محفوظ ہو جائے جس کی ترکیب
اور معنی میں پیچیدگی نہ ہو جس کو عام مذاق جلد قبول کرے
اور صرف قبول ہی نہ کرے بلکہ اس کو صحیح بھی سمجھتا ہو۔ اردو
شعر و ادب میں سودا کے یہاں اس کی بعض اچھی مثالیں
ملتی ہیں۔ مثلاً ایک جگہ وہ گھوڑے کی مذمت میں لکھتے ہیں

ہے اس قدر ضعیف کہ اڑ جائے بادِ سے
ہیکل پہ گر اس کے تھان کی ہو دیں نہ استوا

نہ استخواں نہ گوشت نہ کچھ اس کے پیٹ میں
دھونکے ہے دم کو اپنے کہ جوں کھال کو لہار

ہجویات کے بعد ایک چیز اردو مزاح میں ریختی ہے۔ اس میں
عورتوں کی زبان میں ان کے رسم و رواج، ان کے محاورات
ضرب الامثال اور ان کی اصطلاحات نظم کی جاتی ہیں
ریختی کا فن باوجود غیر مہذب ہونے کے دلچسپ ہے۔ مردوں
اور عورتوں کے محاوروں اور لہجے میں تھوڑا بہت فرق ہر
زبان میں ہوتا ہے۔ مگر اتنا نہیں جتنا ہمیں اپنی زبان میں نظر
آتا ہے۔ فارسی، عربی سب زبانوں میں یہ امتیاز موجود
ہے۔ مگر اردو اس خصوصیت میں بڑھی ہوئی ہے۔ فارسی اور
عربی کا پرانا مذاق تھا کہ عورتیں شعر کہتیں تو اپنی زبان میں اور
مرد کبھی عورتوں کی زبان سے کوئی خیال ادا کرتے تو زبان
میں لطف پیدا کرنے لیے ان کی زبان اختیار کر لیتے یہی حال
انگریزی کا ہے۔ اردو شاعری ہمیشہ سے مردوں کی زبان میں
رہی یہاں تک کہ اس میں عورتیں کہتی بھی تھیں تو مردوں ہی کی
زبان اختیار کرتی تھیں اور اپنے لیے وہی ضمیر تک استعمال
کرتی تھیں اگر شاعر کا نام نہ معلوم ہو تو کوئی نہیں پہچان
سکتا کہ یہ کسی مرد کا کلام ہے یا عورت کا۔ اردو شاعری کا
تیسرا باجو تھا ہی دور تھا کہ شوخ طبع جوانوں میں خیال پیدا ہوا کہ
ریختہ کی طرح ایک ریختی ایجاد کی جائے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ریختی اردو
کا ایک فن ہو گیا جس کی ایجاد گو دہلی ہی کے شاعر نے کی تھی
مگر لکھنؤ میں ہی اسے فروغ ہوا ریختی میں اگر لوگ فحش اور
بدکاری کے مذاق سے پرہیز کرتے، پاکدامنی کے جذبات اختیار
کئے جاتے تو یہ فن ایک حد تک ترقی کرتا مگر خرابی یہ ہوئی کہ اس
کی بنیاد ہی بدکاری کے جذبات اور بے عصمتی کے خیالات پر تھی ریختی
گویوں کا قدم ہمیشہ جادۂ اعتدال سے باہر پڑا۔ اس سے زبان
کو چاہے کسی حد تک فائدہ پہونچا ہو مگر اخلاق کو ضرور نقصان پہنچا
اس کی ایک مثال ملاحظہ ہو۔

روز پھر آتی ہے موئی مری جا کر خالی
بھاڑ میں جائے کرایہ وہ کریں گھر خالی

اردو مزاح میں ضلع جگت ایک ایسی صنعت ہے جو غالباً دنیا کی
دوسری زبانوں میں نہیں پائی جاتی ضلع اور جگت اصل میں دو
زبانوں کے دو جدا جدا لفظ ہیں اور لغت میں بھی دونوں کے معنی
ایک دوسرے سے جدا ہیں مگر مناسبت کے سبب دونوں کو ایک ساتھ
استعمال کیا جاتا ہے۔

ضلع عربی زبان میں پسلی کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے اردو
میں اہلِ زبان اسے ظرافت اور بذلہ سنجی کے معنوں میں استعمال کرتے
ہیں۔ اسی لئے اردو زبان میں لطیفہ گو کو جگت باز اور لطیفہ گوئی کو
جگت بازی کہتے ہیں۔ جگت لڑانا بھی محاورہ ہے۔ مرزا شوق اپنی
مثنوی میں کہتے ہیں۔

چوٹی لپٹی تھی باسی ہاروں سے
لڑ مری تھی جگت کہاروں سے

ضلع جگت کی مثال ملاحظہ ہو۔

ٹپک رہی ہے جو یہ کچھ دہی سی سیمبوں میں جس سے
اس کی اب تک نہ گلی دال نہ چاول کس کا

اردو کے مزاحیہ ادب میں پھبتی اور فقرہ بازی بھی ایک چیز ہے۔ فقرہ چست کرنا، آوازہ کسنے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے یہ بھی ظرافت کی ایک قسم ہے۔ اس میں کسی مزاحیہ یا سنجیدہ بات میں ایک قسم کی ظریفانہ چوٹ شامل ہوتی ہے جس سے انسان سن کر ہنس پڑتا ہے۔ مثلاً کسی دبلے آدمی کو دیکھ کر کہیں کہ جناب آپ آدمی ہیں یا بے کس کا تنکا۔ اسے پھبتی کہیں گے۔ پھبتی تقریباً دنیا کی تمام زبانوں میں پائی جاتی ہے۔ عرب میں ناموں اور کنیتوں کے ذریعہ پھبتی کسی جاتی تھی۔ فارسی زبان میں پھبتی کا رواج قدیم زمانے سے تھا مگر عربوں سے مختلف تھا اور فارسی میں پھبتی ویسی ہی تھی جیسی کہ ہماری زبان میں ہے۔ چنانچہ ایک شاعر جس کا تخلص تنگی تھا حکیم ابوالفتح نے پھبتی کہی "تنگی" ادر زادہ محمد رضا کاشی کی عادت تھی کہ جب کوئی بات کہتا تو نہایت قرأت کے ساتھ کہتا۔ اس پر لوگوں نے پھبتی کہی۔ قاری روزمرہ پھبتی اور فقرے بازی میں بہت باریک فرق ہے ایک بہت زیادہ تن و توش کے آدمی کو ایک کرسی میں پھنسا دیکھ کر رشید احمد صدیقی نے کہا۔

نو گوئی ہمہ تخت نہر اسپ بود

اسے فقرہ کہیں گے۔

اسی طرح لطیفہ اس چھوٹے سے واقعہ کو کہتے ہیں جس میں ظرافت کی چاشنی خواہ الفاظ سے یا کسی فقرے سے پیدا کر کے اس انداز میں بیان کی جائے کہ سننے والوں کو ہنسی آجائے لطیفہ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں اختصار سے کام لیا جائے حسن بیان اور حسن ادا کی قید بہت ضروری ہے۔ اس میں دو صورتیں پیدا ہوتی ہیں۔ فی نفسہ واقعہ کا دلچسپ ہونا اور انداز بیان کی ندرت مثلاً اکبر الہ آبادی کے پاس ایک صاحب تشریف لائے۔ حاضرین میں سے ایک نے اطلاع دی کہ ان کے گھر میں پانچویں اولاد پیدا ہوئی ہے سبھوں نے مٹھائی طلب کی اس پر اکبر نے کہا نہیں ان سے کچھ طلب کرو۔ یہ انہیں زوجہ کو بہ زبانہ عشق اپنا پورا اثاثہ نذر کر چکے ہیں۔ دیکھو میں نے انہیں کی مثال سے کیا شعر کہا ہے

عاشقی قید شریعت میں جب آجاتی ہے۔
جلوۂ کثرت اولاد دکھا جاتی ہے

جہاں تک ہزل، عریانی، پھکڑ اور فحاشی کا تعلق ہے اس میں اول الذکر کو چھوڑ کر پھکڑ اور فحاشی کو بھی بعض لوگوں نے ظرافت میں شامل کر لیا ہے۔ بالخصوص دربار اودھ نے اسے نئی حیثیت دے دی۔ اس لئے مجبوراً اسے بھی اردو ظرافت میں شامل کرنا پڑتا ہے۔ فارسی میں ہزل کے لغوی معنی ہیں، سخن بیہودہ و مسخرگی کے۔ اردو میں ہزل ظرافت کے اس آخری درجہ کو کہتے ہیں جس میں کلام مذاق سلیم سے گر جائے مگر تہذیب کے دامن کو ہاتھ سے نہ جانے دے اور عریانی اور ہزل کے بعد پھکڑ اور پھکڑ کے بعد فحاشی کے حدود شروع ہو جاتے ہیں۔ پھکڑ فحاشی اور عریانی میں بہت ہی باریک فرق ہے مثلاً آپ کسی کو لیے ہاتھ سے مخاطب کریں، اس کے بعد اور زیادہ بے تکلف بن کر سالے اور بہنوئی کے درجہ پر اتر آئیں تو یہاں تک تو پھکڑ ہے۔ مگر سالے اور بہنوئی کے الفاظ شامل کرنے کے بعد آپ پھکڑ سے تجاوز کر کے فحاشی میں داخل ہو جاتے ہیں۔ مگر عریانی ہزل سے ہلکے درجے کی چیز ہے۔ ان سب کا فرق مندرجہ ذیل اشعار سے پورے طور پر واضح ہو جائے گا۔ سب سے پہلے ظرافت کو لیجئے، غالب کہتے ہیں۔

کہاں میخانہ کا دروازہ غالب اور کہاں واعظ
پر اتنا جانتے ہیں کل وہ جاتا تھا کہ ہم نکلے!

ہزل۔ جب مل نہ سکا شربت دیدار کسی کا
منہ کھول کے میں ہو گیا بیمار کسی کا

یا:۔ اونٹ جب بھاگا تو بھاگا نجد سے قبلے کے رخ
دم کے پیچھے قیس تھا آگے خدا کا نام تھا
نجد سے لیلیٰ کو لے بھاگا یہی الزام تھا
اونٹ بیچارہ اسی سے شہر میں بدنام تھا

از حضرت امیر خسروؒ

ا زخیالِ ما برون در تو خیال کی رسد
صفتِ تو عقل را لافِ کمال کی رسد

در بی نیازیت صد چو حسینؑ کربلا
شنہ بماند بر گذر تا بہ زلال کی رسد

نگرِ کبریای تو ہست فراز لامکان
ائرِ ما دران ہوا بی پر و بال کی رسد

ن چمنی کہ بلبلش روحِ قدس نمی سزد
خنیانِ خاک را بوئ وصال کی رسد

مت بہ تخت گاہِ دل جلوۂ قربِ روز و شب
یک بجلوۂ چنان چشمِ خیال کی رسد

ہمہ مردم و ملک خاک شوند بر درت
امنِ عزّت ترا گردِ زوال کی رسد

از جناب قوی امروہوی

تو ہے خیال سے بلند تیرا خیال ہو تو کیا
تیری صفت میں عقل کو لافِ کمال ہو تو کیا

تو تو وہ بے نیاز ہے، سارا جہان بھی اگر
مثلِ حسینؑ تشنۂ آبِ زلال ہو تو کیا

تیرا حریمِ ناز جب اونچا ہو لامکاں سے بھی
لاکھ بلند و تیز رو مرغِ خیال ہو تو کیا

جس کے چمن کی عندلیب روحِ قدس نہ بن سکے
اُس سے جو خاکسار کو شوقِ وصال ہو تو کیا

دل میں ہے یار جلوہ گر، پھر نہیں صورت آشنا
لاکھ کھلی ہوئی اگر چشمِ خیال ہو تو کیا

دامنِ عزّ و جاہ تک پہنچے ترے یہ ہی محال
ہو کے فنا تمام خلق گردِ زوال ہو تو کیا

حضرت غالب کی ایک غزل

آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک — کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک

دام ہر موج میں ہے حلقۂ صد کام نہنگ — دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہونے تک

عاشقی صبر طلب اور تمنا بیتاب — دل کا کیا حال کروں خون جگر ہونے تک

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن — خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

پرتو خور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم — میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہونے تک

یک نظر بیش نہیں فرصت ہستی غافل — گرمی بزم ہے اک رقص شرر ہونے تک

غم ہستی کا اسدؔ کس سے ہو جز مرگ علاج
شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہونے تک

اسد اللہ خان
غالب دہلوی

اُسی بحر و قافیہ میں ایک دوسری غزل

آئینہ تیرے خیالی تھی مصور ہونے تک — دل نہ جل جائے عنایت کی نظر ہونے تک

درد بڑھتا ہی رہا زخم جگر ہونے تک — دل کا یہ حال نہ تھا عشق کا گھر ہونے تک

ابتدا ہی شب غم تھی کہ اڑی ہوش و حواس — کیا رہا چاک گریبان سحر ہونے تک

جذبۂ دل نہ لوں کام کہ اٹھ جائے حجاب — کون دیکھے گا سر راہ گذر ہونے تک

ضبط غم کیجئے اظہار تمنا کیسا! — آبروئے عشق کی ہے چشم کے تر ہونے تک

"صدف چشم میں ٹھہرے تو بنے دُرِّ یتیم" — قطرہ آب ہے یہ اشک گہر ہونے تک

اب تو آغاز ہیں انجام اسدؔ نے دیکھا
اور کیا ہوگا تری زلف کے سر ہونے تک

صفدر علی خان
اسدؔ رامپوری

غزل

حضرت میر رازؔ رامپوری

کسی کے ہوش کو یہ بھی ہے حوصلہ کہ نہیں! — کوئی جنوں کی بھی تہمت اٹھائے گا کہ نہیں!

وفا جنوں ہو تو کس نے یہ ہوشمندی کی — تری جفا کو نوازش بنا لیا کہ نہیں!

بجائے نغمۂ موج و تلاطم طوفاں — سکوت دامن دریا نے کچھ کہا کہ نہیں!

ترے عتاب پہ رونا مرا قصور سہی — ترے عتاب پہ ہنسنا بھی ہے بجا کہ نہیں!

جنوں کا جو طلب ہوں مگر قصور معاف — جو ہوش میں انساں بھٹک گیا کہ نہیں!

سزا کو جھیلنے والے یہ سوچتا ہے قصور — کوئی قصور بھی مجھ کو کبھی ہوا کہ نہیں!

بچا کے کانٹوں سے دامن نکل گئی دنیا — گلوں سے بھی کوئی دامن بچائے گا کہ نہیں!

یہ سوچنے سے بھی پہلے رہا نہ دل باقی — کراں سے دل کو بچانا بھی ہے روا کہ نہیں!

وفا تو خیر بڑی کشمکش ابھی یہ ہے — کرو جفا کی بھی زحمت اٹھائیے گا کہ نہیں!

جہاں میں رازؔ تری درد کی پکاروں پر
کسی طرف سے بھی آتی ہے کچھ صدا کہ نہیں!

غزل

از حضرت قمرؔ مُرادآبادی

دیوانے کی نظروں کو جہاں دیکھ رہا ہے — دیوانہ خدا جانے کہاں دیکھ رہا ہے

ہم منزل عرفان خودی تک چلے آئے — رہبر ابھی منزل کے نشاں دیکھ رہا ہے

موجیں بھی اُسی کی ہیں یہ ساحل بھی اسی کا — جو دامن طوفاں میں اماں دیکھ رہا ہے

ہے تیرے تجسس میں نگاہ مہ و انجم — تو سلسلۂ کاہکشاں دیکھ رہا ہے

میں پھول کے سینے کی جلن دیکھ رہا ہوں — تو اپنے نشیمن کا دھواں دیکھ رہا ہے

اس رزم گہ دہر سے دو تا نہ گزر جا — دنیا میں کہاں جائے اماں دیکھ رہا ہے

مفہوم محبت ہے قمرؔ میری نظر میں
ناقد ابھی انداز بیاں دیکھ رہا ہے

شعراء کی چوٹی کانفرنس

از سید عظمت علی رضوی

اخبارات میں (چوٹی کانفرنس) کے متعلق آج کل عجیب بحث چھڑی ہوئی
... دیکھا جا رہا ہے کہ جب (چوٹی کانفرنس) کی تجاویز لب بام آ لگتی ہیں تو فریقین
... سے کسی ایک کی طرف سے نئے نخرے کا اظہار کر کے اصل مسئلہ ... دور ہٹا دیا جاتا
... اور بات پھر اپنی پہلی منزل پر آ جاتی ہے۔ (چوٹی کانفرنس) دنیا کے لیے عجیب
... بن کر رہ گئی ہے۔

ہمارا موضوع نہ سیاست ہی الجھتا ہے نہ اس کے کسی سیاسی معاملات
... دخل دینا۔ ہم تو دنیا کی ہر چیز کو محبت بھری نظر سے دیکھنا چاہتے ہیں چنانچہ
چوٹی کانفرنس کے اثبات اور نفی پر غور کرتے کرتے سو گئے عالم خواب میں دیکھا
ایک عالیشان محل میں محفلِ مشاعرہ جمی ہے جس میں دیگر شعراء کے علاوہ حضرت
اتا رام برہمن، حکیم مومن، محمد علی حزیں، فائق صاحب، لچھمی نراین شفیق چند بھان
ہیں اور حضرت غالب موجود ہیں ابھی چونکہ صدر صاحب تشریف نہیں لائے تھے
اس لیے میں نے عرض کیا حضور ہماری دنیا میں آج کل چوٹی کانفرنس کی بڑے
زور شور سے تیاریاں ہو رہی ہیں جب تک صدر صاحب تشریف لائیں اگر
آپ حضرات چوٹیوں کے متعلق کچھ اظہار خیال فرمائیں تو ہمارے لیے استفادہ کا
موقع ہو۔ اس فقرے پر دوسرے شعراء تو کھلکھلا کر ہنس پڑے میں کچھ شرمندہ سا
ہوا کہ ان میں سے داتا رام برہمن نے فرمایا بیٹا یہ موقع ... چوٹیوں کے
متعلق بحث کا نہیں مگر تمہاری دنیا میں اگر یہ مسئلہ زیر بحث ہے تو لو مجھ سے
سنو میں نے ڈیڑھ سو سال پہلے یہ شعر لکھا تھا اگر تمہارے مطلب کا ہو تو
لکھ لو۔ میں نے عرض کیا "فرمائیے"۔ فرمایا اس کا ترجمہ کر کے مجھے سنا دو ؎

آن موئے مسلسل کہ ز سر بر کمر افتاد

ما را شب یلدائی قیامت بسر افتاد

میں نے ترجمہ یوں کیا:۔ کہ محبوب کی وہ عجیب چوٹی جو سر سے
لیکر کمر تک پڑی ہوئی ہے اسے دیکھتا ہوں تو میرے دل پر ایسا اثر
مرتب ہوتا ہے گویا میرے سر پر قیامت ٹوٹ پڑی۔

یہ سن کر برہمن صاحب مسکرائے اور بولے شاباش۔ اب اس کا دوسری طرح
یعنی محبت سے ہٹ کر ترجمہ کر ڈالو۔ میں نے کچھ دیر سوچا اور دوسرا ترجمہ یوں عرض کیا'
کہ چوٹی کانفرنس جو نہایت ہی پیچیدہ معاملات کی حامل ہے اور جس کے سیاسی
تقاضے ہماری محبوب دنیا کے سر (امریکہ) سے لیکر کمر (مشرق وسطیٰ) تک پھیلے
ہوئے ہیں۔ ان کی پیچیدگیوں کے حل پر غور کرتا ہوں تو میرے دل پر ایک
قیامت سی ٹوٹ پڑتی ہے (کہ فریق مخالف کہیں میرے مفاد کو زیر و زبر
تو نہیں کر دیگا)

"شاباش" برہمن صاحب نے فرمایا:۔ "اور ہاں دیکھو سیاسی ترجمہ کرتے
وقت اس بات کا خاص خیال رکھو کہ کوئی لفظ کسی قسم کی مخالفت میں نہ نکلے
ورنہ تمہیں بھی ہماری محفل میں مستقل بھیج دیا جائے گا۔ میں نے "بسرو چشم" کہہ کر
آنکھیں نیچی کر لیں۔ ہاں تو حکیم صاحب آپ بھی کچھ فرمائیے۔ اب آپ کو ترجمے کی تو
ضرورت ہی نہیں۔ تھوڑی دیر دلچسپی سہی۔ حکیم صاحب نے فرمایا تو سنیئے برہمن صاحب

بسکہ از جعد شکن گرہ بر جملہ اعضائے منست

سایہ ام پیوستہ چون زنجیر بر پائے منست

ہاں بھائی ترجمہ کرو:۔ میں نے عرض کیا:۔
اس کی گرہ گیر چوٹی کی مناسبت سے میرے تمام اعضاء میں گرہیں پڑی
ہوئی ہیں۔ اور مجھے اپنا سایہ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کسی نے میرے پاؤں
میں زنجیریں ڈال دی ہوں۔ "بہت اچھا، اور دوسرا ترجمہ" میں نے
سوچ کر کہا:۔

اس کی چوٹی کانفرنس میں جو میرے ہمنوا ملک ہیں، کہیں میرے حریف
کا سایہ ان پر نہ پڑ جائے جو میرے لیے بعد کو زنجیر پا ثابت ہو۔ بہ ایں لیے
ضرورت ہے کہ وہاں پر بات کرنے کی حد پہلے ہی متعین کر لی جائیں اس طرح
اپنے دوستوں کو جانچ بھی لیا جائے گا)

سبحان اللہ۔ اس کے بعد محمد علی حزیں نے فرمایا:۔

صید از حرم کشد خم جعد بلند تو

فریاد از تطاولِ مشکین کمند تو

مجھ !۔ میں نے عرض کیا :۔

تیری اعلیٰ چوٹی کے پیچ و خم ایسے ہیں جو حرم کے اندر سے بھی اپنے شکار باہر لے آتے ہیں ؛ اس لیے تیری سیاہ کمند کی درازدستی سے میں پناہ مانگتا ہوں۔

بہت خوب ! اور دوسرا۔ میں نے عرض کیا۔

"اعلیٰ چوٹی کانفرنس" کی پیچیدگیاں کچھ ایسی ہیں کہ ہر ملک یہ سمجھتا ہے کہیں اس کا میں ہی شکار نہ ہو جاؤں ؛ اس لیے اپنے مخالف کی درازدستی دیکھتے ہوئے (دل ہی دل میں فریاد کرتا ہے) کہ کہیں اس کی غیر محسوس کمند ہے تو نہیں پھانس لے گی — ؟

واہ —! پھر خائق صاحب کی طرف لوگ متوجہ ہوئے۔ انھوں نے فرمایا :۔

جعد سیاہش مار سیاہی مہرہ آن مو باف مرصع
با ہمہ پیچ و تاب فراوان رابر تنگ دستۂ ریحان

فرمایئے —! میں نے عرض کیا :۔

اس کی سیاہ چوٹی کالے سانپ کی طرح اور اس کا مرصع موباف اس کا من ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے سانپ اپنا پھن اٹھائے کسی شاخ ریحان پیچ و تاب کھا رہا ہو۔"

جیتے رہو —" دوسرا — میں نے عرض کیا :۔

"چوٹی کانفرنس" جو ابھی پردۂ راز میں ہے ایک سانپ کی طرح ہے۔ ظاہر تو وہ کار آمد اور مرصع معلوم ہوتی ہے مگر اس میں اندرونی پیچیدگیاں بہت سی ہیں جس طرح شاخ ریحاں پیچیدہ ہوتی ہے۔

"کیا کہنا" اور ہاں لچھمی نراین صاحب تسیم آپ کیا فرماتے ہیں۔ انھوں کھلکھلاتے ہوئے فرمایا :۔

نیست موباف مقیش کاکل آن مہ پارا
شعلۂ برق است پیچان بر سر مار سیاہ

ترجمہ کیا گیا :۔ "اس محبوب" کی چوٹی میں موباف مقیش کیا ہے گویا ایک آتشیں شعلہ ہے جو کالے سانپ کے سر پر لپٹا گیا ہے۔

سبحان اللہ "اور دیا" یہ ترجمہ ہوا :۔

"چوٹی کانفرنس" کے متعلق تمام خط و کتابت ایک موباف مقیش کی حیثیت رکھتی ہے اور بس کون جانتا ہے کہ یہ شعلۂ برق کس وقت ایسا زہر پھیلا دے جیسا سانپ کے سر میں زہر ہوتا ہے۔ اس کے بعد چندر بھان صاحب برہمن کا نمبر تھا آپ نے فرمایا :۔

چند باید بر رخش زلف پریشان دیدن
صورت کفر در آئینہ ایمان دیدن

ترجمہ ہوا :۔ کب تک ان کے خوبصورت چہرہ پر بکھری ہوئی چوٹی کو دیکھا جائے۔

اور اس چہرہ میں جو ایمان کی طرح صاف اور چمکدار ہے چوٹی جیسی سیاہ چیز کا مشاہدہ ہو — !

اور دوسرا :۔ کب تک اس خوبصورت دنیا کے چہرہ پر "چوٹی کانفرنس" کے پریشان کن تصورات کو دیکھا جائے اس کے متعلق خوش فہمی ایسی ہی ہے جیسے بدی کو نیکی پر ترجیح دینا۔ ؟

خوب ! خوب ! اس کے بعد حضرت غالب سے کچھ فرمانے کی فرمائش کی گئی کہ حضرت آپ بھی تو بہادر شاہ ظفر کے وفا کیشوں میں سے ہیں آپ بھی کچھ فرمایئے۔ انھوں نے حقہ کا ایک کش لیتے ہوئے فرمایا :۔

ہم کو ان سے وفا کی ہے امید
جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

اتنے میں صدر صاحب کی آمد کا شور مچ گیا یکایک میری آنکھ کھلی تو نہ وہ ادیب تھے اور نہ وہ رنگ محفل۔ (پایان)

ارزش

ز آن جنسم کہ در قحط خریدار از بہا افتم
جہان خورشید تابانم اگر در زیر پا افتم

خبر از خود ندارم چون سپند از بیقراریہا
نمیدانم کجا خیزم نمیدانم کجا افتم

ندوق نالۂ من آسمان شانہ می لرزد
جہان ماتم سرا گردد اگر من از نوا افتم

تلاش مسند عزت ندارم چون گرانجانان
عزیزم ہر کجا چون سایۂ بال ہما افتم

(صائب تبریزی)

دلچسپ معلومات

ہمارا دل ۔ ہمارا دل صرف اتنا بڑا ہوتا ہے جس قدر ہماری بند مٹھی لیکن اس قدر چھوٹا ہونے کے باوجود یہ چوبیس گھنٹے میں اتنی توانائی پیدا کرتا ہے جس سے ڈیڑھ لاکھ پونڈ وزنی ایک ریل کا انجن زمین سے ایک فٹ اونچا اٹھایا جا سکتا ہے۔

ہمارا دل شب و روز حرکت میں رہتا ہے۔ یہ ایک سال میں ہمارے جسم کے تقریباً ڈیڑھ گیلن خون کو 36,792,000 مرتبہ پمپ کرتا ہے۔ اگر ہماری عمر 70 سال کی ہو تو یہ 81,509,255 گیلن خون کو پمپ کریگا۔ ایک جوان اور صحت مند آدمی کے بدن میں اس کا دل ۲۴ گھنٹے میں 3000 گیلن خون کو پمپ کرتا ہے۔

ہمارے جسم میں پھیلی ہوئی خون کی نالیوں میں جتنی لمبائی تقریباً ایک لاکھ میل ہے۔ یعنی اتنی کہ کرۂ ارض کو چار مرتبہ پوری طرح لپیٹا جا سکے پمپ کر کے خون پہنچانے کی خدمت انجام دیتا ہے۔

اس قدر کام صرف ۱۰ اونس کے وزنی گوشت کے لوتھڑے کے لئے کم نہیں ہے پھر بھی

ڈالتے ہیں وہ نگاہوں سے میرے دل پہ دباؤ — ہنستا ہے کس نازکی سے انسان دیدۂ دل

محبت کے خطوط دنیا میں سب سے لمبا محبت کا خط ملکہ ایلزبتھ اول کے زمانے میں ایک عاشق نے اپنی محبوبہ کو لکھا تھا جس میں چار لاکھ الفاظ تھے اور جو آٹھ سو صفحات پر مشتمل تھا

خجالت میکشند از نامہ ہائے بیجواب خود — کہ بار خاطر آن رخنۂ دیوار می گردد

اسی طرح دنیا کی تاریخ میں سب سے مختصر محبت کا خط انگلینڈ کے سابق وزیر اعظم لائیڈ جارج نے لکھا تھا انہوں نے اپنا یہ خط فرانس کی ایک رقاصہ کو بھیجا تھا جس میں صرف دو لفظ تھے "محبت کی بھیک"۔

حدیث اشتیاق خویش شرح روزگار خود — نمی گویم بپیرا گویم چہ پیدا کم کہ می دانی!

جس کے جواب میں اس رقاصہ نے بھی صرف ایک ہی لفظ لکھا "مجبور"!

ہست از پس پردہ گفتگوی من و تو — گر پردہ برافتد نہ تو مانی و نہ من!

زمین گرم ہو رہی ہے:- کرۂ ارض روز بروز گرم ہوتا جا رہا ہے جس کے راز کو جاننے کی کوشش آج کل سائنسدان کر رہے ہیں۔

۱۹۵۵ء سے سطح زمین کی حرارت آہستہ آہستہ بڑھتی جا رہی ہے یہ حرارت تقریباً ۲.۰ ڈگری فارن ہیٹ تک پچھلے پچاس سالوں میں بڑھ چکی ہے۔ خیال ہے کہ یہ گرم آب و ہوا سطح زمین کے کرۂ ہوائی میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار میں تھوڑی تبدیلی ہو جانے کے سبب سے بھی ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ انسان نے ۱۹۵۵ء سے اب تک تقریباً ایک کروڑ ٹن کوئلہ اور تیل جلا کر خود بھی ہوا میں تبدیلی کر دی ہے۔ ان ایندھنوں سے پیدا شدہ کاربن ڈائی آکسائیڈ پانی کے ابخرات کے ساتھ مل کر سطح زمین کے اوپر ایک پردے کی شکل میں جم گئی ہے جو گرمی کو اپنے میں روک لیتی ہے۔

آب و ہوا گرم ہونے کا ایک اور اہم ثبوت شمالی قطب میں واقع ارکٹک کے برف کا پگھلنا بھی ہے۔

اندازہ ہے کہ ارکٹک میں ۵۰ لاکھ تا ایک کروڑ بیس لاکھ مکعب میل میں برف جما ہوا ہے۔ اگر اس میں صرف ایک فیصدی بھی برف پگھل جائے تو کرۂ ارض کے سمندر کے پانی کی سطح تقریباً بائیس انچ مزید اونچی ہو جائے۔

عشق کے سامنے یہ حسن جو عریاں رہ جائے — گرمی عشق سے پتھر بھی پگھل کر بہہ جائے

سخن ہائے گفتنی

پردۂ خلوت جو برانداختند
جلوۂ اوّل بسخن ساختند

ہم بھی منہ میں زبان رکھنے کی بنا پر پہلے آپ سے کچھ باتیں ہی کر لیں ..... تو پہلی بات ہم مبارک باد سے کیوں نہ شروع کریں اس لئے کہ یہ بات برمحل بھی ہے یعنی ۱۵ اگست ہمارے ہندوستان کا قومی تہوار ہے اس دن کے لئے بلا استثنائے مذہب سارے ہندوستان کے عوام نے حصہ لیا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ وہ جنگ آزادی جو ۱۸۵۷ء میں شروع کی گئی تھی بالآخر ۱۹۴۷ء میں ختم ہوئی۔

واقعات کے تانے بانے نے کچھ ایسے پھندے ڈالے جس کے باعث ہمارا ملک دو حصوں میں تقسیم ہو گیا اور ایک نیا ملک عالم وجود میں آگیا غرضکہ ہندوستان و پاکستان کے لئے ۱۴ اور ۱۵ اگست قومی تہوار کا مبارک دن ہے آج سے ۱۱ سال پہلے اسی تاریخ ہماری اُمیدوں کی اس خوبصورت دیوی نے اپنی تمام جلوہ ریزیوں کے ساتھ ہمارے کاشانۂ غم کو مسرتوں میں تبدیل کیا تھا۔ ہم خوش آیند توقعات پر پھولے نہیں سماتے تھے، ہمارے قلب و دماغ پر عجیب کیفیت طاری تھی، ہم سمجھتے تھے کہ ہماری حسین و جمیل دیوی ہماری معاشیات، رہن سہن اور انداز فکر کو یکسر بدل ڈالے گی اور ہمارے "ادب" کو تو بام عروج پر لیجا کر "شب مہتاب بنا دے گی" اس لئے ہم اُس کے "حسن نمک پاش" سے اپنے زخم ہائے دل کو تازگی دیتے رہے اور کہتے رہے

بصورت تکیہ گاہ نوی۔ گمتر آفرید خدا
ترا کشیدہ و۔ دست از قلم کشید خدا

محبوبہ آزادی سے ہمکنار ہونے کے بعد عوام نے کیا کیا ترقیاں کیں اور ہمارے ادب اُردو کو بام عروج پر لیجانے کے لئے کیا کیا اقدام کئے گئے وہ اہل ادب سے پوشیدہ نہیں۔ غالب نے فرمایا تھا کہ :-

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

اس لئے ہمیں نہ کمی کا شکوہ ہے، نہ نفی کی شکایت ہم خوش ہیں کہ کچھ "ہو تو رہا ہے"۔

ہمارا یہ مضمون بے نمک رہ جائے اگر ہم ہند کے بڑھتے ہوئے فرہنگی تعلقات پر کچھ نہ لکھیں صائب نے ہند کے حسن ملیح سے متاثر ہو کر کہا تھا۔

یک سبزہ بی نمک نبود در تمام ہند
گویا کہ ہند را بنمک آب دادہ اند

انھیں یہ معلوم نہیں تھا کہ ہندوالوں کی "باتیں بھی" شیرینی کے ساتھ ملاحت آمیز ہوتی ہیں یہی وجہ ہے کہ ہماری "میٹھی اور نمکین" باتیں اقوام عالم کے لئے مرکز توجہ ہیں چنانچہ ہمارے محبوب رہنما جن کو دنیا پنڈت نہرو کہتی ہے اُن کی ہی باتیں لے لیجئے اُن سے دُنیا کا کوئی مدبر بات کر کے دیکھ لے وہ چند ہی باتوں میں اُس کو "اپنا مخلص دوست" بنا لینے میں کمال رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ امریکہ کے مسٹر آئزن ہاور اور روس کے نکیتا خروشچوف آپ کو ایک ہی نظر سے دیکھتے ہیں دراصل حقیقت مہاتما گاندھی کی جدوجہد اور ڈاکٹر ٹیگور کے "بے لوث محبت کے ترانوں نے" ہندی عوام کے "ایک مخصوص" طبقہ کی طرز فکر ہی کو بدل ڈالا یہی وجہ ہے کہ آج ہمارے ہند کے تعلقات دنیا کے ملکوں سے دوستانہ اور برادرانہ ہیں جس پر ہم جس قدر بھی فخر کریں کم ہے ہم ہند کے عوام کو غیر ممالک سے بڑھتے ہوئے تعلقات اور ۱۵ اگست کے "یوم آزادی" پران کی نیک خواہشات کے ساتھ مبارکباد دیتے ہیں۔
"پاکستان کے لئے بھی ہم نیک خواہشات رکھتے ہیں" ایک پڑوسی ملک کے

کی حیثیت سے اُس کی ترقی کے متمنی ہیں۔ خدا کرے وہ کبھی "اپنے جھنڈے کے احترام کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے" اپنے دل کو محبت کی آماجگاہ بنا ڈالے" جو اپنی کشش مقناطیسی" سے دوسروں کے دلوں کو کھینچ سکے۔

عشق است کہ ہم بندہ و ہم بندہ نواز است
این حاصلِ افسانۂ محمود و ایاز است

"ہم پاکستان کے عوام شاعر اور ادیبوں کو ان کی آزادی کی گیارہویں سالگرہ پر مبارکباد دیتے ہیں"۔

اس شمارہ میں ہز ایکسیلنسی آقای علی اصغر حکمت سابق سفیر کبیر ایران در ہند کا مضمون "شعر فارسی در عصر معاصر" کا آخری حصہ شائع کیا جا رہا ہے آقای موصوف ایران کے قابل فخر ادیب اور شاعر ہیں آپ کے مضمون کی ندرت اور سلاست ادیبوں کے لئے نمونۂ عمل اور فاضل طلباء کے لئے قابلِ استفادہ ہے فرانسیسی جرمنی اور برطانوی ادب کی پہچان ہیں کے لئے آپ مشہور ہیں سیاسی معلومات اور تاریخ کا خزانہ ہیں یہی وجہ ہے کہ ایران میں موصوف وزارت خارجہ کے اعلیٰ عہدہ پر فائز ہیں۔

اس کے علاوہ افق ایران کے درخشاں ادیب دانشگاہ ایران کے پروفیسر آقای سعید نفیسی مدظلہٗ کا مضمون "خاطرات ادبی" ہندی ادیبوں کے استفادہ کے لئے شائع کرنے کا فخر حاصل کر رہے ہیں موصوف ممدوح کے لئے کچھ کہنا سورج کو چراغ دکھانا ہے اس لئے کہ ایشیا اور یورپ میں آپ کے ادبیات کی عام شہرت ہے خود جرمنی اور فرانسیسی ادیب آپ سے استفادہ کرتے ہیں۔

"بیت و غزل ہمہ گلِ باغ ثنای اوست"

استادی محترم آقای ڈاکٹر امیر حسن عابدی صاحب نے پچھلے شمارہ کے لئے اپنا گرانمایہ مضمون "بابا دلی رام" سپردِ قلم فرما کر فارسی ادب میں ایک نئی قابل قدر تصنیف کا اضافہ فرمایا جو کافی پسند کیا گیا۔ آج طنز آمیز ایک مبسوط مضمون بھیجکر ہمیں مزید شکر گزار فرمایا اس مضمون کو آئندہ شمارہ سے تین قسطوں میں شائع کرنے کا انتظام کیا جا رہا ہے اُمید ہے کہ ڈاکٹر صاحب کا یہ مضمون صاحبانِ علم و ادب کے حلقہ میں پسند کیا جائے گا۔

جناب محترم فرحت کاردی ایم اے کا مضمون "اُردو شعر و ادب میں اقسامِ ظرافت" کافی جالبِ توجہ ہے موصوف نے اصنافِ شعر میں اقسامِ ظرافت کی تشریح تمثیل کے ساتھ اس خوبی سے اظہار فرمائی ہے جس کو اُردو ادب میں ایک نیا اضافہ کہا جا سکتا ہے۔ ہم موصوف سے شرمندہ ہیں کہ اُن کا یہ مضمون ہماری کوتاہ دامنی کا شکار رہ کر تاخیر سے شائع ہو رہا ہے۔

احوالِ خویش عذر نمودن چہ حاجت است
چون روشن است پیش تو مافی الضمیر ما

اسی طرح اُستاد خلیلی مستشار فرہنگی اعلیٰ حضرت ہمایون بادشاہِ افغانستان کی تقریر کا اُردو ترجمہ بھی کافی تاخیر سے شائع ہو رہا ہے جس کے لئے عذر خواہ ہیں۔ ہند و افغانستان کے تعلقات آج سے نہیں ہزاروں سال پُرانے ہیں۔ افغانستان کے عوام غیور بھولے بہادر اور مہمان نواز ہوتے ہیں۔ ہندوستانی عوام کے تعلقات افغانی عوام سے بہت گہرے ہیں۔ وہ ہر زمانے میں اکتسابِ علم کے لئے ہندوستان آتے رہے ہیں اور اُن کی پُرلطف صحبتیں آج بھی ہماری نظر کے سامنے ہیں۔

رازِ ما از راستی فوارہ سان مستور نیست
بر زبانِ ماست جاری آنچہ ما را در دل است

ہمارے نوجوان لکھنے والوں میں ع۔ و۔ اظہر دہلوی دلی کالج جن کا موجودہ شمارہ میں عرفی پر تحقیقی مضمون ہے اور پچھلے شمارہ میں "ایران کی موضوعِ بحث شاعرہ" خانم فروغ فرخزاد" پر شائع ہو چکا ہے نئے لکھنے والوں کے لئے صلائے عام ہے۔

اسی طرح جناب نجم الحسن انصاری صاحب دلی کالج کا مضمون "ناصر علی سرہندی" اُن کے ادبی ذوق کی نشان دہی کر رہا ہے اُمید ہے کہ ہمارے دوسرے نئے ادیب بھی منظرِ عام پر آنے کی کوشش فرماتے رہیں گے۔

تعلیمی خبریں

کتب بینی کی عادتوں کا سروے

دہلی پبلک لائبریری بہت جلد دہلی کے رہنے والوں کی کتب بینی کی عادتوں کا سروے کرنے والی ہے۔ سروے پر تقریباً بیس ہزار روپیہ خرچ ہوگا جو کہ یونیسکو (UNESCO) برداشت کریگا۔ امید ہے یہ سروے اسسال نومبر تک مکمل ہو جائے گا۔

اس سروے کے نتیجے سے کتب فروشوں اور شائع کنندگان کو اندازہ ہو جائے گا کہ آدمی عمر کے مختلف حصوں میں کس قسم کی کتابیں پڑھنا پسند کرتے ہیں۔

حالانکہ یہ سروے دہلی پبلک لائبریری، ہندوستان میں اپنے قسم کی واحد لائبریری کی طرف سے ہو رہا ہے، لیکن یہ امید کی جا رہی ہے کہ اس سروے میں ہندوستان کی کچھ دوسری لائبریریوں، مثلاً کلکتہ کی نیشنل لائبریری، بمبئی کی سنٹرل لائبریری اور کچھ چنی گئی ضلعوں، علاقوں اور تعلقوں کی لائبریریوں کی رپورٹیں بھی شامل کی جائیں گی۔

جیسا کہ کتب فروش اور پبلشرز جانتے ہیں۔ ہندوستان میں خریدی جانے والی کتابوں میں ۵۰ فیصدی تعداد اسکول اور کالجوں میں کام آنیوالی درسی کتابیں اور ریفرنس بکس ہوتی ہیں، باقی ۵۰ فیصدی میں مشکل سے ۲۰ فیصدی عوامی لائبریریوں میں تقریباً ۳۰ فیصدی عوام اپنے شوق کے مطابق خریدتے ہیں۔

یہ موخر الذکر ۳۰ فیصدی ہی وہ تعداد ہے جس کو بہت بڑھا ماہر اس سے ملک کے ادبی ذوق اور تعلیمی معیار کا پتہ لگتا ہے۔ باقی خریداری تو مجبوراً ہوتی ہے نہ کہ کتب بینی کے شوق کی وجہ سے۔

ہندوستانی صنعت کتب سازی کو عوام کی پسند کا پتہ لگانا نہایت ضروری ہے۔ یو۔ این۔ او۔ کی تازہ ترین اسٹے ٹسٹکل ایربک سے پتہ چلتا ہے کہ کتابیں شائع کرنے میں دنیا میں ہندوستان کا نمبر چھٹا ہے۔ یہاں اوسطاً ۸۵۰۰ ٹائیٹل ہر سال شائع ہوتے ہیں، جن میں زیادہ تعداد مذہبی کتابوں کی ہوتی ہے۔ مذہب میں ہندوستانی عوام کی گہری دلچسپی کے بارے میں شبہ نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن نئی پود اور کون سے عنوانات کو پسند کرتی ہے؟ اس سوال کا جواب اس سروے سے ملیگا جو کہ ہندوستانی صنعت کتب سازی کو بڑی مدد دے گا۔

تعلیمی وظائف: بھارت سرکار نے کاسمک ریز اور نیوکلیئر کے مطالعہ کرنے اور ریسرچ کرنے کے لئے ۵۰ روپے اور ۲۵۰ روپے کے کچھ وظائف دینا طے کیا ہے۔

مغربی جرمنی گورنمنٹ نے چار ہندوستانیوں کو اٹامک انرجی کو امن میں استعمال کرنے کا طریقہ سیکھنے کے لئے وظیفے دینے کی پیش کش کی ہے۔

سوئٹزرلینڈ سرکار نے دو وظیفے سائنس، ٹیکنالوجی یا انجینئرنگ کی کسی بھی برانچ میں تحقیقات کرنے کے لئے پیش کئے ہیں۔

سیلون میں اسلامی کلچرل سنٹر: لنکا کے مسلمان کافی عرصے اپنے ایک کلچرل سنٹر کی ضرورت محسوس کر رہے تھے۔ اب اس طرح ایک سنٹر زاہرہ کالج کولمبو کی کوشش سے قائم ہو گیا ہے جس کا سنگ بنیاد حال ہی میں سیلون اسمبلی کے اسپیکر حاجی ایچ ایس اسماعیل نے رکھا تھا۔

کچھ ہی مہینوں میں اس سنٹر میں ایک بہت بڑی لائبریری و ریڈنگ روم، ایک نمائشی ہال، ایک آرٹ روم اور دیگر آسانیاں مہیا کر دی جائیں گی۔ اس کو ایشیا فاؤنڈیشن، سیلون گورنمنٹ اور لنکا کے مسلمانوں سے بہت کافی مالی امداد دی گئی ہے۔ جبکہ دیگر پڑوسی ممالک کی سرکاروں نے بھی مالی امداد کی ہے

طلباء کی زندگی کا سروے

پونا یونیورسٹی کے میتھمیٹکس اور سٹیٹسٹکس ریسرچ انسٹیٹیوٹ نے حال ہی میں پونا یونیورسٹی کے طالب علموں کے بارے میں ۱۲۱ صفحات پر مشتمل ایک رپورٹ شائع کی ہے۔ یونیورسٹی کے میتھمیٹکس اور سٹیٹسٹکس کے طالب علموں نے ۸۰۱ لڑکوں اور ۱۵۷ لڑکیوں سے انٹرویو کرنے کے بعد یہ نتائج برآمد کئے ہیں۔

(الف) صرف ۲۵ فیصدی طالب علم کالج کے ریڈنگ روم کا استعمال کرتے ہیں اور ۱۵ فیصدی لائبریری سے کتابیں لیتے ہیں۔

(ب) یونیورسٹی میں پڑھنے والے طالب علموں میں اوسطاً ۱۶ فیصدی شادی شدہ ہیں لیکن قانون اور B.T. کورس میں شادی شدہ طالب علموں کی تعداد 39.5 فیصدی تک ہے۔

(ج) یونیورسٹی بورڈنگ ہاؤس میں نہ رہنے والے طلبا کا خرچہ اوسطاً ایک ہزار روپیہ سالانہ ہوتا ہے۔ اور ۶۰ فیصدی طلبا ان گھرانوں کے ہوتے ہیں جن کی سالانہ آمدنی ۴۰۰۰ روپیہ سے کم ہوتی ہے۔

نسیمی که از دولت آباد خیزد		بردن چو طاوس نوشاد خیزد

دیاری که برهان شهش پور خوانده		بت سبز را در راه از حور خوانده

بشهر سرنج آنکه سوداگر افتد		متاعش ز باغ ارم بهتر افتد

ز شهری که باشد دهلپور نامش		نی خامه دارد نوا چون تماشش

اجین است شهری که پایان ندارد		ز وسعت کنارش بپایان ندارد

چو شهرت افتاد دنبال اجمیر		حلب گشت در جلوه پامال اجمیر

چو در وصف انبیر یابی قلم را		کم از سنبل تر نخوانی رقم را

بگجرات در موسم گل رسیدن		بود فصل مهر خانه را سبز دیدن

چو در شهر تکیه اسپ گیرد سیاهی		بود فیض وش زینت اسپ شاهی

ز اوج رطوبات دریای تته		فلک سبز شد همچو صحرای تته

چو در کاخ لاهور قیصر نشیند		حقیرانه از شوکت در نشیند

خریدی ز گجواره کن یار کاشی		که رخسش مثل گشته در خوش قماشی

بگجرات کوچک چو ساقی در آید		بزرگانه چون عود مطرب بر آید

ندانند گل بوستان پشاور		کی همچو آب روان پشاور

و در طی این سیاحت طغری حسینان این کشور را هم بنظر عمیق مشاهده کرده و سپس در اشعار و عبارتهای ذیل معشوقان نواحی مختلف این سرزمین را می سراید:

گرفتار سبز تلنگانه ام		بگلکنده از عشق دیوانه ام

چو در جلوه رخ بر تلنگانات کرد		تبانرا از رفتار خود مات کرد

سبز بته گجرات بین گل از رخ اماوت بین		شیرین حرکات بین کز سرد او بار آمده

آن شوخ کبرائی لعبت چون رخ کشاید نیم شب		پیدا شود صبح طرب خورشید رخسار آمده

چون سبز تته در بکر هر گذر بسته نیشکر		زلفش کز پیچین کرده سر چون شنک تاتار آمده

دهری ز برهانپور به در چهره زلفش دلربه		ظلمت جدا از نور به دل تیره و تار آمده

نکهت بت بنگاله را آن غنچه ده ساله را		منت کش و لاله را کو خود بیاد آمده

سبزا دیسه زبان گزیده تنگ طیبان		گلبرگش از شاخ بیان دایم شکربار آمده

از شوخ اجمیری هوس دل ببار کس		صد دلبری هر نفس زان لاله رخسار آمده

چون دلبر دهلی مکان ماهی ندارد آسمان		شمع است شوخ دلبری خوبان بزم هم گذار آمده

از دختر پنجاب گو از مشعل مهتاب گو		از شعله سیراب گو نوریست چون تار آمده

سرو اله آباد بین بتیابی از شمشاد بین		وز فاخته فریاد بین کاشوب گلزار آمده

رجپوتنی دل می برد جان نیز فاضل می برد		ایمان ز کامل می برد از بسکه طرار آمده

محبوب کشمیری طلب تابان نهاد و در دهن		از تازگی چاه ذقن سر چشمه انوار آمده

با سبز تلنگانه در چمن تا بید خوان گشته سمن		گردید نسرین بر چمن جویای زنار آمده

از شوخ بنگالی مراد گلشن زند و بتلا		دارد بهر موصد داد جان طلبگار آمده

از سبز محلی بندری سالک رخشکی شد تری		تا دامن دریا تری زان حسن سرشار آمده

بر حیدرآبادی پسر گردیده هاله خشک و تر		از لاله دل گل بشتر در دامن یار آمده

بر سبز بیجاپور بین ریحان بلاغ طوبی بین		مرغ دل منصور بین جویای دیدار آمده

کام ارت محلی بتی هرگز مجوی برهمن		کز رام رامش صید بین آن وحشی تاتار آمده

از سرو گجراتی نمک گل کرده تا باغ فلک		در زر نگهبان و خار خسک در جیب گلزار آمده

آن غنچه دهلی چمن رخ تافته از نسترن		دارد گلی در پیرهن کز بلبلش ملال آمده

از دلبر ناسیری بوسه مجو گر بی زری		هرکس که بوده مشتری بنده منش کار آمده

از شوخ سرهندی شنو از فتنه سندی شنو		از مایه سندی شنو کاسایش یار آمده

بر سبز لاهوری نگر داری اگر یکجو بصر		زان گل نگشته بی خبر هرکس خبردار آمده

خوش خوش کرد ملتان شهر چون یوسف کنعان شده		صد مشتری حیران شده صد جا ببازار آمده

لعل بت رجپوت بین بندد زبرگ پانش نگین		آن دانه یاقوت بین کز رنگ سرشار آمده

سبز کنترانی چو برخیزد با ندار نماع		در سبالمنغاخیش باد صبا معطر کند

چون کند سبز گنجالی قدم در صحن باغ		نیشکر شیرینی رفتارها نوبر کند

می‌شود نیلوفر از رخت فرنگی مجتنب　　چون برنگ سبز ملتانی قبا در بر کند
سرو بیجاپی بیارد رو بباغ ار نکه　　فاخته کرده کرو از شاخ گل عوعو کند
گر شود سبزه کرد در صحن گلشن بید خوان　　طوطی خوشگو دهانش را پر از شکر کند
چون برد دید سبز زرد رنگ بت دهلی وطن　　از ملاحت خاک گلشن را نمک پرور کند
گر شود گلنار بی شوخ بیانه سرخ پوش　　چهره اش را نیل بدنامی چو نیلوفر کند
سبز اجمیری چو آرد زلف را در پیش رد　　طره را سنبل ز خجلت رقعهای سر کند
چون شود سبزاد بیسه غنچه خسپ صحن باغ　　شاخ نسرین برگ خود را بالش و بستر کند
جعفری گردیده از سبز بنارس منفعل　　زرد رویی را چسان از شاخ هستی در کند
نازبو را بوی نو خیز اله آباد نیست　　زانکه باد از بوی آن گل نازبو عنبر کند
سبز لاهوری بپان خوردن چو گردد لاله گون　　بلبل از بهر تماشا سر ز گلبن بر کند
تا ببای شوخ سر هندی فشانند باغبان　　باغ حافظ رخنه را شبنم پر از گوهر کند
چون زند سبز متهوره حرفی از زبان حسن　　سبزه را نطق مصحف خوان گل از بر کند
سبز سلطانپور را یکجا ئی افتد قبول　　گر بنفشه در کنیزی صد رد دستش مهر کند
چون مسی مالد بدندان غنچه تا نیسری　　شبنم گلبرگ جنت حالها بر سر کند
نسترن با سبز پانی پت نخواهد آب خورد　　جرعه اگر جوی چمن را چشمه کوثر کند
بسته می‌گردد ز باغ طوطی باغ ارم　　نرگس جادوی سبز دا که چون منظر کند
بسکه سبز مالده را برگ لعنت قیمت است　　غنچه از بهر خرید تش کیسها پر زر کند
گر گل سوری شود با چهره اهل سرهند　　خار را از تیغ خود چون مه انور کند
یاسمین آیین سبز احمد آبادی گرفت　　زین سبب دندان بسبزی همچو لعل تر کند
لاله بکیرنگ بت سورت شد منقش مکن　　گر ز آب لبری خود را صنم بیکر کند
کانی را میتوان دیدن بشیری علم　　چون بسبزان شکر دربار خوبی سر کند
نوخیز گر جسر میر آید بگلزار بهشت　　از نزاکت جا بردی دیده عبهر کند
چون گذارد سبز بر هچ شانه بر گیسوی خود　　شعرباف زلف سنبل را شتا گستر کند
کی شود در خوش لباسی همچو سبزان برنج　　یاسمین گر حله طاوس را در بر کند
زینت سوسن نخواهد چون بت انباله شد　　قشقه خود را اگر صد ره بآب زر کند
چون شود طوطی ز سبز سونیاتی دو منفگو　　گر همه کم عزیست مرغ حق سرا باور کند
بسکه می‌ترسد گل سمنا ز شوخ فتحپور　　خار سبز خنجریش را چون علم خیبر کند

چون گذارد سبز گجراتی قدم بر تخت باغ　　بر سر از چتر داری شاخ نیلوفر کند
گر نباشد سبز برهانپور را نبض مطیع　　نرگس باغ از رعونت دست بر خنجر کند
تاج خود را می‌گذارد بر سرش بت سافرد　　چون بت گلزار ته خواهش افسر کند
سبز چیوت از صنم زار ختا گیرد خراج　　گر خدیو دهلوی آن شوخ را چاکر کند

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

. . . .

. . . .

حسن بت را سیر کردم ذوقها در دیر کردم　　نقد ایمان خیر کردم پیش همدمان بنا
دهدان مسکی چون بت بنگاله ندارد　　گلزار سیه چشم تر از لاله ندار
و در جای دیگر می‌سراید :
ز راه وصف محبوبان هندی با کش طغرا　　مکن نادیده سرگرم تعشق اهل ایران
نیز در نثر می‌نویسد :
د عشرت غمزه خوبان گجراتی و عشوه بتان سومناتی، طاوس خرامی م
آگره و طوطی کلامی دلبر سودهره، تازگی تن رعنای لاهوری
نازک بدنی زیبای جون پور، لاغر میانی شوخ بنگاله و فس
سرینی بت انباله)
رسائل طغرا (ص ۳۵-۳۶ . چاپ نولکشو
محبوب طغرا هندی بوده :
اسیر عشق یک خورشید خسارم بین کشور　　نیم طغرا که از مهر ماه رو بی مبتلا ر
بتان هند را دیده است طغرا　　نگردد مایل خوبان کا
و معشوق هندی وی (حلیم نارگیل) می‌کشید :
چون کند آن مه چلیم خویش را از نارگیل　　ظلمت آن آبروی چشمه حیوان ش
از چیزهای عجیبکه در هند برای ایرانیان در آن زمان ز
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

مشاهده شد این بوده که خانمهای هندی در حجاب نبودند در این باره طغرا اشاره میکند:

نازم بطرز هند که در دادگاه حسن — چون ماه و آفتاب بتان را نقاب نیست

طغرا جشنهای هندی خاصهٔ هولی را خیلی دوست میداشت

مؤلف صحف ابراهیم می نویسد (گویند در ایام هولی ... هر که دف زنان از پیش طغرا می گذشت او کف زنان قدمی چند بمتابعت آن میرفت و در رنگ اختلاط میریخت) ورق ۵۵۵ طغرا در تشبیب یکی از قصیده های خود موضوع هولی را با رنگهای گوناگون گنجانیده است و می سراید:

شد وقت هولی باختن با رنگ و بو پرداختن
خود را چو گلبن ساختن باغ ارم خود آمده

هنگامهٔ هولی نگر کافروخت رنگ خشک و تر
اسباب آن دهر گزر خس و خار آمده

سیران هندی شادمان یاقوت سود جهر زمان
بر هم فشانده بی گمان هم رنگ گلنار آمده

زین سرخ و زرد پر قزح کز هندیان شد مصطلح
رنگینی قوس قزح از تار زنار آمده

رنگین لباسان هر طرف پیرایهٔ هولی بکف
بازی کنان با چنگ و دف در کوچه سیار آمده

دختر چهای نازنین لاغر میان فربه سرین
مانند طاوس از زمین بر بام و دیوار آمده

از رنگ هولی هر گذر چون ارغوان زار آمده
وز گلرخان دیوار و در چون باغ فرخار آمده

بنگر بآن هندو پسر کز رنگ هولی پا و سر
گلگون شده چون لعل تر سوی خریدار آمده

پس از رسیدن بهند طغرا بیاد اهل وطن افتاد:-

زبس با هل وطن می کشد دلم در هند
اگر بهند کشم آه در وطن شنوند

و از اینجا بوطن خود شعرها می فرستاد:

صبر کن قاصد که طغرا زین نوای نظم هند
تحفه بهر شعر پیوند از آن ایران می دهد

طغرا بیشتر از شعرای معاصر خود را هدف ملامت می سازد چنانکه از اقتباسات ذیل مشاهده خواهد شد:

دو رهزن (قدسی و کلیم) بهم کرده اند اتفاق
یکی از خراسان یکی از عراق

کتابی که از بهر دارای هند
مرتب شد از گفته این دو رند

بود لفظ و مضمونش از دیگران
ندارند حقی چو کاتب در آن

زنقال موزون حذر کن حذر
که سنگش ز میزان بود قلب تر

قدسی ز شعر مردم ایران چو مایه داشت
پر قطع بود گفته هندوستان او

رفتی بنزد صاحب خود در دیار نظم
یا داشتی اگر تر و خشک دکان او

از طبع معنی تو کند میزبانیت
در محفل سخن چو شوی میهمان او

زین در دو بخته خامی گفتار می چکد
گر دیگ فکر سوخته بر دیگدان او

اقرار این خیانت روشن نمیکند
گو گر دو داغ تا نه کنم در دهان او

بود شیدا شاعری در ملک ھند
گفته اشن رنگین بسانِ لعلِ تر
کهنه دزد شاعران یعنی سلیم
یافت چون از قصهٔ نو تش خبر
رفت داز طفلان ببقلش خرید
گنج باد آورد نظمش را بزر
شعر خویش را بنام خود نوشت
شهرتش در شاعری شد بیشتر
نظم شیدا گشت تاراج سلیم
طرفه دزدی خورد بر دزد دگر

حایب از پردهٔ صبا پوچی دختر هیچ رخواسر لوی
گر شفائی تمام شعر شود نیست در باب معنیش فرهنگ

(گفتن سخن رنگین آسان است و خواندنش از بیم دزدان مشکل ـ استعارات تازهٔ نثر از ملاحظه کهن گرگان در نظم بکار رفته و میرود و مضامین بلند نظم از اندیشه پست خیالان در نثر لسته شده و میشود دزدان زبردست سخن از گرفت گیر شحنهٔ روزگار غافل اند ر نیدانند که دزد معنی یکه بدو شاخه زبان خاص و عام گرفتار میشود) رسائل طغرا (ص ۳۲)

ولی از عرفا و هنرمندان ذیل تحسین و تقدیر میکند:

خفته طریق علم محمد امین که یافت افزا دا لوح تجربه از نقش پای او
اختر برج سپهر قابلیت شاه فضل آنکه دیوان قضا از کلک او دارد نظام
همای اوج شرف قطب شاه عبد الله
سپهر کوکبه خورشید فتح نصرت خان
عصمت الله ولی کز نسبت او جام یافت . . . .
. . . . زا نو ر قاسم کرمست حق است

چو حفاظ در تربیت شیخ جام . . . گل از تربت شاه قاسم بچین
مقامات احمد جامی است . . . حسن طینت حسین سبزواری
خم باده در رنگ شیخ صفی زند روز و شب جوش ذکر خفی
" بابا حسن ابدال از خاصان درگاه الٰہی ست "
رسائل طغری (ص ۴۶) چاپ نولکشور)
آهوی این دشت بی خبر نفس بابا کپور چرا می کند ص ۹۱
مقاله باب تحریر دوائر سپهر و مسئله فهم شرح مطالعه مهر شیخ ابو الحسین " ص ۱۲۰

ممتاز غلامی ابد علاء الدین احمد . . . . بندهٔ ازلی مصطفی قلی . . . . از خوش رقمی مفردات و مرکبات پشت آن روکش قطعه ملا میر علی گردید . . . . قدوهٔ گزین شجاع الدین . . . . معراج طلب درباری عبد الرسول بخاری . . . . سید محمد خان" ص ۱۷۰ - ۱۷۷)

پیر بقعهٔ پاک طینتی محمد علی تبتی . . . نکته سنج مرآة عرفان میرزا قمر خان . . . . خوش نشین محفل همه دانی حکیم محمد رضا خراسانی . . . . شناسای رموز حادث و قدیم حضرت ملا محمد مقیم . . . . قاطع ما سوا درویش عبد الله . . . . بجزئیات رسیده مراسم حضرت قاضی محمد قاسم . . . مصداق تن بناهی میر الٰہی . . . . نغمه پرداز یکدلی حافظ ترک علی . . . . . کلیم طور سخندانی ملا ابو طالب کلیم همدانی . . . . . زبدهٔ اهل صلاح محمد صالح جراح . . . . عارف بی قیل خدام ملا اسمعیل . . . . . ثانی برنای ولی پہلوان شبیر علی ص ۱۰۹ - ۱۱۲

اشخاص ذیل نیز در رقعات طغرا ذکر شده اند:

محمد کریم ـ حمزه خان ـ قاضی نظام ـ شیخ محمد خاتون حاجب قطب شاه ـ مهابت خان ـ میر نظام ـ میرزا سنجر شمس ـ مسیح الزمان ـ قاضی جیو ـ خواجه لاله ـ میر محمد امین ـ میرزا صائبی ـ

در عبارت ذیل طغری بسیاری از شعرا و هنرمندان قدیم را تحسین می کند که بعضی از آنها امروز برای ما مجهول هستند:

رودکی در بزم آهنگ رقم چون ساز داد سخنوری در چنگ

زبان داشت تا آخر حرکات رقاص قلم صورت چندین لک شعر
بر لب خوانندها گزاشت عنصری که آتش تندی خیال بکوره
انگیزی تیغ سخن در آورد بباد دم تازگی مقال گرد کهنگی از خاکدان
فکر بر آورد۔

فردوسی در نوبهار سخن بطریق رضوان قابوی گلکاری
یافت جهت نهال شدن تهمتن بزمین رزم شاهنامه
شتافت **خاقانی** لبساز مدح همایون پستی مقام نظم ز بلندی
صوت داد و از ترنم گفتار گرانگون قصه بعراقین عرب و عجم فرستاد۔
انوری بگرمی شعر گفتن چون شعله طبع را روز بروز افروخت در
شبستان تحریر سخن از معانی روشن بچراغان دماغ سوخت۔
فرخی تا در شطرنج بیان باسپ تازی نطق راه بپیاده حرف کشود
منصوبه فرضبندی زبان بطفیل گذاری سخن شهمات کلامش بود۔
سنائی چون معنی سنا در تاریکی سحرگاه فکر روشنی دلپذیر فت
بی منت مصبری صبا پیافتن رفیق مدلیقه سازی نظم گل گل شگفت
قطران در تحریر شعر یک قلم سیاهی طاؤسی بکار برد ابد ازش
را چون پر تذرو در صد رنگ میتوان شمرد۔ عطار چون در
دکان مقال طبلهٔ نکات سربسته چیده چندین هزار سقیم خیال
داروی اسرار فهمی خریده۔ خیام از رباعی چار طنابی بیخ
تفکر خیال قائم نساخت که باحوادث خیمهٔ شهرتش را بزمین سخن تواند
انداخت۔ **شیخ نظامی** چون در مدینهٔ سخنوری گردیده از خمسهٔ
مثنویات به پنجتن پاک رسیده چون در خانهٔ فکر گوهر نطق بطلب
مخزن بست گرد ناصافی از نزدیک دامن کلامش دور نشست....
عبد الرزاق تا آب گفتار گوناگون از هوای ذهنش نچکید از
رازق آفاق مائدهٔ این کار بوقلمون بر سفرهٔ خویش ندید۔
رشید اگرچه در باغ تقریر از حقارت وطواط لقب یافت
در صید کردن همای تحریر بغلبت شاهبازی می شتافت۔
سعدی بشرافت نغز گلستان از طوطی حرم چمن چمن تحسین
شنید و بسعادت نظم بوستان از بلبل ارم گلشن گلشن آفرین دید
کمال را چون پایهٔ طبیعت از آسمان بلندی خیال گزشت در عالم
زمین پایی بخلاق المعانی مخاطب گشت۔ **ابو الفرج** بعد
از شدت سخن بسکه بفرح رسیده بفتوای واضع کل اسماء فرح
جزو اسمش گردیده۔ **ملای روم** در فن شعر محققانه چون سر جهانها
برآورد مسایل ابیات عارفانه از مصحف روحی شمس استنباط
کرد۔ **سلمان** از هدایت طالع مسعود بکعبهٔ فکر تطرز شتافت
و بدولت فیض معبود خویش را از جملهٔ اهل بیت یافت۔
خسرو که از تاج فصاحت بر سر خود کوکبهٔ شعری امید بر تخت
بلاغت بمین قران السعدین مسلم گردید۔ **حافظ** از نغمهٔ
قال چون نسبت ترنم پردهٔ غیب رساند بزرگ مقام حال
دیوان غزلش را کلام کوچک خواند۔ **جامی** را هفت خم
سبعه از شراب دو ساله معنی لبریز گشت۔ در چار سوی سخن از
میخانه گشای طبعش جیبان میگزشت۔ **مکتبی** اگر حسن مطلعی
از شعر خود بطفلان می نمود غوغای سبق خوانی از رشک شور عشق
می بود۔ **آذری** در بلدان سخن بعجائب کاری پرداخته و
از گرمی بازار دکان بیان را آتشکده ساخته۔ **اوحدی** جام
جم را بسکه آسمان پیمای سخن دارد سکندر آئینه ساز نطق پیش دست
بر زمین نهاد۔ **کاتبی** مانند قلم تحریر نظم شاداب که بر بست و
بیک رشتهٔ رقم در بحر طوفانی صنعت بهم پیوست۔ معزی چون
از دولت شوخی زبان غزلت را بنهایت رسانید۔ انجمن آرای
زبردستی بیان زبردست احدیش نه نشانید۔ **ازرقی** به نسبت
معنی بلند بسکه از ته قدر پذیرفت در جهان آباد مضمون ارجمند
سپهر از رفعتش توان گفت۔ **ابو العلا** اگرچه در صورت
دکانداری ست عمان بساط گوهر از تحمل طبع در معنی شهریار است
سهیلی در آسمان خیال بیک مطلع خوب رسیده از ان تجاوز
زمین مقال هم هیچ ماه نور بخشیده۔ **سیف اسفرنگ** را

دیوجوهر سخن کار از آن گزشت که دلیران معرکهٔ نظم پیش او توانند تیغ گشت - مشاهی چون در زمین غزل بازو باشهٔ فکر براند از معانی تر و تازه چندین مرغابی صید گرانید - هاتفی در هر بحر بزبان الهام شعر گفته است و گوهر معنی را بثقب آواز غیب سفته است - هلالی اگر نظم خود را بمیزان فلک سنجید شعری را بجای پاسنگ در پلهٔ ترازو دیده آصفی چون در ایوان سحر خیزی دفتر نظم گشود برات مطلع گوئی شاه خاور تحریر نمود - فغانی بسکه شور غزل در جهان انداخته است گنبد فلک را از کهکشان چون قلم شق ساخته است محمد عصّار در خراس چرب و نرمی سخن گاو دی نگرداند که فراست پیشه گوساله سامری را بچراش نتواند خواند - آملی که از تار و پود صنائع شعری پرنیان آهنگ بافت بیاکو اندازی منقار بلبل درین کار فاغبالی یافت - نظام اگر وقت ایستادن فلک دست برقم چرخیات برد فلک استاده را بپای ذوق چون قلم بچرخ در آرد - امیدی که عرش در قلمرو سخن بعزت گذشت به تیغ دو دم یک بیت عالمگیر اعتبار گشت - وحشی در زمین خسرو شیرین به تندی ندید که سگ نکته گیران بگرد آهوش تواند رسید - عبدی چون در مراتب سخن شاگرد معبود است هر بیتش مثل بیت الله قابل هزار سجود است - ضمیری اگر معدن خیال به تیشهٔ دقت نکافتی خانه خانه مقال چگونه در بساط یافتی - غزالی چون بصیدگاه سخنوری پی برده است بچندین غزال په خط و خال برخورده است - سحابی در باغستان فکر تا باران معنی بنارید تخم چهار برگ رباعی یک قلم نهال نگردید - عرفی که در بحر نظم لنگر سخنوری انداخت از موج نرمی شعر سفینهٔ خشک طوفانی ساخت شاه طاهر چون قصد کشورستانی لفظ نمود فوج معانی

را در زمین قصیده صف کشی فرمود - نوعی سوز و گداز را بشعلهٔ ذکی طبع گرم گردانید و از آتش فروز کورهٔ فکر تحسین ها شنفت سنجر در ملک سخنوری هیچ کس باجی ندادی خراجی بر گردن زمینداران شعر نهاد - فیضی را فلکیات دان عالم نظم چون نخوانم از مرکز ادوار صاحب سجل این معنیش می دانم ظهوری شراب دو آتشه در ساغر نطق ندارد که یک مخمور بزم سخن را بی سیاه مستی گذارد - ملک بسیاه اشک و آه ملک گیر در سخن دشوار بارگاه اثر داری نظمش از قم تا دکن - طالب را از غنچگی فکر مطلوبی جز نواسازی نبود از گل این معنی زبان غزل سرائی بلبل عاریت نمود - مشرقی در خاور خیال از دم خویش صبح انگیخت - مغربی در باختر مقام از نفس خود شفق ریخت - شانی بلبلی ست که چون سا غ نظم شنا فته آیات مصحف گل را در شان خود یافته - علامه طرز سخن حکیم زلالی کتاب قصائد چون فصل بهار ربعه آورد که از تازگی آن هیچ باب شرح نتوان کردم رسائل طغرائی ص ۱۱۵ - ۱۲۱ -

در آخر عمر طغرا در کشمیر گوشه گیری اختیار کرد و از دربار و ظیفهٔ می گرفت در مسافرت بکشمیر طغرا هشت منزل که طی کرده وصف می کند - چوکی - نوشهره - چنگیز هتی - راجور - تانه - بیرم گله - پوشانه - پیر پنجال و پس از ورود بکشمیر چنین می سراید :

بدهلی می فرستم بهر خاک و سنگ تحفه اگر مسجد برای خویش در کشمیر می سازم

بالاخره طغرا در سال ۷۸ - ۱۰ هجری (۱۶۶۷ - ۱۶۶۸ میلادی) در کشمیر درگذشت و در جوار مزار کلیم مدفون گردید -

نویسندگان ملا طغرا را با شعرای دیگر اشتباه کرده اند در فهرست کتابخانهٔ دانشگاه تهران باین حقیقت اشاره شده است در غنی (تذکرهٔ غنی چاپ علیگر ۱۹۱۶ ص ۸۶) او را مشهدی و ساکن کشمیر و سال مرگ او را (۱۱۰۰) یاد کرده - در تذکرهٔ نصرآبادی او را تبریزی دانسته ولی گذارش زندگی طغرا با گذارش زندگی وحشت در آمیخته و نادرست چاپ کرده اند ... مدرس (ریحانه الادب ج ۳ ص ۴۶)٭

٭ نیز برخی از کتابهای طغرا در گذارش زندگی طغرا به ربیع شاعر آورده) ج ۲ ص ۱۹۵ -

بقیه در شمارهٔ آئنده -

باستانی پاریزی

نگاهی به (آلبوم)

۱

بآلبوم شبی تا سحر نظر کردم — بیاد عمر گذشته شبی سحر کردم
بیاد بود عزیزان دمی بسر بردم — شبی دو مرتبه با عمر رفته سر کردم
مناظری زحیات گذشته رادیدم — بدیدم آن همه و دیده پر گهر کردم
بکوه و تپه و ماهورهای بنهادم — سفر بموطن دیرین دبوم و بر کردم
نشان کودکی از مام خسته پرسیدم — نظر بچهرهٔ غم دیدهٔ پدر کردم
معلمین و مدیران و اوستادان را — بنظم رتبه بیک صف مستقر کردم
بیادم آمد شبهای امتحان که بجهد — پی تفوق خود ترک خواب و خور کردم
در امتحان گذراندم بهار عمر و خزان — بنتیجه گفت چرا کار بی ثمر کردم
بسوی سامان رفتند همگنان چون آب — منم که در ته جو، ریگ سان مقر کردم

۲

زعکس او که بجانم فگند آتش و رفت — ببوسه‌ای دهن تلخ پر شکر کردم
بخاطر آمدم آن شب که پیش او در باغ — نیاز بردم و از بخت شکوه سر کردم
بپای او سر تسلیم و بندگی سودم — بعشق او بدیار وفا سفر کردم
بگریه راز دل خود چنان باو گفتم — که گرد نرگس او را از اشک تر کردم
نظر بماه فلک مستم و زروزن عشق — بتابنای آینده ام نظر کردم
قرار آتیه با تار زلف او بستم — به مهر بوسه اش اعضای معتبر کردم
بشوخی آن سر گیسو گرفتم و گفتم — که روز خویش ازین شب سیاه تر کردم

۳

هنوزم آن همه خاطرات در یاد است — اگر چه در سر آن زندگی حذر کردم
ولی طراوت عکس گذشته ام میگفت — بهر حساب درین ما جرا ضرر کردم
بهر دری که شدم بی نتیجه برگشتم — دری گشوده نشد خویش دربدر کردم

۴

سیاه الیست زعمر آلبوم من هر سال — زعکس تازه چو عمرش سیاه تر کردم
حیات با همه غیر از فسانه چیزی نیست
من این فسانه درین جزوه مختصر کردم

بادۂ شیراز در خمخانۂ ہندی

غزل :- لسان الغیب حافظ شیرازی ـــــ ترجمہ ـــــ از :- مولوی احتشام الدین صاحب حقی ایم اے علیگ

۱۔ ما بر فتیم تو دانی و دل غم خور ما
بخت بد تا بکجا می برد آبشخور ما

(۱) میں چلا، جانے تو، اب اور دل غمخوار مرا
مجھکو لیجائے کہاں، بخت نگونسار مرا

۲۔ از نثار مژہ چون زلف تو در دُر گیرم
قاصدی کز تو سلامی برساند بر ما

(۲) نامہ بر خط ترا لائے گا تو از بہر نثار
دُر ہی برسائے گا یہ دیدہ گہربار مرا

۳۔ بدعا آمدہ ام ہم بدعا دست برآر
کہ وفا با تو قرین باد و خدا یار مرا

(۳) لے دعا مانگ لے۔ جاتا ہوں، اٹھا دست دعا
تیری حامی ہو وفا، عشق رہے یار مرا

۴۔ گر ہمہ خلق جہان بر من و تو حیف خورند
بکشد از ہمہ انصاف ستم داور ما

(۴) کہنے دے کہتی ہے گر خلق خدا ہم تم کو
دے گا انصاف ستم داور دادار مرا

۵۔ بسرت گر ہمہ عالم بسرم نجروشند
نتوان برد ہوای تو برون از سر ما

(۵) تیرا سودا نہیں جائے گا ترے سر کی قسم
مدعی سارا جہاں بھی ہو، گر ایکبار مرا

۶۔ فلک آوارہ بہر سو کندم میدانی
رشک می آیدش از صحبت جان پرور ما

(۶) چار سو رشک فلک نے مجھے آوارہ کیا
جان نوازی سے تری ہو گیا خونخوار مرا

۷۔ ماز وصف رخ زیبای تو تا دم زدہ ایم
ورق گل خجل ست از ورق دفتر ما

(۷) وصف تیرے رخ زیبا کے مسلسل ہیں لکھے
زیب تر دفتر گل سے بھی ہے طومار مرا

۸۔ زود باشد کہ بیاید بسلامت یارم
ای خوش آن روز کہ آید بسلامت بر ما

(۸) کاش جلد ہی بسلامت ہو سفر سے پھرنا
آئے وہ دن کہ ہو پہلو ہی میں دلدار مرا

۹۔ ہر کہ گوید کہ کجا رفت خدا را حافظ
گو بزاری سفری کرد و برفت از بر ما

(۹) کہنا پردیس گیا روتا ہوا زار و قطار!
پوچھے حافظ مرے پیچھے جو مجھے یار مرا

ادبیاتِ ہندی

ناخدائے سخن حضرت غالبؔ دہلوی کی ایک

غزل

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا
ترے وعدے پر جئے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا
تری نازکی سے جانا کہ بندھا تھا عہد بودا
کبھی تو نہ توڑ سکتا اگر استوار ہوتا
کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیرِ نیم کش کو
یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا
یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح
کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غمگسار ہوتا
رگِ سنگ سے ٹپکتا وہ لہو کہ پھر نہ تھمتا
جسے غم سمجھ رہے ہو یہ اگر شرار ہوتا
غم اگرچہ جاں گسل ہے، یہ کہاں بچیں کہ دل ہے
غمِ عشق گر نہ ہوتا غمِ روزگار ہوتا
کہوں کس سے میں کہ کیا ہے شبِ غم بری بلا ہے
مجھے کیا برا تھا مرنا، اگر ایک بار ہوتا
ہوئے مر کے ہم جو رسوا ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا
نہ کبھی جنازہ اٹھتا، نہ کہیں مزار ہوتا
اسے کون دیکھ سکتا کہ یگانہ ہے وہ یکتا
جو دوئی کی بو بھی ہوتی، تو کہیں دوچار ہوتا
یہ مسائلِ تصوف یہ ترا بیان غالبؔ
تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

●

اور اسی بحر و قافیہ میں حضرت جمیلؔ نقوی کی ایک

غزل

ترا حسن عشق پیکر اگر آشکار ہوتا
نہ خرد فریب کھاتی نہ جنوں شکار ہوتا
تری بزمِ کُن فکاں میں عجب انتشار ہوتا
اگر عشق سادہ فطرت نہ حریف دار ہوتا
نہ چمن میں آشیانہ سرِ شاخسار ہوتا
نہ خزاں کا خوف ہوتا نہ غمِ بہار ہوتا
کبھی یوں بھی کاش ہم پر اثرِ بہار ہوتا
کہ شرارِ آتشِ گل بھی نظر پہ بار ہوتا
یہی سوچ کر نگاہوں سے اٹھا دیئے ہیں پردے
مرا طرزِ کم نگاہی تجھے ناگوار ہوتا
یہ افق افق نظارے یہ چمن چمن بہاریں
جو مری نظر نہ ہوتی یہ جہاں غبار ہوتا
تری ملتفت نگاہیں جو فسانہ کہہ رہی ہیں
میں فریب کھا گیا تھا، اگر اعتبار ہوتا
میں یہ سوچتا ہوں اکثر مری آگہی کا حاصل
غمِ عاشقی نہ ہوتا، غمِ روزگار ہوتا
جو خزاں کا غم نہ ہوتا تو خدائے رنگ و خوشبو
یہ جہانِ رنگ و خوشبو ترا شاہکار ہوتا
تری آرزو نہ کرتے، تری جستجو نہ کرتے
ہمیں اپنے دل پہ ظالم اگر اختیار ہوتا
مرے دل میں ہے یہ حسرت کہ جمیلؔ میرے غم میں
کوئی اشکبار ہوتا، کوئی بیقرار ہوتا

تیسری غزل صفحہ ۳۱ کالم دو پر ملاحظہ ہو۔

"روحِ اقبال"

(حضرت قمر مرادآبادی)

مہ و انجم میں حسنِ معتبر تیرا ہے یا میرا
نظر میری سہی نورِ نظر تیرا ہے یا میرا

جہانِ آب و گل میں شور و شر تیرا ہے یا میرا
یہ افسانہ بعنوانِ دگر تیرا ہے یا میرا

عدو کو جراتِ تنقید کیوں دی ذوقِ سجدہ پر
جبیں میری ہے لیکن سنگِ در تیرا ہے یا میرا

دعائیں میری، نالے میرے، آہِ نارسا میری
مگر یہ تو بتا بابِ اثر تیرا ہے یا میرا

بتا یہ کس کا منشا ہے کہ میں محرومِ منزل ہوں
سفر میرا سہی، عزمِ سفر تیرا ہے یا میرا

صدائے نالۂ دل پر خموشی کس کا شیوہ ہے
تو ہی کہدے کہ پتھر کا جگر تیرا ہے یا میرا

مجھے کیوں بخش دی ہیں گردشِ ایام کی فکریں
کہ یہ ہنگامۂ شام و سحر تیرا ہے یا میرا

مذاقِ دید میرا، ہوش میرے، بیخودی میری
ہجومِ برق و طوفانِ بشر تیرا ہے یا میرا

میں وقفِ جبر و خاموشی، تو محوِ مصلحت کوشی
یہ فتویٰ کون دے کارِ بشر تیرا ہے یا میرا

ترے احکام پر مُہرِ صداقت ثبت کی میں نے
کسے معلوم تھا پیغامبر تیرا ہے یا میرا

قمر وہ مجھ کو مل جاتا تو اتنا پوچھتا اُس سے
کہ یہ سرمایۂ فکر و نظر تیرا ہے یا میرا

غزل

(جناب امیر آغا قزلباش دہلوی تلمیذ حضرت واقف)

تنویرِ تمنائے جواں ڈھونڈ رہا ہوں
اس چاند کا تاروں میں نشاں ڈھونڈ رہا ہوں

ارزانیٔ جلوہ میں نظر کچھ نہیں آتا
وہ ہیں وہیں موجود جہاں ڈھونڈ رہا ہوں

وابستہ رگِ جاں سے ہیں پھر بھی نہیں ملتے
میں ہوں، کہ یونہی کون و مکاں ڈھونڈ رہا ہوں

کھل جائیں وہ گُل کی طرح سُن کر مرے نالے
بلبل کا سا اندازِ فغاں ڈھونڈ رہا ہوں

اس ہوش کی دنیا نے مجھے لوٹ لیا ہے
اب وادیٔ آشفتہ سراں ڈھونڈ رہا ہوں

سوزِ غمِ فرقت نے لہو دل میں نہ چھوڑا
پلکوں میں وہی اشکِ رواں ڈھونڈ رہا ہوں

کچھ نقشِ توجہ ہے امیر اُن کی جبیں پر
بنتی ہوئی قسمت کا نشاں ڈھونڈ رہا ہوں

غزل

(علامہ راز یزدانی)

شوق کے اضطراب میں عشق کو بندگی کیا
سجدۂ بے طلب کیا، پھر بھی تو کفر ہی کیا

"عذرِ جفا" کے بعد بھی شکرِ ستمگری کیا
ہم سے خطا ہی ہو سکی، ہم نے قصور ہی کیا

ذوقِ طلب کو عشق میں "حیلہ آذری" کیا
تیری قسم کہ تجھ سے بھی ہم نے تو کفر ہی کیا

اس نے تو زندگی سی شے میرے لئے پسند کی
میں نے اسی سے بار بار شکوۂ زندگی کیا

ذوقِ طلب تو دے مگر فرصت آگہی نہ دے
اس نے اگر جنوں کو بھی "شورشِ آگہی" کیا

اب تو یہ مسکرائے گا موت کے ساتھ کھیل کر
درد نے دل سی شے کو کیوں واقفِ زندگی کیا

رازؔ کی ذمہ داریاں خود ہی روا نہ رکھ سکیں
اس نے اگر ارادۂ پرسشِ راز بھی کیا

غزل

(شباب زیدی لکھنوی)

نہ غم ہی سازگار آیا، نہ راس آئی خوشی ہم کو
بدلنا ہی پڑا آخر مذاقِ زندگی ہم کو

کہیں جس کو محبت، درد اور اخلاص کا پیکر
نظر آتا نہیں دنیا میں ایسا آدمی ہم کو

جنوں تک آگئے منزل بمنزل آخرش ہم بھی
فریبِ زندگی دے دے کے لائی آگہی ہم کو

الٰہی خیر رکھنا تو ہمارے بھی نشیمن کی
نظر آئی قریبِ گلستاں کچھ روشنی ہم کو

کہاں ہے موت جو آساں ہماری مشکلیں کر دے
بہت دشوار اب تو ہو گئی ہے زندگی ہم کو

ڈبو دے یا بچا لے اب اسی کے ہاتھ ہے کشتی
کنارے تک تو لے آئی ہماری بیخودی ہم کو

امیدیں مسکراتی ہیں، چراغِ یاس بجھتا ہے
کہیں پر آ جو جاتی ہے نظر کچھ روشنی ہم کو

زمانہ ہر طرح سے آزماتا ہی رہا اب تک
ہماری بیخودی لیکن سنبھالے ہی رہی ہم کو

شبابؔ کم سخن کی کون سنتا ہے زمانے میں
وگرنہ اس کی باتوں سے ملے گی آگہی ہم کو

رات

(سید اعجاز حسین صاحب ضامن مصاحب دربار رامپور اسٹیٹ)

وہ شہریارِ حسن جو پہلو نشیں تھا رات
گویا زمانہ عشق کے زیرِ نگیں تھا رات

خلوت کا گوشہ گوشہ حیات آفریں تھا رات
خس خانہ میرا رشکِ خلدِ بریں تھا رات

اس صحبتِ نشاط میں کیا ڈالتا خلل
ناپید آسمان بروئے زمیں تھا رات

تاریکیوں میں رخ کا اجالا گھلا ملا
ایک ایک لمحہ وقت کا کتنا حسیں تھا رات

وہ صلح کن فضا وہ لحاظِ وفائے عہد
کہنے کو لب پہ لفظ "نہیں" بھی نہیں تھا رات

انکار میں بھی جذبۂ اقرار رونما
ہر اک اشارہ منکرِ چینِ جبیں تھا رات

آنکھوں میں خود شباب کی مستی بھری ہوئی
بے کیف سا سوال "مئی انگبیں" تھا رات

زلفوں کو دیکھئے تو پریشاں ادھر ادھر
آنچل کو پوچھئے تو "کہیں کا کہیں تھا" رات

پیہم جھلک رہی تھی حقیقت مجاز میں
ضامن خیالِ خواب کا کس کو یقیں تھا رات

غزل

(از حضرت ادیب سہارنپوری)

مری زندگی میں شامل جو نہ تیرا پیار ہوتا
تو نشاطِ دو جہاں بھی مجھے ناگوار ہوتا

مرے شوقِ جستجو کا کسے اعتبار ہوتا
سرِ راہ منزلوں تک نہ اگر غبار ہوتا

میں تجھے خدا سمجھ کر نہ گناہگار ہوتا
اگر ایک بے نیازی ہی ترا شعار ہوتا

اثر ان کی گفتگو میں، تو دلوں میں پیار ہوتا
مرے ناصحوں کا جانا۔ جو بکوئے یار ہوتا!

جو ستم زدوں کا یارب کوئی غمگسار ہوتا
تو غمِ حیات اتنا نہ دلوں پہ بار ہوتا

خرد اعتراف کرتی نہ جنوں کے معجزوں کا
گل و یاسمن کا دامن جو نہ تار تار ہوتا

ترے مہر و ماہ و انجم کو گلہ ہے مجھ سے یارب
کہ ہمیں بھی چین ملتا، جو تجھے قرار ہوتا

جو بغیر رونمائی کے یہ رنگ ہے تو یارب
دل و جاں پہ کیا گزرتی جو غم آشکار ہوتا

نہ سکونِ دل کی چاہت میں تڑپ ادیب اتنا
کسی اور کو تو ملتا۔ جو کہیں قرار ہوتا

نصرت رحمانی

م۔ یوسف صدیقی
(دلی کالج، دلی)

قدرت نے دُنیا کے ہر خطے کو کسی خاص صنعت یا ہنر سے نوازا ہے دُنیا کے مختلف ممالک یا مختلف اشیاء اور مختلف صنعتوں ۔ مثلاً نقاشی سنگ تراشی، عکاسی، موسیقی میں اپنا ایک خاص مقام اور درجہ رکھتے ہیں اسی طرح ایران بھی ابتدا ہی سے شعر و شاعری میں اپنا ایک خاص مقام رکھتا ہے جو آج تک ایک مسلمہ حقیقت ہے۔

ایران نے فردوسی، خیام، سعدی اور حافظ جیسے بلند خیال اور عالمگیر شہرت یافتہ شعرا پیدا کیے ہیں جن کو ادب میں اس وقت تک ایک نمایاں درجہ حاصل ہے اور جن سے دُنیا کا ہر تعلیم یافتہ شخص بخوبی واقف ہے نیز ان کے آثار تقریباً دُنیا کی ہر زبان میں ترجمہ کیے جا چکے ہیں۔

دُنیا کی ہر چیز ترقی پذیر ہے اور کبھی بھی کوئی چیز ایک حالت پر نہیں رہی وقت اور زمانہ کی رفتار کے ساتھ معاشرتی اقدار، خیالات و افکار، ذہن اور ان کے سوچنے کا ڈھنگ، ماحول یہ سب کچھ بدلتا ہے۔ گزشتہ دو صدیوں میں مغربی ممالک نے ایشیائی ملکوں کے عوام کی زندگی کے ہر پہلو پر اپنا اثر ڈالا۔ شاعری بھی اس سے مبرا نہیں گو ایران شعر و شاعری میں ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے لیکن یورپ کے اس سیلاب کا مقابلہ وہ بھی نہ کرسکا۔ شعر و شاعری کی قدریں بھی بدل گئیں۔ جب لوگوں کے سوچنے کا طرز بدل کر افکار میں تبدیلی آگئی تو اس کے نتیجہ میں موجودہ نسل تصنع اور بناوٹ سے بھاگتی ہے اور چاہتی ہے کہ شاعری میں سادگی۔ صاف گوئی اور بے باکی سے کام لیا جائے۔

اس سلسلے میں جو لوگ انتہا پسند ہیں انھوں نے فحاشی اور عریانیت کو بھی اپنانے سے گریز نہیں کیا اسی لئے ان پر بناوٹ اور تصنع کا الزام آتا ہے یورپ میں تو فحاشی نے ادب میں اپنی ایک علٰحدہ اور مستقل حیثیت حاصل کرلی ہے جس کا بانی اور مبلغ فرائڈ سمجھا جاتا ہے۔ اس نے فحاشی کی حمایت میں منطقیانہ اور فلسفیانہ دلائل پیش کئے ہیں ایران میں بھی بہت سے لوگوں نے فرائڈ کی پیروی کی ہے۔ اس دورِ جدید میں یہاں نوجوان شاعروں کا ایک گروہ پیدا ہوا جس کا مقصد نئے طریقوں، نئے خیالات اور نئے طرز سے قوم و ملت کو برسوں کے خوابِ غفلت سے بیدار کرنا تھا ان نوجوان اور نوخیز شاعروں میں سے ایک نوجوان شاعر **نصرت رحمانی** ہے

نصرت کے کلام کا مجموعہ "کوچ" کے نام سے چھپ چکا ہے جو ہمارے پیشِ نظر ہے جس سے نصرت کے کلام کی بہت سی اہم خصوصیات کا پتہ چلتا ہے۔ شاعر جو کچھ دیکھتا ہے اس کو بیان کرنے میں جھجک اور ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتا۔ اسی لئے ہم کو اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ نصرت نے اپنے اشعار میں جو کچھ لکھا اور کہا ہے وہ حقیقت پر مبنی ہے ان میں ہم حق و صداقت کی بو پاتے ہیں نیز ان میں اپنے زمانے کے نوعِ بشر کے دُکھ درد، تکالیف و مصائب، شادی و غم اور رنج و راحت کی تصویر کشی کی گئی ہے۔

اس کے کلام میں ہم کمال کی روانی اور موسیقیت پاتے ہیں مندرجہ ذیل قطعات میں کس خوبی سے اپنی تشنگی کو بیان کرتا ہے۔

تشنہ ام، تشنہ ام! شراب شراب!
جامِ دیگر فشان مرا در کام!
قطرہ قطرہ بریز تا بہ سحر
شب بپاید، شود شراب تمام!

آگے چل کر کہتا ہے۔

نغمہ ای در فضای قافلہ رفت
کاروان! لحظہ ای درنگ درنگ!
دامنی سوخت، مادری گریید
آہ افسانہ ہا بدل دارم
کاروانی! مرا بجا بگذار!

بامیدی کہ نیست پابندم
دور شو، دست از سرم بردار

اے رفیقان! شمائی دانید
دل من بستہ است برایں شہر

ترسم آخر حدیث فاش کنم
بچکانید بر زبانم زہر

اس میں شک نہیں کہ نصرت جو کچھ کہنا چاہتا ہے صاف صاف کہتا ہے اور وہ کسی بات کو چھپا کر نہیں کہتا۔ اس کے کلام میں عریانی و برہنگی کا رنگ صاف جھلکتا ہے لیکن اس کے باوجود بھی ہم اس کو شاعر کی بداخلاقی اور گراوٹ نہیں کہہ سکتے بلکہ اس کو صرف نظریات کا فرق کہا جا سکتا ہے ہر شخص اپنے خیالات و افکار اور طرز کا مالک ہوتا ہے اور جس طرح چاہتا ہے بیان کرتا ہے جہاں اس کا مقصد ایک طرف یہ ہوتا ہے کہ اچھے الفاظ، نفرات اور محاورات استعمال کرے وہاں اس کا دوسرا مقصد یہ بھی ہوتا ہے کہ اس کے خیالات و افکار اونچے اور بلند ہونے کے ساتھ ساتھ عام فہم بھی ہوں اور ہر شخص کے لئے مؤثر ثابت ہوں اس مقصد کے لئے اس کا طرز ادا و طرز بیان کوئی بھی ہو سکتا ہے

مثال کے طور پر وہ اپنی نظم "فاحشہ" میں شاہدان بازاری اور عصمت فروشوں کا کس مؤثر طریقہ سے نقشہ کھینچتا ہے :-

بادمی پیچد ورشاخہ ی انجیر کہن
چند می خندد از خانہ ی ہمسایہ ی دور

ماہ مینابد بر چینہ ی دیوار بلند
جوی می گرید در زیر درخت انگور

وہ بتاتا ہے کہ ایک شاہد بازاری کس طرح اپنے رات کے خریدار کا انتظار کر رہی ہے اس منظر کا نقشہ کس قدر سیدھے سادے اور صاف الفاظ میں کھینچتا ہے :-

چشمہا دوختہ بر راہ، بامید کسی
اینک او است، ہماں کو چو کنار دیوار

لیکیا مزحق حق یک مرغ زکاجی کہنہ
ہزبانی دگرش نیست درایں وادی تار

پھر اسی کی زبان سے کہتا ہے :-

باخود اندیشہ کنز، گر گذرد رہگذری
چین بابرفگنم، خندہ کنم، ناز کنم
یا بہ پایش افتم، نالہ کشان گریہ کنان
تا سر گفتگوی خویش، براد باز کنم!

جس طرح ایک دوکاندار اپنے خریدار کے ساتھ اچھی طرح پیش آتا ہے اسی طرح ایک دختر بازاری یا عصمت فروش عورت کے لئے بھی ضروری ہے کہ وہ بھی اپنے گاہک کا خنداں پیشانی سے استقبال کرے خواہ اس کا دل چاہے یا نہ چاہے اسکو اپنی مرضی کے خلاف اپنے ہونٹ سی لینے پڑتے ہیں۔ اپنی زبان بند کر لینی پڑتی ہے۔ اس کو اپنی خواہشات و جذبات کو دبانا پڑتا ہے۔ نصرت ایک ایسی ہی بازاری عورت کی زبان سے کہتا ہے :-

چشمہا دوختہ ام بر رہ و لبہایم قفل
منم آں فاحشۂ زشت کہ در پیشۂ زیست

غازہ بر صورت خود میکشم از خون در دل
آہ آنکس کہ بیک لحظہ مرا خواہد نیست

ایک ویشیا کی زندگی بھی کیا ہے اسکو اپنی خواہشات اور احساس کا خون کرنا پڑتا ہے۔ وہ اپنے دلی تاثرات کو چہرہ سے ظاہر نہیں ہونے دیتی۔ ہزاروں چاہنے والے ہونے کے باوجود بھی اس کی نگاہیں ایک عاشق کو تلاش کرتی رہتی ہیں۔ کیونکہ وہ جانتی ہے کہ ان لوگوں کی چاہت صرف ہوس پرستی تک ہی محدود ہے۔ اسکے چہرہ پر غازہ ہے لیکن دل سے ہوک اٹھتی ہے! کاش میرا بھی کوئی ہوتا۔ وہ یہ سودا بازی نہ کرتا۔ اس کی سرد آہ سماج کے منہ پر ایک طمانچہ سے کم نہیں اب یہاں نصرت رحمانی کی خالص عریاں شاعری پیش کی جاتی ہے

نوبت:

حلقہ بر در زدم صدا برخاست

کیست ؟

گفتم کہ شاعر بد نام !

گفت :- امشب کہ نوبت تو نبود

شب دیگر بیا و لستان کام!

طاعون تنگ
باھمہ زنے لشترت کہ لبہا لیس

تف کردہ از لہیب نفسہا بود

نا آشنا غنود کنارمن !

اما .... چہ آشنا کہ ہوسہا بود

اسی صاف گوئی کے باعث جس میں حقیقت کا رنگ پایا جاتا ہے
جن لوگ اس کو فحش گوئی کہہ سکتے ہیں کیونکہ ایسے خیالات سے لوگوں
، چال چلن اور کردار پر برا اثر پڑ سکتا ہے لیکن کب تک حقیقت
باز کے پردے میں پیش کر کے عوام کو گمراہ کیا جائے۔ وہ اس بات
نا قف ہے کہ قدامت پسند اس کے کلام کو شعر ہی تسلیم نہیں کریں
،۔ وہ بڑے اچھے انداز میں جدید و قدیم کا موازنہ کرتا ہے - اور
، تقابل میں دکھاتا ہے کہ میرے شعر شعر نہیں کیونکہ اس میں لاشوں
ذکر ہے۔ سفید و سیاہ ہے۔ میرے اشعار میں خون شہید ہے۔ ترقی
ندی اور قدامت پرستی کے بارے میں اس کا احساس بہت شدید
۔۔ اسی وجہ سے اس نے اپنے مجموعۂ کلام مدکوچ کے آغاز میں ہی
، صاف گوئی سے کام لیا ہے۔ وہ کہتا ہے۔

ایں شعر نیست	لاشۂ مردیست پائیدار
ایں شعر نیست	خون شہید یست روی راہ
ایں شعر نیست	رنگ سیاہیست در سفید
ایں شعر نیست	رنگ سفید یست در سیاہ

وہ قدیم شاعری پر جس میں زندگی کے مسائل سے بحث نہیں کی
اتی تھی ۔ بلکہ گل و بلبل اور چنگ و رباب کے تذکرے ۔ سرود محفل
، یاد ہوتی تھی طنز کرتا ہے ۔ اور طنز بھی بہت گہرا ۔

گر شعر بود	مونس چنگ و رباب بود
گر شعر بود	از دل خود ریزد و دمش
گر شعر بود	بر لب یاراں سرود بود
گر شعر بود	ہمہ شیشی ضمیر رود دمش

نصرت اپنے آپ کو ہر نصیحت و طنز کا نشانہ بناتا ہے۔ وہ نہیں
چاہتا کہ اس سے کسی کی دل آزاری ہو ۔ اس لئے اس نے اپنی نظم
" تریاک" سے قبل چند فقروں میں ایرانی نوجوانوں سے معذرت
طلب کی ہے۔ اور کہتا ہے کہ میں نہیں چاہتا کہ کسی کو تہمت کا شبہ
بھی گزرے۔ کہتا ہے۔

آئینہ روشن روح ہنرمندان جوان ما از غبار گرفتہ باز نگار
گرفتہ پس شگفت نیست اگر بشنویم کہ در آغوش فراموشی
افیون آن نکل پناہ می برند
شعر زیر گلہ مادر از فرزند ہنرمند خویش است ولی این شکوہ
تنہا شکوۂ یک مادر نیست بلکہ شکوۂ ہمہ مادرہا و پدرہاست
کہ چشم براہ ہنر درخشان فرزندان خویش نشستہ اند۔
من در این شعر خود را ہمزبان آن دستہ از ہنرمندان قرار دادہ
ام تا شائبۂ تہمت بر کسی نرود "

نصرت چہ میکنی سر ایں پر نگاہ زرد
با پائے خویشتن بدل خاک می کشی
گم گشتہ ای بہ جنگل تاریک زندگی
نصرت شنیدہ ام کہ تو تریاک میکشی
نصرت تو شمع روشن یک خانوادہ !!
این دست کیست ۔ در رہ بادت نشاندہ است "

آدمی عشق میں اندھا ہو جاتا ہے۔ اور وہ آنکھیں بند کر کے
راہ مرگ پر چلتا ہے۔ نصرت تنبیہ کرتا ہے کہ اب بھی اس راہ مرگ
سے لوٹ آ :-

پرہیز کن ز قافلہ سالار راہ مرگ !
چون چشم بستہ بر سر چاہت کشاندہ است !

ایک شاعر کے لئے ضروری ہے کہ وہ کچھ نہ کچھ کہتا رہے۔ ورنہ جلدی اس کو بھلا دیا جاتا ہے۔ نصرت کو معلوم ہے کہ اس کے تمام ہنر و کمال کے باوجود بھی وہ تین ماہ میں فراموش کر دیا جاتا ہے۔

نیش ز سہ ماہ رفتہ کہ شعر نہ گفتہ ئے
اے مرغ خوش نوا ز چہ خاموش گشتہ ای
روزی بخویش آئی ببینی کہ ای دریغ
با این ہمہ ہنر تو فراموش گشتہ

نصرت جانتا ہے کہ لوگ اسے اچھے نام سے یاد نہیں کرتے۔ بلکہ وہ بدنام ہے۔ سب اس سے نفرت کرتے ہیں۔ وہ افسوس کرتا ہوا آگے بڑھتا ہے۔۔۔۔!

دلیشب ملیحہ دختر ہمسایہ طعنہ زد
آمد دوبارہ شاعر بدنام شہر ما
-- مادر! .... بس است ....
نزاں ......
فراموش کن مرا
باید کہ گفت :- شاعر ناکام شہر ما!

وہ زمانہ سے عاجز آگیا ہے۔ اپنی ماں سے شکایت کرتا ہے۔ اس کے دل پر ایک بوجھ ہے لیکن اس کی زبان گنگ ہے۔ وہ اپنا درد کس سے بیان کرے۔ "اے ماں! کیا تو نہیں جانتی کہ میں ایک شرابی ہوں؟"

مادر! بتنگ آمدم از دست ناکسان
دست از سرم بدار۔ نداني چہ می کشم!
در دلسیت بر دلم کہ زمانہ بریدہ است
این درد کی بہ گفتہ در آید کہ می کشم!

نصرت کے کلام میں موجودہ مسائل ہیں۔ جدید و قدیم کی لڑائی ہے وہ حقائق کو بیان کرنے سے گریز نہیں کرتا۔ بڑی بیباکی اور صاف گوئی سے کام لیتا ہے۔ صنف کے لحاظ سے نصرت نے بھی فارسی شاعری میں نئے نئے تجربے کئے ہیں۔ ظاہراً اس کی نظمیں آزاد ہیں لیکن وزن اور موسیقی اس کے یہاں بدرجۂ اتم ہے۔ تسلسل کو بڑے اچھے طریقے سے رکھتا ہے۔ سادگی اور روانی اس کی شاعری کے دو اہم عنصر ہیں

تقریباً ہر زبان میں منظوم خطوط پائے جاتے ہیں لیکن عام طور وہ محبوب کے نام ہوتے ہیں جس میں عموماً عشق و محبت راز و نیاز و وصال کی باتیں ہوتی ہیں لیکن نصرت کا خط اس کی بہن کے نام اس میں بے تکلفی ہے۔ اس کے اپنے مسائل ہیں۔ وہ اس بات کا ہی نہیں دیتا کہ اس کی بہن یا قاری کو یہ احساس ہو کہ یہ خط ادبی آدمی نے بھیجا ہے۔ جو دوسرے انسانوں سے مانند ہے۔ وہ اس سے بڑی خوبصورتی سے خطاب کرتا ہے۔

بفرما منت شوم خواہر!
بگو حالت چہ طور است؟
اگر احوال من جویا شوی۔ جانم
بحمد اللہ سلامت۔ زندہ ہستم
ملالی نیست بجز دوری دیدارت
نمیدانی کہ چون من دستخطت را
زیارت کردم ۔ ای خواہر
درون پوست از شادی نگنجیدم
...... بگو بینم۔

اب خط کی تمہید کے بعد دوسرے حالات و واقعات کس طرح سے بیان کرتا ہے یعنی اپنے گھر اپنے محلہ کے حالات دریافت کرتا اپنے باپ کے بارے میں پوچھتا ہے۔

بارے بگو خواہر! کہ بابا ترک کرد
تریاک را یا نہ ؟
کل اسمٰعیل رفت مکہ ؟
حسین از اجباری برگشت
ولی .... خواہر!
شنیدم کہ درین روزہائے بحرانی
تو ہم دختر زائیدی! جان؟

سخنہای گفتنی

سید عظمت علی رضوی

بی تو گر ساغرِ زمزم خون در رگم نشتر شود
بی دہم تبغت اگر آبی خورم خنجر شود

آج کا نیا ادب جو افراد کے دلوں پر پائداری کی مُہر ثبت کر رہا ہے پرانے نظریات کو بہت پیچھے چھوڑ چکا ہے، بیسویں صدی کے ابتدا میں دنیا کی تقسیم مکمل ہو چکنے کے بعد بارہ سال کی قلیل مدت میں ۶۲ کروڑ بیس لاکھ افراد نے دنیا کے ترقی پسند نظریات کی حمایت کی۔

درحقیقت آج کا نیا ادب امن، خوشحالی، اور بقائے باہم کے اصول پر نیک نیتی اور خلوص سے کاربند ہے، جو نسلی امتیاز، اور نفرت کے جراثیم کو قومی ڈھانچے سے پاک کرکے اخوت اور محبت کے آبِ حیات سے مردہ ادب میں جان ڈال رہا ہے، آج کے ماہر ادبیات و سماجیات اس پر متفق ہیں کہ دنیا کے سماج اور ادب کو نئے سانچے میں تبدیل کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

حقائق بتاتے ہیں کہ آج تک پرانے نظریات نے پسماندہ اقوام کو تہذیب و تمدن سے نا آشنا رکھا اور اُن کو اپنے قدرتی وسائل سے بہرہ ور ہونے کا موقع نہ دیا۔ جس سے یہ بات صاف ظاہر ہے کہ نظریاتِ پارینہ کو تہذیب و تمدن پھیلانے سے کوئی واسطہ نہیں بلکہ وہ اپنے خصوصی مفاد کو سامنے رکھ کر کام کرتے ہیں دوسری قابلِ اعتراض بات یہ ہے کہ نظریاتِ جدید کی پرزور مخالفت کرکے بقائے باہم کے اصول کو بھلا دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

ہمارا ہندوستان اور اسکے قومی ہیرو پنڈت نہرو نے پنچ شیل کا قابلِ قبول نظریہ دنیا کے سامنے رکھ کر یہ ثابت کر دیا کہ "جیو اور جینے دو" کی پالیسی ہی ایک ایسی پالیسی ہے جس پر قومی ترقی کا انحصار ہے اگر آج کچھ ملک اسے قبول نہیں کرتے تو وہ دن بھی قریب ہے کہ وہاں کے عوام اپنی نا اہلیت سے اسے قبول کرنے پر آمادہ ہو جائیں کچھ ملک اس نظریہ کے خلاف ہو کر ہمیں قابلِ ملامت ٹھہراتے ہیں مگر ہم ان سے بھی خوش ہیں۔

ور کنیم ملامت کشیم و خوش باشیم
کہ در طریقت ما کافریست رنجیدن

ہندوستان کے قومی ہیرو گاندھی جی نے ہندوستان کو جو محبت کا پیغام دیا اگرچہ اُس پر ہم سب عمل نہیں کرتے پھر بھی حکمران پارٹی کے زائد افراد اسی نظریہ کی تائید میں ہیں

سنگِ ملامتی کہ بہم بشکند مرا
چون کعبہ واجب است بجان احترام او

غرضکہ ہندوستان پرانے نظریہ والوں کو بھی عزیز رکھتا ہے اور نئے نظریہ والوں کا بھی احترام کرتا ہے۔ آج کل جدید رجحانات رکھنے والوں اور پُرانے خیالات پر عمل کرنے والوں میں کافی رسہ کشی دیکھنے میں آتی ہے۔ ایک کے دل میں دوسرے کی طرف سے کوئی گنجائش نہیں اس لئے دونوں یہی کہتے ہیں

"می نمائی لطف" — "لیکن کینہ داری در نہان" ؎
"چون شراب اندر نظر آب است" — "اما آتش است"

دنیا میں ہندوستان ہی ایک ایسا ملک ہے جس نے "محبت کو جنم دیا" اور "محبت کرنے والوں کو" اپنی آغوش میں لیا، چنانچہ جی

کی محبت نے "پاکبازی" جد و جہد، اور خود اعتمادی، کا سبق دیا تو کرشن جی کی محبت نے خدا پرستی، اور ہمہ اوست، کے فلسفہ کو رائج کر کے کمزوروں کی پشت پناہی کرنا بتایا۔ اور یہ بھی بتایا کہ طاقت کا مفہوم جبر و استبداد نہیں بلکہ" رحم و مروت" بھی ہے جو بڑی سے بڑی طاقت کو شکست دے سکتا ہے۔

اسی طرح تلسی داس۔ بھگت سورداس۔ میرا۔ کبیر۔ اور ٹیگور کے نغموں نے دنیا کو محبت خلوص اور پاکبازی کا درس دیا۔ امیر خسرو نے ہندی ادب سے تہران۔ شیراز بلخ اور بخارا کے لوگوں کو باخبر کیا اور اُن کے ادب کو ہندی عوام تک پہنچانے کا کام انجام دیا۔

ہندوستان کے فرہنگی تعلقات افغانستان۔ پاکستان ایران چین۔ برطانیہ۔ اور روس سے بہت قریبی ہیں۔ ان ملکوں کے ادبی شاہکار ہماری نظر کے سامنے ہیں جو ہمارے لئے قابل استفادہ ہیں

روس کے ثقافتی روابط ہندوستانیوں کو عزیز ہیں روسی ادیبوں سے تعارف اور اُن سے واقفیت کیلئے ہم ثقافتی کارکنوں کے ممنون ہیں۔ جو ہر قسم کی ثقافتی معلومات ہندی عوام کے لئے شائع کر کے ان کے ذوق تجسس کی آبیاری کر رہے ہیں، ان میں سے بعض چیزیں جیسے "ہندوستان کا فن" نامی البم جس میں عہد ماضی سے دور حاضر تک کے شاہکار شائع کئے ہیں اسکے علاوہ ڈاکٹر ٹیگور کے ترجمے اور منشی پریم چند کی تخلیقات نیز فردوسی حافظ اور سعدی کے کلام کی اشاعت قابل ذکر ہیں۔ سب سے اہم حافظ شیرازی کے ہاتھ کی لکھی ہوئی حضرت امیر خسرو کی مثنوی کا نادر روزگار نسخہ کی فراہمی ہندوستانی عوام کیلئے انتہائی مسرت کا باعث ہے، اس لئے کہ ہندوستانی عوام جو حضرت امیر خسرو اور حافظ شیرازی سے والہانہ عقیدت رکھتے ہیں حضرت حافظ کا طرز تحریر دیکھنے کے مشتاق ہیں اگر محکمہ ثقافت اس تحریر کے فوٹو شائع کر کے ہندوستانی عوام تک پہنچا دے تو مزید تشکر کا باعث ہو۔

بیگانہ را برسم تکلف کنند دوست
جائیکہ دوستی است تکلف چہ حاجت است

ادارہ آہنگ روسی فنکاروں۔ شاعروں اور ادیبوں پر تبصرہ کا ایک مستقل سلسلہ شروع کر رہا ہے جو آئندہ اشاعتوں میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

روس کے بعد فرہنگی تعلقات میں ہمارا پڑوسی ملک ایران بھی ہندیوں سے پُرخلوص تعلقات رکھتا ہے۔ ایران سے ہند کے تعلقات ہزاروں سال پرانے ہیں، ہماری موجودہ تہذیب زیادہ تر ایرانی تہذیب کی مرہون منت ہے۔ ہندوستانی عوام ایرانی عوام کو ہندوستان ہی سے گئے ہوئے آرین نسل کی برادری کا ایک کنبہ سمجھتے ہیں۔

ہندی ادب اور ہندی ادیبوں پر آقائی علی اصغر حکمت نے جو ایران کے وزیر خارجہ ہیں ہندی ادب پر بہت کچھ لکھا ہے ہمیں ان کے وہ اشعار جو تلسی داس۔ میرا۔ بھگت سورداس اور کبیر پر لکھے ہیں یاد ہیں۔ یہ کتاب اپنی گرانی کے باعث عوام کے ہاتھوں تک نہیں پہنچ سکی اس لئے ہند کے عوام اس سے بیخبر رہے آقائی علی اصغر حکمت کا، ہمارے محبوب رہنما پنڈت نہرو پر مضمون ان کے انتہائی خلوص کا آئینہ دار ہے۔

ایران نے ڈاکٹر ٹیگور کے نغموں کے ترجموں کے علاوہ ہندی ادب پر کثیر تعداد میں کتابیں لکھی ہیں اگر ان کے اردو ترجمے اور ایرانی ادیبوں پر تبصرے اور انکے کلام کے نمونے چھاپے جائیں تو ہندی عوام اُن کے شکر گذار رہیں گے اسلئے کہ ایرانی ادب اور شاعری سے دلچسپی رکھنے والے لاکھوں عوام، ایرانی عوام کو زیادہ سمجھنا چاہتے ہیں اور فارسی سے خاص لگاؤ رکھتے ہیں۔

مقام گوہر شہوار در گنجینہ می باید
بیاض از سینہ باید ساخت" شعر انتخابی را"

خبریں

سوویت یونین میں اردو زبان و ادب کا مطالعہ

اردو زبان اور ادب کا مطالعہ اب کئی سال سے لینن گراڈ، ماسکو اور وسط ایشیا کی یونیورسٹیوں میں، اور ماسکو کے مشرقی علوم کے انسٹی ٹیوٹ متعلقہ سائنسوں کی اکاڈمی اور بین الاقوامی تعلقات کے انسٹی ٹیوٹ میں کیا جا رہا ہے۔

اکادیمیشین برانی کوف اور ان کے شاگرد دسکروفنی شنیانیف، لیور شنیکو اور بعض دوسرے شاگردوں نے ہی پہلے پہل اردو زبان کے مطالعے کی ترویج کی اور سوویت یونین کے اعلیٰ اسکولوں میں اس کی تعلیم کے طریقے متعین کئے۔ ۱۹۳۲ء میں اکادیمیشین برانی کوف نے "ہندوستانی (اردو اور ہندی) قواعد" کی پہلی اشاعت مرتب کی۔ اس قواعد کی توسیع شدہ اور نظر ثانی کی ہوئی دوسری اشاعت ۱۹۵۶ء میں شائع ہوئی۔ برانی کوف نے بعض دوسری قابل قدر کتابیں بھی تیار کی تھیں۔ ان میں سب سے اہم دو جلدوں پر مشتمل ایک انتخاب "عصر حاضر کا ہندوستانی فکشن" ہے، جس میں شرح اور تبصروں کے علاوہ جدید اردو ادب کے ارتقا پر تمہیدی مضامین بھی شامل ہیں۔ اس انتخاب میں اکادیمیشین برانی کوف نے اردو ادب کے مقتدر اساتذہ مثلاً نظیر اکبرآبادی، الطاف حسین حالی، شبلی نعمانی کی تصانیف سے اقتباسات شامل کئے ہیں۔ انتخابات کی پہلی اور دوسری جلد میں جو فرہنگ شامل تھی وہ دراصل اردو۔ روسی کی سب سے پہلی لغت تھی جو شائع ہوئی۔

ان کے علاوہ اکادیمیشین برانی کوف نے اردو ادب کے ارتقا پر بہت سے مضامین اور کتابچے لکھے ہیں۔ "جدید ادب کا مختصر جائزہ" (۱۹۳۲ء) اور "اردو پریس" (۱۹۳۵ء) خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

جنگ کے بعد کا دور

اردو زبان اور ادب کے مطالعے کا دائرہ جنگ کے بعد خاص طور پر وسیع ہوا ہے۔ یونیورسٹیوں اور دوسرے اعلیٰ اسکولوں نے جہاں اس کی تعلیم دی جاتی ہے، بہت سی مفید نصابی کتابیں، رسالے، منتخبات اور لغات مرتب کی ہیں۔ اردو زبان کی تاریخ اور اسکے قواعد کے مخصوص مسائل پر کئی دلچسپ کتابیں لکھی گئی ہیں۔ اردو کے مطالعے کے سلسلے میں ایک بہت بڑا اضافہ اردو۔ روسی لغت کی اشاعت ہے جو ۱۹۵۱ء میں ہوئی۔ یہ لغت دسکروفنی اور کراس لودسکی نے مرتب کی ہے۔ بہت سے نوجوان عالم اپنے مقالے اردو قواعد اور ادب پر تحریر کرتے ہیں۔ مثلاً ۱۹۵۴ء میں لینن گراڈ کے ایک نوجوان عالم زوگراف کو اس کے مقالے "انیسویں صدی کی ابتدا میں اردو نثر کی نمایاں خصوصیات" پر ایم۔ ایس۔ سی کی ڈگری ملی تھی۔ ۱۹۵۶ء میں سولنتسیوا نے کامیابی کے ساتھ اپنا مقالہ جدید اردو کی سماجی اور سیاسی اصطلاحات پیش کیا۔

ہمارا مقصد۔ گہرے ثقافتی رشتے

سوویت یونین میں اردو زبان اور ادب اور دوسری غیر ملکی زبانوں اور ادب کے مطالعے کا مقصد یہ ہے کہ ہندوستان اور دوسرے ملکوں کے لوگوں کے ساتھ ثقافتی رشتے اور زیادہ بڑھائے جائیں۔ ہندوستانی لوگوں کے روحانی ورثے کے بارے میں مزید علم حاصل کرنا، نئی روحانی قدروں کو اپنے دامن میں سمیٹنا، عالمی ثقافت کے ارتقا کی راہ کو بہتر طور پر سمجھنا، یہ ہے سوویت یونین کے ماہرین علم الہند کا مقصد اور اسی مقصد کے پیش نظر سوویت یونین

کے متعدد تعلیمی اور علمی ادارے اردو ادب کے شعبے میں وسیع تحقیقاتی کام کر رہے ہیں۔

سوویت یونین کی سائنسوں کی اکادمی کے مشرقی علوم کے ادارے میں ایک پوسٹ گریجویٹ طالب علم نے اپنے مقالے کیلئے اردو نظم کا موضوع منتخب کیا ہے۔ اس نے نظیر اکبر آبادی۔ غالب، حالی اور اقبال کے کلام کا بڑی احتیاط سے تجزیہ کیا ہے، اور کچھ حصوں کا روسی زبان میں ترجمہ بھی کیا ہے۔

عصر حاضر کے اردو ادب پر بھی کافی توجہ دی جا رہی ہے۔ کئی سال ہوئے شتشکن نے کرشن چندر کی تصانیف پر ایک مقالہ پیش کیا تھا جس پر اسے ایم۔ ایس۔ سی کی ڈگری ملی۔ اردو تصانیف کو روسی زبان میں ترجمہ کرنے کا کام بھی جو کہ گذشتہ دس برس سے ہو رہا ہے بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ آج سوویت یونین کے ناظرین میر امن دہلوی کی "باغ و بہار" "طوطا مینا" کی کہانی، اقبال کی شاندار نظمیں اور احمد ندیم قاسمی اور ابراہیم جلیس کی کہانیاں روسی زبان میں پڑھ سکتے ہیں۔ کرشن چندر کے انتخابات کا ایک علیحدہ ایڈیشن ۱۹۵۵ء میں شائع ہوا، اور حال ہی میں انکے ناول "شکست" کا روسی زبان میں ترجمہ ہوا ہے جو جلد ہی کتاب کی دکانوں پر نظر آئے گا۔

اُردو شاعری کا جادو

سوویت یونین میں جو لوگ مشرقی شاعری کے دلدادہ ہیں، ان کے لئے ۱۹۵۶ء میں "اردو شعرا کے کلام" کے ایک مجموعے کی اشاعت ایک عظیم الشان واقعے کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس مجموعے میں اقبال، جوش ملیح آبادی، فراق گورکھپوری، فیض احمد فیض، مجاز، ساحر لدھیانوی اور دوسرے شعرا کی نظموں کے ترجمے شامل ہیں۔ اس حقیقت کے پیش نظر کہ جب شاعری کے پودے اپنی زبان کی زمین سے اکھاڑ کر دوسری زمین پر لگایا جائے تو اس کا حسن کم ہو جاتا ہے، جن ترجموں کا ذکر اوپر ہوا ہے انہیں خامیوں سے پاک نہیں کہہ سکتے پھر بھی ان اشعار کی موسیقی، ان کے شعری حسن اور ان کے تغزل نے اور نظموں کے پیغامات نے سوویت یونین کے ناظرین کو مسحور کر دیا ہے۔

افسانوی ادب اور نظم کا اشاعت گھر "مشرقی جنتری" کی اشاعت میں اُردو کے عظیم شاعر مرزا غالب کی چند غزلوں کے اور ان کی زندگی اور تخلیقی کاوش پر ایک مضمون شائع کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔

(بشکریہ سوویٹ دیس)

سوویت یونین کی مدد سے ہندوستان میں بھاری مشین سازی کا کارخانہ

صوبہ بہار کے ہٹیا نامی گاؤں میں بھاری مشین سازی کا کارخانہ کھولا جا رہا ہے جسکے متعلق حکومت روس سے معاہدہ ہو چکا ہے۔ یہ کارخانہ ہندوستان میں بھاری مشین سازی کا واحد کارخانہ ہوگا جس میں ہر سال تقریباً ۸۰ ہزار ٹن مشینیں بنائی جایا کریں گی۔

پنڈت جواہر لال نہرو کا پیغام تہنیت

تاشقند میں ادیبوں کی کانفرنس کے کارکنان کو

ثقافتی کارکنوں کا اس ماہ تاشقند میں عظیم ترین اجتماع اس بات کی نشاندہی ہے کہ جمہوریہ روس ایشیائی اور افریقی ادب کی حوصلہ افزائی چاہتا ہے چنانچہ الجزائر، افغانستان، برما، ہندوستان، چین، نائیجیریا، عرب جمہوریہ، سوڈان، سیلون، جاپان غرضکہ ۳۰ ملکوں کے ادیبوں کو دعوت دے کر روس نے ثقافتی اتحاد کا نیا باب کھولا ہے۔

ہندوستان کے وزیر اعظم نے اپنے ایک پیغام میں اس بات کی اُمید ظاہر کی ہے کہ کانفرنس امن اور خیرسگالی کیلئے ایک اپیل جاری کرے۔ انہوں نے کانفرنس کی کامیابی کے لئے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ اس کانفرنس میں شریک ہونے والے ہندوستانی ۱۷ ادیبوں نے اس کانفرنس میں شرکت کی۔

امید ہے کہ آئندہ روس و ہند کے ثقافتی رشتے زیادہ مضبوط ہو جائیں گے۔

حیدر عظمت علی ... پرنٹر پبلشر نے ... آباد پریس سے ... ۳۱۰ ... ترجمہ میر عاشق جاودانی بلڈ اردو ... سے شائع کیا